٥۔ خِلَالَ	قَدْ زُرْتُ لَاهُوْرَ خِلَالَ الْاِجَازَةِ الصَّيْفِيَّةِ میں نے لاہور کو گرمی کی چھٹیوں میں دیکھا۔
٦۔ اَلْاِجَازَاتُ	قَدْ زُرْتُ لَاهُوْرَ خِلَالَ الْاِجَازَةِ الصَّيْفِيَّةِ میں نے لاہور کو گرمی کی چھٹیوں میں دیکھا۔
٧۔ جَامِعَةٌ	فِیْ لَاهُوْرَ ثَلَاثُ جَامِعَاتٍ لاہور میں تین یونیورسٹیاں ہیں۔
٨۔ ضَرِيْحُ	هَلْ قَدْ رَأَيْتَ ضَرِيْحَ النَّبِیِّ؟ کیا آپ نے روضہ نبی ﷺ دیکھا ہے؟

س6۔ تَرْجِمْ اِلَی الْعَرَبِیَّۃِ:

عربی ترجمہ کریں:

#	اردو	عربی
۱۔	آئندہ گرمیوں کی چھٹیوں میں ہم کراچی جائیں گے۔	سَنَذْهَبُ اِلٰی كَرَاتَشِی خِلَالِ الْاِجَازَاتِ الصَّيْفِيَّةِ الْقَادِمَةِ
۲۔	لاہور میں تین یونیورسٹیاں ہیں۔	فِیْ لَاهُوْرِ ثَلَاثُ جَامِعَاتٍ
۳۔	گورنر ہاؤس شاہراہ قائداعظم پر واقع ہیں۔	يَقَعُ مَقَرُّ الْحَاكِمِ عَلٰی شَارِعِ الْقَائِدِ الْاَعْظَمِ۔
۴۔	میں نے لاہور کی بادشاہی مسجد دیکھی	لَقَدْ زُرْنَا الْمَسْجِدَ الْمَلِكِّیَ بِلَاهُوْرَ
۵۔	واپڈا ہاؤس چڑیا گھر کے سامنے ہے۔	مَقَرُّ سَلْطَةِ وَتَنْمِيَةِ الْمِيَاهِ وَالْكَهْرُبَاءِ اَمَامَ حَدِيْقَةِ الْحَيَوَانَاتِ
۶۔	مجھے مور اور اس کا ناچ بہت پسند آیا	اَعْجَبَتْنِی الطَّوَاوِيْسَ وَرَقْصَهَا

......☆......

اَلدَّرسُ الْخَامِسُ عَشَرَ : (پندرھواں سبق)

منتخب نثر نمبر (۲)

لَطَائِفُ جُحَا

جُحَا کے لطائف

حل لغات:

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
۱۔ لَطَائِف	لطیفے	۲۔ حُمْقٰی	بیوقوف
۳۔ نَادِرَةٌ	عجیب وغریب	٤۔ نُكَتٌ	لطیفے
۵۔ مُثِيرَةٌ	ابھارنے والے	٦۔ حَمَّامُ	غسل خانہ
۷۔ سُرِقَتْ	چرالیے گئے	۸۔ ثِيَابٌ	کپڑے
۹۔ أَعْلَمُ	میں جانتا ہوں	۱۰۔ اَللِّصُّ	چور
۱۱۔ يَسْمَعُ	وہ سنتا ہے	۱۲۔ فَزِعَ	وہ خوفزدہ ہوا
۱۳۔ ظَنَّ	اس نے گمان کیا	١٤۔ فَطِنَ	اس نے پہچان لیا
۱۵۔ رَدَّ	لوٹا دیا	۱٦۔ إِنِّي	میں
۱۷۔ سَمِعْتُ	میں نے سنا	۱۸۔ تَقُوْلُ	وہ کہتا ہے
۱۹۔ عَدِمْتُ	میں نے کھو دیے	۲۰۔ مُتُّ	میں مرجاؤں گا
۲۱۔ بَرْدٌ	ٹھنڈ	۲۲۔ مَرَضٌ	بیماری
۲۳۔ أَطَالُوْا	انھوں نے دیر کی	۲٤۔ جُلُوْسٌ	بیٹھنا
۲۵۔ وِسَادَةٌ	تکیہ	۲٦۔ قَامَ	وہ کھڑا ہوا
۲۷۔ شَفٰی	شفا دی	۲۸۔ قُوْمُوْا	اٹھو۔ کھڑے ہو جاؤ
۲۹۔ اِذْهَبُوْا	جاؤ (جمع)	۳۰۔ مَرَّ	گزرا
۳۱۔ رَئِيْسُ الْحَرَسِ	سپاہی۔ تھانیدار	۳۲۔ مُنْتَصِفُ اللَّيْلِ	آدھی رات

لفظ	معنی	لفظ	معنی
٣٣۔ يَدُوْرُ	وہ چکر لگاتا ہے	٣٤۔ شَوَارِع	سڑکیں
٣٥۔ يَبْحَثُ	وہ تلاش کرتا ہے	٣٦۔ هَرَبَ	دوڑ گیا
٣٧۔ نَوْمٌ	نیند	٣٨۔ سُئِلَ	پوچھا گیا
٣٩۔ أَمْ	یا	٤٠۔ قَادِمٌ	آئندہ آنے والا
٤١۔ نَصِيْرُ	ہم ہو جائیں گے	٤٢۔ رُئِيَ	دیکھا گیا
٤٣۔ دَارٌ	گھر	٤٤۔ يَعْدُوْ	وہ پڑھ رہا ہے
٤٥۔ صَوتٌ عَالٌ	اونچی آواز	٤٦۔ أَرَدْتُ	میں ارادہ رکھتا ہوں
٤٧۔ اَسْمَعُ	میں سنوں	٤٨۔ بَعِيْدٍ	دور
٤٩۔ بُسْتَانٌ	باغ	٥٠۔ تَعَلَّقَ	اٹک گئے۔پھنس گئے
٥١۔ بَهِيْمَةٌ	چوپایا۔جانور	٥٢۔ كَسَرْتُ	میں توڑ دیتا ہوں
٥٣۔ أَنْفٌ	ناک	٥٤۔ يَمُرُّ	وہ گزرتا ہے
٥٥۔ صَدِيْقٌ	دوست	٥٦۔ مُرْتَفِعَةٌ	اونچا۔بلند
٥٧۔ أَيَّةٌ	کوئی ایک	٥٨۔ مَنَارَةٌ	مینار
٥٩۔ يَبْنُوْنَ	وہ تعمیر کرتے ہیں	٦٠۔ بِئْرٌ	کنواں
٦١۔ مَقْلُوْبَةٌ	الٹا	٦٢۔ قِيْلَ	کہا گیا
٦٣۔ اِمْرَآةٌ	عورت	٦٤۔ أَضَاعَتْ	اس نے ضائع کر دی
٦٤۔ فَكَّرَ	سوچا	٦٤۔ قَلِيْلٌ	کم۔تھوڑی
٦٥۔ فَدَعِيْ	مجھے چھوڑ دو	أَتَذَكَّرُ	میں یاد کروں

اردو ترجمہ

وَمِنْ حَمْقَى الْعَرَبِ جُحَا وَلَه' لَطَائِفُ نَادِرَةٌ وَّنُكَتٌ مُّثِيْرَه'

مِنْهَا:

جحا عرب کے احمقوں میں سے تھا۔اس کے عجیب وغریب اور پر اثر لطیفے ہیں:

۱۔ دَخَلَ جُحَا الْحَمَّامَ فَسُرِقَتْ ثِيَابُه' فَجَعَلَ يَقُولُ : أَنَا أَعْلَمُ أَنَا أَعْلَمُ! وَاللِّصُّ يَسْمَعُه' فَفَزِعَ وَظَنَّ أَنَّه' قَدْ فَطِنَ بِهٖ فَرَدَّهَا وَقَالَ لَه': إِنِّيْ سَمِعْتُكَ تَقُولُ: أَنَا أَعْلَمُ فَمَا الَّذِيْ تَعْلَمُ؟ قَالَ : أَعْلَمُ أَنَّه' إِنْ عَدِمْتُ ثِيَابِيْ مُتُّ مِنَ الْبَرْدِ۔

۱۔ جحا حمام میں داخل ہوا تو اسکے کپڑے چرالیے گئے پس وہ کہنے لگا میں جانتا ہوں میں جانتا ہوں! چور یہ سن رہا تھا پس وہ خوفزدہ ہوگیا اور اس نے سوچا کہ اس کو پتا چل گیا ہے۔ پس اس نے واپس لوٹا دیے۔ اس نے اس (جحا) سے کہا میں نے تجھے کہتے ہوئے سنا ہے کہ میں جانتا ہوں پس تو کیا جانتا ہے اس (جحا) نے کہا میں جانتا ہوں کہ اگر میں نے کپڑے کھودیئے تو یقیناً میں سردی سے مرجاؤں گا۔

۲۔ عَادَ قَوْمُ جُحَا فِيْ مَرَضِهٖ وَأَطَالُوا الْجُلُوْسَ عِنْدَه' فَأَخَذَ وِسَادَتَه' وَقَامَ وَقَالَ : قَدْ شَفَى اللّٰهُ مَرِيْضَكُمْ قُوْمُوْا وَاذْهَبُوْا۔

۲۔ جحا کی قوم نے اسکی بیماری میں اس کی عیادت کی وہ اس کے پاس دیر تک بیٹھے رہے۔ پس وہ اپنا تکیہ پکڑ کر اٹھ کھڑا ہوا اور کہنے لگا اللہ نے تمھارے مریض کو شفا دے دی ہے اٹھو اور جاؤ۔

۳۔ مَرَّ رَئِيْسُ الْحَرَسِ بِجُحَا فِيْ مُنْتَصِفِ اللَّيْلِ وَهُوَ يَدُوْرُ فِي الشَّوَارِعِ كَمَنْ يَبْحَثُ عَنْ شَيْءٍ فَسَأَلَه': عَمَّا ذَا تَبْحَثُ؟ قَالَ جُحَا : هَرَبَ مِنِّيْ نَوْمِيْ وَأَنَا أَبْحَثُ عَنْهُ۔

۳۔ آدھی رات کو تھانیدار جحا کے پاس سے گزرا وہ سڑکوں پر چکر لگا رہا تھا جیسے کہ کوئی شے تلاش کر رہا ہو۔ پس اس (تھانیدار) نے پوچھا تو کیا چیز تلاش کر رہا ہے۔ جحا نے کہا ''مجھ سے میری نیند بھاگ گئی ہے اور میں اسے تلاش کر رہا ہوں''

٤۔ سُئِلَ جُحَا يَوْمًا ، أَنْتَ أَكْبَرُ أَمْ أَخُوْكَ؟ فَقَالَ : إِنِّيْ أَكْبَرُ مِنْهُ بِسَنَةٍ وَفِي الْعَامِ الْقَادِمِ نَصِيْرُ نَحْنُ الْإِثْنَانِ فِيْ عُمْرٍ وَّاحِدٍ۔

۴۔ جحا سے ایک روز پوچھا گیا کہ تو بڑا ہے یا تیرا بھائی؟ اس نے کہا میں اس سے ایک سال بڑا ہوں اور آئندہ آنے والے سال میں ہم دونوں ایک ہی عمر کے ہوجائیں گے۔

٥۔ رُئِيَ جُحَا فِي وَسَطِ دَارِهِ وَهُوَ يَعْدُوعَدْوًا شَدِيْدًا وَّيَقْرَأُ بِصَوْتٍ عَالٍ فَسُئِلَ عَنْ ذٰلِكَ فَقَالَ: اَرَدْتُّ أَنْ أَسْمَعَ صَوْتِيْ مِنْ بَعِيْدٍ۔

٥۔ جحا کو گھر کے صحن میں دیکھا گیا وہ زور زور سے اونچی آواز کے ساتھ پڑھ رہا تھا اس سے اس کے بارے میں پوچھا گیا میں چاہتا ہوں کہ میں آواز اپنی کو دور سے سنوں۔

٦۔ دَخَلَ جُحَا الْبُسْتَانَ فَتَعَلَّقَ ثَوْبُه' بِشَجَرَةٍ فَالْتَفَتَ وَقَالَ: لَوْ لَا أَنْتِ بَهِيْمَةٌ لَّكَسَرْتُ أَنْفَكِ۔

٦۔ جحا باغ میں آیا تو اس کے کپڑے کسی درخت کے ساتھ پھنس گئے اس نے اس کو دیکھا اور کہا ''اگر تو جانور نہ ہوتا تو میں ضرور تیری ناک توڑ دیتا''۔

٧۔ كَانَ جُحَا يَمُرُّمَعَ صَدِيْقٍ لَّه' فَرَأىٰ مَنَارَةً مُّرْتَفِعَةً وَّلَمْ يَكُنْ صَدِيْقُه' قَدْرَأىٰ اٰيَةَ مِنَارَةٍ مِنْ قَبْلُ فَقَالَ: كَيْفَ يَبْنُوْنَ هٰذِهٖ؟ فَقَالَ جُحَا: هٰذِهٖ بِئْرٌ مَّقْلُوْبَةٌ۔

٧۔ جحا اپنے دوست کے ساتھ گزر رہا تھا تو اس نے ایک اونچا مینارہ دیکھا اس کے دوست نے پہلے کبھی کوئی ایسا مینارہ نہیں دیکھا تھا اس نے پوچھا اس کو کیسے تعمیر کرتے ہیں۔ جحا نے جواب دیا ''یہ الٹا کنواں ہے''

٨۔ قِيْلَ لِجُحَا: إِنَّ امْرَاتَكَ قَدْ أَضَاعَتْ عَقْلَهَا فَفَكَّرَ قَلِيْلًا۔ ثُمَّ قَالَ: أَنَا أَعْلَمُ أَنَّه' لَا عَقْلَ لَهَا فَدَعْنِيْ أَتَذَكَّرُ مَا الَّذِيْ أَضَاعَتْهُ۔

٨۔ جحا سے کہا گیا کہ بے شک تیری بیوی نے عقل کھو دی ہے پس اس نے تھوڑی دیر سوچا پھر کہا میں جانتا ہوں کہ اس کے پاس عقل نہیں پس مجھے یاد کرنے دو اس نے کیا کھویا ہے۔

اَلتَّمَارِيْنُ

س1۔ أَجِبْ عَنِ الْأَسْئِلَةِ الْاٰتِيَةِ:

نیچے دیئے ہوئے سوالات کے جوابات دیں:

١۔ مَتٰى سُرِقَتْ ثِيَابُ جُحَا؟

جحا کے کپڑے کب چرائے گئے؟

حِيْنَ هُوَ فِي الْحَمَّام

۲۔ مَاذَا جَعَلَ جُحًا يَقُوْلُ وَهُوَ دَاخِلَ الْحَمَّامِ؟

جب وہ حمام میں داخل ہوا تو کیا کہنے لگا؟

يَقُوْلُ : أَنَا أَعْلَمُ أَنَا أَعْلَمُ

۳۔ مَنِ الَّذِيْ فَزَعَ حِيْنَ سَمِعَ صَوْتَ جُحًا وَهُوَ فِي الْحَمَّامِ؟

حمام سے جحا کی آواز سن کر کون خوفزدہ ہوا؟

كَانَ هُوَ السَّارِقُ

٤۔ عَمَّاذَا كَانَ يَبْحَثُ جُحَاحِيْنَ مُرَّبِهِ رَئِيْسُ الْحَرَسِ

جب تھانیدار جحا کے پاس سے گزرا تو وہ کیا تلاش کررہا تھا؟

يَبْحَثُ عَنْ نَوْمِهِ

س2۔ ضَعْ أَسْئِلَةً يُّمْكِنُ أَنْ تَكُوْنَ الْجُمَلُ الْآتِيَةُ أَجْوِبَةً لَهَا۔

ایسے سوالات بنائیں کہ درج ذیل سوالات ان کے جوابات بن جائیں۔

۱۔ كَانَ يَعْدُوْا عَدْوًا فِيْ وَسَطِ دَارِهِ۔

وہ گھر کے صحن میں اونچی آواز میں پڑھ رہا تھا۔

أَيْنَ يَعْدُوْا جُحًا؟

۲۔ كَانَ يَقْرَاءُ بِصَوْتٍ عَالٍ۔

وہ اونچی آواز سے پڑھ رہا تھا۔

كَيْفَ يَقْرَأُ جُحًا؟

۳۔ تَعَلَّقَ ثَوْبُ جُحَا بِشَجَرَةٍ۔

جحا کے کپڑے درخت سے اٹک گئے۔

أَيْنَ تَعَلَّقَ ثَوْبُ جُحًا؟

س3۔ شَكِّلِ الْجُمَلَ التَّالِيَةَ:

نیچے دیئے ہوئے جملوں کو اعراب لگائیں۔

۱۔ كَانَ جُحَا يَقْرَأُ بِصَوْتٍ عَالٍ۔

۲۔ دَخَلَ جُحًا بُسْتَانًا فَتَعَلَّقَ ثَوْبُهُ بِشَجَرَةٍ۔

۳۔ رَأَى جُحًا مَنَارَةً فَظَنَّهَا بِئْرًا مَقْلُوْبَةً

س4۔ صَحِّحِ الْجُمَلَ الْآتِیَةَ:

نیچے دیئے ہوئے جملوں کو درست کریں۔

۱۔ كَانَ جُحًا مِنْ عَرَبِ الْحَمْقٰى

كَانَ جُحًا مِنْ حَمْقٰى الْعَرَبِ

۲۔ عَادُوا الْقَوْمُ الْجُحًا فَأَطَالَ الْجُلُوسَ عِنْدَهٗ

عَادَ قَوْمٌ جُحًا فَأَطَالُوا الْجُلُوسَ عِنْدَهٗ

۳۔ رَآهُ الرَّئِيسُ الْحَرَسِ فِي الْمُنْتَصِفِ اللَّيْلِ۔

رَآهُ رَئِيسُ الْحَرَسِ فِي مُنْتَصِفِ اللَّيْلِ

س5۔ اِسْتَخْرِجْ خَمْسَةً مِنَ الْأَفْعَالِ الْمُعْتَلَّةِ مِنْ هٰذَا الدَّرْسِ ثُمَّ صَرِّفْهَا تَصْرِيفَ الْمُضَارِعِ وَالْأَمْرِ وَالنَّهْيِ

سبق سے 5 معتل افعال لیں پھر ان سے مضارع، امر اور نہی کی گردان کریں۔

قَالَ ، عَادَ ، يَدُوْرُ ، نَصِيْرٌ ، أَطَالُوا

مضارع

يَقُوْلُ	يَعُوْدُ	يَدُوْرُ	يُصِيْرُ	يُطِيْلُ
يَقُوْلَانِ	يَعُوْدَانِ	يَدُوْرَانِ	يُصِيْرَانِ	يُطِيْلَانِ
يَقُوْلُوْنَ	يَعُوْدُوْنَ	يَدُوْرُوْنَ	يُصِيْرُوْنَ	يُطِيْلُوْنَ
تَقُوْلُ	تَعُوْدُ	تَدُوْرَانِ	تُصِيْرُ	تُطِيْلُ
يَقُلْنَ	يَعُدْنَ	يَدُرْنَ	تُصِيْرَانِ	تُطِيْلَانِ
تَقُوْلُ	تَعُوْدُ	تَدُوْرُ	يُصِرْنَ	يُطِلْنَ
تَقُوْلَانِ	تَعُوْدُ	تَدُوْرَانِ	تُصِيْرُ	تُطِيْلُ
تَقُوْلَانِ	تَعُوْدَانِ	تَدُوْرُوْنَ	تُصِيْرُوْنَ	تُطِيْلُوْنَ
تَقُلِيْنَ	تَعُوْدِيْنَ	تَدُوْرَانِ	تُصِيْرِيْنَ	تُطِيْلِيْنَ
تَقُوْلَانِ	تَعُوْدَانِ	تَدُوْرَانِ	تُصِيْرَانِ	تُطِيْلَانِ
تَقُلْنَ	تَعُدْنَ	تَدُرْنَ	تُصِرْنَ	تُطِلْنَ

اَقُوْلُ	اَعُوْدُ	اَدُوْرُ	اُصِيْرُ	اُطِيْلُ
نَقُوْلُ	نَعُوْدُ	نَدُوْرُ	نُصِيْرُ	نُطِيْلُ

فعل امر

قُلْ	عُدْ	دُرْ	صِرْ	اَطِلْ
قُوْلَا	عُدَا	دُوْرَا	صِيْرَا	اَطِيْلَا
قُوْلُوْا	عُدُوْا	دُوْرُوْا	صِيْرُوْا	اَطِيْلُوْا
قُوْلِیْ	عُوْدِیْ	دُوْرِیْ	صِيْرِی	اَطِيْلِیْ
قُوْلَا	عُوْدَا	دُوْرَا	صِيْرَا	اَطِيْلَا
قُلْنَ	عُدْنَ	دُرْنَ	صِرْنَ	اَطِلْنَ

فعل نہی

لا تَقُلْ	لَاتَعُدْ	لَاتَدُرْ	لَاتَصِيْر	لَاتُطِلْ
لَاتَقُوْلَا	لَاتَعُوْدَا	لَاتعدُوْرَا	لَا تَصِيْرَا	لَاتُطِيْلَا
لَاتَقُوْلُوْا	لَاتَعُوْدُوْا	لَاتَدُوْرُوْا	لَاتَصِيْرُوْا	لَاتُطِيْلُوْا
لَاتَقُوْلِیْ	لَاتَعُوْدِیْ	لَاتَدُوْرِیْ	لَاتَصِيْرِیْ	لَا تُطِيْلِیْ
لَاتَقُوْلَا	لَاتَعُوْدَا	لَاتَدُوْرَا	لَاتَصِيْرَا	لَاتُطِيْلَا
لَاتَقُلْنَ	لَاتَعُدْنَ	لَاتَدُرْنَ	لَاتَصِرْنَ	لَاتُطِلْنَ

س6۔ عَلَى الطُّلَّابِ أَنْ يَّحْفَظُوْا خَمْسَ لَطَائِفَ عَلَى الْأَقَلِّ فَيَحْكُوْهَا بِالْعَرَبِيَّةِ دَاخِلَ الْفَصْلِ الدِّرَاسِيِّ:

طالب علموں کے لئے واجب ہے کہ وہ کم از کم 5 لطائف یاد کریں۔ پھر ان کو سکول کی کلاس کے دوران بیان کریں:

طلبہ خود یاد کریں۔

س7۔ تَرْجِمْ اِلَى الْعَرَبِيَّةِ:

عربی ترجمہ کریں:

۱۔ جحا بلادِ عرب میں رہتا تھا۔

كَانَ جُحًّا يَعِيشُ فِي الْبِلَادِ الْعَرَبِيَّةِ۔

۲۔ وہ ایک مشہور احمق تھا۔

كَانَ هُوَ اَحْمَقٌ مَعْرُوفٌ

۳۔ میں دائیں ہاتھ سے کھانا کھاتا ہوں۔

آكُلُ الطَّعَامَ بِالْيَدِ الْيُمْنٰى

۴۔ آدھی رات کو تھانیدار جحا کے پاس سے گزرا۔

مَرَّ رَئِيسُ الْحَرَسِ بِجُحًّا فِي مُنْتَصِفِ اللَّيْلِ

۵۔ جحا نے کنواں کو الٹا منارہ سمجھا۔

ظَنَّ الْجُحًّا الْمَنَارَةُ بِئْرًا مَقْلُوْبَةً

OOOOOOOOOOO

اَلدَّرْسُ السَّادِسَ عَشَرَ: (سولھواں سبق)

منتخب اشعار (٣)

اَلنَّشِيْدُ الْإِسْلَامِيُّ

اسلامی ترانہ

حل لغات:

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
١۔ أَضْحٰى	بن گیا۔ہوگیا	٢۔ كَوْنٌ	کائنات۔دنیا
٢۔ اَعْدَدْنَا	ہم نے تیار کرلیا ہے	٤۔ سَكَنٌ	مسکن۔رہنے کی جگہ
٥۔ يَزُوْلُ	وہ زائل کرتا ہے	٦۔ تُمْحٰى	مٹایا
٧۔ دَهْرٌ	زمانہ	٨۔ صَحَائِفُ	تحریریں
٩۔ سُؤْدَدُ	سرداری۔حکومت	١٠۔ بُنِيَتْ	تعمیر کی گئی
١١۔ مَعَابِدُ	عبادت گاہیں	١٢۔ حَيَاةِ الرُّوْحِ	دل وجان
١٣۔ ظِلٌّ	سایہ	١٤۔ تَرَبَّيْنَا	ہم نے ترتیب پائی
١٥۔ بَنَيْنَا	ہم نے بنیاد رکھی	١٦۔ دَوْلَةٌ	ملک
١٧۔ عَلَمٌ	جھنڈا	١٨۔ مَجْدٌ	بزرگی
١٩۔ نَصْرٌ	کامیابی	٢٠۔ يُضِيْ	روشنی کرتا ہے
٢١۔ يُمَثِّلُ	نمائندگی کرتا ہے	٢٢۔ صَدًى	آواز۔بازگشت
٢٣۔ حَدَائِقُ	باغات	٢٤۔ نَسِيْتَ	تو نے بھلا دیا
٢٥۔ مَغَانِيْ	منزل۔مقام	٢٦۔ عِشْرَةٌ	رہنا
٢٧۔ أَغْصَانٌ	شاخیں	٢٨۔ أَوْكَارٌ	گھونسلے
٢٩۔ عُمِرَتْ	آباد کیا گیا	٣٠۔ نَشْأَةٌ	قوم
٣١۔ سَجَّلْتَ	تو نے ریکارڈ کرلیا	٣٢۔ شَطٌّ	کنارہ

لفظ	معنی	لفظ	معنی
٣٣۔ مَأْثَرٌ	قابل فخر کارنامے	٣٤۔ تَرْوِیْ	سیراب کرتی ہیں
٣٥۔ تَعِیْدُ	تولوٹا تاہے	٣٦۔ جَوَاهِرُ	موتی
٣٧۔ مِیْلَادٌ	جائے پیدائش	٣٨۔ رَوْضٌ	باغ
٣٩۔ دَوْحَةٌ	سایہ دار گھنا درخت	٤٠۔ دَمٌ	خون
٤١۔ أَمِیْرٌ	سردار	٤٢۔ یَقُوْدُ	قیادت کرتا ہے
٤٣۔ فَوْزٌ	کامیابی	٤٤۔ نُصْرَةٌ	فتح
٤٥۔ رَکْبٌ	قافلہ۔جماعت	٤٦۔ هَادِیْ	رہنما
٤٧۔ آمَالٌ	آرزوئیں	٤٨۔ جَرَسٌ	گھنٹی
٤٩۔ یَحْدُوْ	حدی خوانی کرتا ہے	٥٠۔ یُعِیْدُ	وہ واپس آتا ہے
٥١۔ قَوَافِلُ	قافلے	٥٢۔ یَبْعَثُ	بیدار کرتا ہے۔

اردو ترجمہ

اَلصِّیْنُ لَنَا وَالْعَرَبُ لَنَا
وَالْهِنْدُ لَنَا وَالْکُلُّ لَنَا

ترجمہ: چین ہمارا ہے، عرب ہمارا ہے اور ہندوستان ہمارا ہے اور یہ سب ہمارے ہیں۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر اسلامی وحدت اور توحید کے اسلامی تصور کو بیان کرتے ہوئے کہتا ہے کہ اس دنیا میں جہاں جہاں بھی مسلمان پائے جاتے ہیں۔ وہ تمام ممالک مسلمانوں کے ہیں چاہے وہ چین ہو عرب ہو یا ہندوستان یہ تمام ممالک وحدت اسلامی کے نظریے کے تحت مسلمانوں کے ملک ہیں۔ کیونکہ مسلمان خواہ کسی بھی خطے کا باشندہ ہو وہ جس اسلامی وحدت کی لڑی میں پرویا ہوا ہے۔ وہ وحدت اسلامی اسے تمام دنیا کے مسلمانوں کا بھائی بنا دیتی ہے۔ اسلام وہ واحد مذہب ہے جو قومیت اور وطن پرستی کی بجائے عقائد کو اہمیت دیتا ہے۔ دوسرے مذاہب کے نظریے کی رو سے ہندوستانی وہی شخص ہے جو ہندوستان میں رہتا ہے۔ ہندوستان سے باہر کا کوئی شخص ہندوستانی نہیں کہلا سکتا۔ جبکہ اسلامی نظریہ اس کے برعکس ہے۔ جس کی رو سے دنیا میں کہیں بھی رہنے والا مسلمان اسلامی

اخوت کے نظام کا حصہ ہے۔جیسا کہ قرآن مجید میں آیا ہے۔

اَلْاَرْضُ لِلّٰہِ

ترجمہ: تمام زمین اللہ کی ہے۔

اس لحاظ سے مسلمان چونکہ اللہ کے اطاعت گزار اور زمین پر اس کے نائب ہیں۔لہٰذا تمام زمین ان کی ملکیت ہے۔اس لئے شاعر چین، عرب، ہندوستان کو اپنے ممالک یعنی مسلم ممالک کہہ رہا ہے۔

أَضْحَى الْإِسْلَامُ لَنَا دِيْنًا
وَجَمِيْعُ الْكَوْنِ لَنَا وَطَنًا

ترجمہ: اسلام ہمارا دین بن گیا ہے اور تمام کائنات ہمارا وطن ہے۔

تشریح:

دوسرے شعر میں شاعر اسلام کی وحدانیت اور اس کی حقانیت کو بیان کرتے ہوئے کہہ رہا ہے کہ یہ دنیا جب کفر اور گمراہی میں ڈوبی ہوئی تھی تو اسلام کی روشنی نمودار ہوئی۔اس کی ہدایت سے متاثر ہو کر لوگ مسلمان ہو گئے۔اسلام ان کا دین بن گیا اور وحدت اسلام کی وجہ سے تمام کائنات ان کا وطن بن گئی۔اس کائنات کے کسی بھی گوشے یا حصے میں رہنے والا مسلمان اس علاقے کی قومیت نہیں پہچانا جائے گا بلکہ مسلمان ہونے کی حیثیت سے اور اسلام کے پیروکار ہونے کی حیثیت سے وہ مسلمان برادری کا فرد کہلائے گا۔

تَوْحِيْدُ اللّٰهِ لَنَا نُوْرٌ
أَعْدَدْنَا الرُّوْحَ لَهٗ سَكَنًا

ترجمہ: اللہ کی توحید ہمارے لئے نور ہے جس کا مسکن ہم نے اپنی روح کو بنا لیا ہے۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر اللہ کی وحدانیت بیان کرتے ہوئے کہتا ہے کہ اللہ کی توحید ہمارے لئے نور ہے اور روشنی اور رہنمائی کا ذریعہ ہے شرک کے جہاں بہت سے منفی پہلو ہیں وہاں ایک مثبت پہلو یہ بھی ہے کہ شرک انسان کو متعصب اور جانبدار بنا دیتا ہے۔شرک تصویر کے دونوں رخ نہیں دیکھتا بلکہ جہاں اس کے عقائد ونظریات الگ ہونے لگیں وہ حقائق کو رد کر دیتا ہے۔جبکہ توحید انسان کو باشعور اور رجائیت پسند بنا دیتی ہے۔توحید کے ذریعے انسان اس کائنات کے اسرار ورموز سے آگاہ

ہوتا ہے۔ جب یہ کائنات کے خالق کو ڈھونڈنے کیلئے فطرت کا مطالعہ کرتا ہے تو اس پر نئے نئے انکشافات ہوتے ہیں۔ یہ مطالعہ فطرت اس کے توحید کے عقائد سے ٹکرانے کی بجائے اس کا توحید کا ثبوت فراہم کرتے ہیں۔

اَلْکَوْنُ یَزُوْلُ وَلَا تُمْحٰی
فِی الدَّھْرِ صَحَائِفُ سُؤْدُدِنَا

ترجمہ: کائنات فنا ہو جائے گی لیکن زمانے سے ہمارے اقتدار کی تحریریں نہ مٹ سکیں گی۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر اسلامی خلافت کی شاندار یادوں کو یاد کرتے ہوئے کہہ رہا ہے کہ یہ کائنات فنا ہو جائے گی لیکن شاندار خلافت اور حکومت کے آثار نہیں مٹ سکیں گے۔ مسلمانوں نے اپنے دور خلافت میں ایجادات اور تعمیرات کیں۔ معاشرے کو جس انداز میں چلایا۔ معاشرتی، سیاسی اور معاشی زندگی کے جو اصول، قاعدے اور قوانین مرتب کیے ہیں۔ دنیا ان سے روشنی حاصل کرتی رہی اور کرتی رہے گی اور ہمارے یہ اصول اور قواعد دنیا کے لئے مشعل راہ ہوں گے۔

بُنِیَتْ فِی الْأَرْضِ مَعَابِدُھَا
وَالْبَیْتُ الْأَوَّلُ کَعْبَتُنَا

ترجمہ: زمین پر عبادت گاہیں بنائی گئیں اور پہلا گھر ہمارا خانہ کعبہ ہے۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر بیت اول یعنی خانہ کعبہ کی مرکزیت اور اولیت کو بیان کرتے ہوئے کہتا ہے کہ دنیا میں یوں تو بہت سی عبادت گاہیں تعمیر کی گئیں بہت سے مندر اور معبت خانے تعمیر ہوئے لیکن خانہ کعبہ کو ان تمام میں اولین حیثیت حاصل ہے۔ خانہ کعبہ وہ واحد اور پہلا گھر ہے جو خاص طور پر عبادت کے مقصد کیلئے تعمیر کیا گیا۔

ھُوَ أَوَّلُ بَیْتٍ نَحْفَظُہٗ
بِحَیَاۃِ الرُّوحِ وَیَحْفَظُنَا

ترجمہ: وہ پہلا گھر ہے جس کی ہم دل و جان سے حفاظت کرتے ہیں اور وہ بھی ہماری حفاظت کرتا ہے۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر خانہ کعبہ کے مسلم مرکز ہونے کی حیثیت کو بیان کرتے ہوئے کہہ رہا ہے کعبۃ اللہ کو مسلمانوں کی روحانی زندگی میں مرکزی حیثیت حاصل ہے۔ تمام دنیا کے مسلمان اپنی تمام عبادات کی ادائیگی کیلئے کعبۃ اللہ کی طرف رجوع کرتے ہیں۔ مسلمان پانچ وقت مسلمان اس کی طرف منہ کر کے نماز پڑھتے ہیں۔ اور حج کے وقت مسلمان اسی کے گرد طواف کرتے ہیں۔ جب مسلمان اس کو اہمیت دیتے ہیں تو کعبۃ اللہ مسلمانوں کی حفاظت کرتا ہے کیونکہ تمام مسلمان اسلام کی وحدت میں پروئے ہوئے ہیں۔ اس لئے کسی بھی علاقے میں رہنے والے مسلمانوں کو وہ تمام حقوق حاصل ہوں گے جو اسلام اپنے پیروکاروں کو دیتا ہے۔

فِـیْ ظِـلِّ السَّیْفِ تَـرَبَّیْـنَـا
وَبَـنَـیْـنَـا الْـعِـزَّ لِـدَوْلَتِـنَـا

ترجمہ: ہم نے تلواروں کے سایے میں تربیت پائی ہے اور اپنے ملک کے لئے عزت کی بنیاد رکھی ہے۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر مسلمانوں کی شجاعت اور بہادری کو بیان کرتے ہوئے کہتا ہے کہ ہم نے تلواروں کے سائے میں پرورش پائی ہے ہم وہ قوم ہیں جو نرم بستر کے عادی نہیں بلکہ ہم وہ قوم ہیں جس کے ایک ہاتھ میں تلوار اور دوسرے میں کتاب ہے۔ غیر مسلمین یہ الزام لگاتے ہیں کہ اسلام تلوار کے زور پر پھیلا جبکہ اسلام مسلمانوں کے اخلاق سے پھیلا مسلمان سپاہی ہوتا ہے مجاہد ہوتا ہے وہ ہر وقت اللہ کے دین کی سربلندی اور جہاد کیلئے تیار رہتا ہے۔ علامہ اقبال اس شعر میں اسی کو بیان کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ مسلمان مجاہد ہوتا ہے۔ اللہ کے دین کیلئے ہر وقت مستعد رہتا ہے مسلمانوں نے تمام فتوحات اپنی بہادری اور زور شمشیر کے بل بوتے پر کی ہیں اور تمام دنیا میں اسلام کا جھنڈا اپنی بہادری اور جوانمردی کی وجہ سے لہرایا ہے۔

عَـلَـمُ الْـإِسْلَامِ عَـلَـى الْأَيَّـا
مِ شِـعَـارُ الْـمَـجْـدِ لِـمِـلَّـتِـنَـا

ترجمہ: اسلام کا جھنڈا زمانے پر ہمارے ملک کی عظمت کی نشاندہی کر رہا ہے۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر مسلمانوں کے شاندار ماضی کو بیان کرتے ہوئے کہتا ہے کہ مسلمانوں نے اپنے دور حکومت اور خلافت میں جو کارنامے سرانجام دیئے ہیں۔ وہ مسلمانوں کی پہچان ہیں آج بھی مسلمانوں کی شان و شوکت حکومت تمام دنیا کیلئے مثال ہے تاریخ کے اوراق میں لہراتا ہوا مسلمانوں کا جھنڈا مسلمانوں کی شان و شوکت کا ترجمان ہے۔

بِهِلَالِ النَّصْرِ يُضِيءُ لَنَا

وَ يُمَثِّلُ خَنْجَرَ سَطْوَتِنَا

ترجمہ: کامیابی کے چاند کے ذریعے ہمارے لئے روشنی کررہا ہے اور اس پر بنا ہوا خنجر ہماری شان و شوکت کی نمائندگی کررہا ہے۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر اسلامی ثقافت کے اہم مظہر کا ذکر کرتے ہوئے کہہ رہا ہے کہ ہلال مسلمانوں کی ثقافتی زندگی میں بنیادی اہمیت کا حامل ہے۔ مسلمانوں کی اکثر مذہبی عبادات اور تہوار اور اہم تقریبات ہلال سے شروع ہوتی ہے۔ اس شعر میں شاعر نے ہلال کو خنجر سے تشبیہ دی ہے کہ مسلمانوں کا امتیازی نشان ہلال دشمنوں کے لئے خنجر کی مانند ہے۔

وَأَذَانُ الْمُسْلِمِ كَانَ لَهُ

فِي الْغَرْبِ صَدًى مِنْ هِمَّتِنَا

ترجمہ: ہماری ہمت کی وجہ سے مسلم کی اذان مغرب میں گونجی۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر مغرب میں اشاعت اسلام کا پس منظر بیان کرتے ہوئے کہہ رہا ہے کہ مغرب میں اسلام صرف مسلمانوں کی کوششوں سے پھیلا یہ مسلمان ہی تھے جنہوں نے اللہ کی راہ میں جہاد کرکے دنیا کے گوشے گوشے میں کلمہ حق کو بلند کیا۔ آج مغرب میں جتنے بھی مسلمان ہیں جس قدر بھی اسلامی ممالک ہیں وہ سب کے سب مسلمانوں کے احسان مند ہیں۔

يَا ظِلَّ حَدَائِقِ أَنْدَلُسٍ

أَنَسِيتَ مَغَانِيَ عِشْرَتِنَا

ترجمہ: اے اندلس کے باغات کے سائے! کیا تو نے ہمارے رہنے کی جگہوں کو بھلا دیا ہے۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر ماضی کے ایک اہم اسلامی ملک اندلس کا ذکر کرتے ہوئے کہتا ہے کہ سپین جیسے دور دراز عیسائی ملک میں اسلام پھیلانے کی وجہ مسلمان ہی تھے۔ اندلس جو کہ ایک عیسائی ملک تھا۔ مسلمانوں نے اس کو فتح کر کے وہاں اسلام کی بنیاد رکھی۔ وہاں کی تہذیب و ثقافت کو ترقی دی۔ مدارس اور یونیورسٹیاں قائم کیں۔ علمی اور سائنسی شعبوں میں تحقیق کی حتیٰ کہ اس ملک کو اوج کمال تک پہنچایا۔ مگر کچھ وجوہات کی بناء پر مسلمانوں کو اس ملک پر آٹھ سو سال حکومت کرنے کے بعد نکلنا پڑا۔ علامہ اقبال اسی بات کو بیان کرتے ہوئے اندلس کو مخاطب کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ اے اندلس کے باغات کے سائے کیا تو اپنے درختوں کے نیچے ہمارے رہنے کے مقامات کو بھول گیا ہے کیا تو اس تمام ترقی کو بھول گیا ہے وہ ترقی جو مسلمان علماء اور سائنسدانوں نے کی، تو اس تہذیب و ثقافت اور ان مسلم شاندار عمارات کو بھول گیا ہے جو مسلمانوں نے یہاں قائم کیں۔

وَعَلٰی أَغْصَانِكَ أَوْكَارٌ

عُمِرَتْ بِطَلَائِعِ نَشْأَتِنَا

ترجمہ: اور تیری شاخوں پر جو گھونسلے تھے ان کو ہماری قوم کے ہراول دستوں نے آباد کیا تھا۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر بھی اندلس کا تسلسل برقرار رکھتے ہوئے کہہ رہا ہے کہ اے اندلس کے باغ کے سائے یہ وہ مقامات ہیں جہاں ہمارے مجاہدین نے پڑاؤ ڈالا اور یہ وہی جگہیں ہیں جہاں پر ہماری نسلیں بڑھیں پھلیں پھولیں تیرے ہی شہروں میں آزادی سے قوم ترقی کی منازل طے کرتی رہی۔

یَا دِجْلَةَ هَلْ سَجَّلْتِ عَلٰی

شَطَّيْكِ مَآثِرَ عِزَّتِنَا

ترجمہ: اے دجلہ کیا تو نے اپنے دونوں کناروں پر موجود ہماری عزت کے قابل فخر کارناموں کو ریکارڈ کر لیا ہے۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر اندلس کے مسلمانوں کی تعریف کر رہا ہے اور ان کی ترقی کے کام کارناموں پر دریائے دجلہ کو گواہ بنا رہا ہے اور دجلہ کو مخاطب کرتے ہوئے کہہ رہا ہے اے دجلہ کیا تو نے اپنے دونوں کناروں پر موجود ہماری عزت و وقار کے کارناموں کو لکھ لیا تا کہ تم کل آنے والوں کو

ہمارے بارے میں بتا سکو۔ ہم نے سپین پر آٹھ سو سال حکومت کی اور قابل فخر کارنامے سرانجام دیے۔ دریائے دجلہ کے دونوں کناروں سے مراد ارد گرد کے علاقے جہاں مسلمانوں نے بلند و بالا عمارتیں قائم کیں۔ علم و سائنس کو ترقی دی ان سب کارناموں پر شاعر دریائے دجلہ کو گواہ بنا رہا ہے۔

أَمْـوَاجُكِ تَـرْوِيْ لِـلـدُّنْـيَـا
وَتُـعِـيْـدُ جَـوَاهِـرَ سِـيْـرَتِـنَـا

ترجمہ: تیری موجیں دنیا کو سیراب کر رہی ہیں اور ہماری سیرت کے جواہر کو لٹا رہی ہیں۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر سلطنت عباسیہ کے شاندار ماضی کو یاد کرتے ہوئے کہہ رہا ہے کہ اے دجلہ تیرے دونوں کناروں پر ہماری ثقافت، علم اور تہذیب نے ترقی کی اور اس قدر ترقی کی کہ دنیا کے لئے مثال بن گئی تمام دنیا کی رہنمائی کے لئے مثال بن گئی۔ عام دنیا ہونے کے لئے ان اور علماء سیراب ہونے والے پائے جاتے تھے جن کی مثال آج تک سامنے نہ آسکی۔ دجلہ کی تہذیب اور ثقافت تمام کی رہنمائی کا فریضہ انجام دیتی تھی جہاں کا علم مشرق سے مغرب تک پھیلا ہوا تھا اور بغداد کے علماء نے جو تصانیف لکھیں۔ آج تک مغرب اور تمام دنیا میں پڑھائی جاتی رہی ہیں۔ اس لئے شاعر نے اس بات کو سیرت کے جواہر لٹانے کے استعارے کے طور پر بیان کر رہا ہے کہ اے روشنی کی سرزمین تو ہماری شریعت کی جائے پیدائش ہے ہماری شریعت جو کہ اسلام ہے تیری ہی سرزمین میں اس کا آغاز ہوا اور یہیں یہ بڑھی اور پھلی پھولی اس لئے شاعر نے اسلام کی ابتداء کا شہر ہونے کی وجہ سے اس کو شریعت کی جائے پیدائش قرار دیا ہے۔

يَـا أَرْضَ الـنُّـوْرِ مِـنَ الْـحَـرَمِ
حِـيْـنٍ وَيَـا مِـيْـلَادَ شَـرِيْـعَـتِـنَـا

ترجمہ: اے حرمین کی سرزمین نور اور ہماری شریعت کی پیدائش گاہ

تشریح:

اس شعر میں شاعر حرمین شریفین کا ذکر جاری رکھتے ہوئے کہہ رہا ہے کہ اے حرمین شریفین کی سرزمین تو اسلام کا ابتدائی شہر ہے اسلام کی ابتداء حرمین میں ہوئی مگر اس کی ترقی عروج اور اس کو مضبوط اور طاقتور بنانے کیلئے ہم نے اپنا خون دیا ہے۔ اس شعر میں شاعر نے اسلام کو ایک پودے سے تشبیہ دی ہے اور مسلمانوں کی قربانیوں اور ایثار کو پانی سے تشبیہ دی ہے کہ جس طرح درخت کو نشو و نما دینے کے لئے اسے پانی سے سیراب کیا جاتا ہے۔ بالکل اسی طرح مسلمانوں نے اسلام کی

ترقی اور مضبوطی کے لئے اپنے خون سے اس کو سیراب کیا ہے۔

رَوْضُ الْإِسْلَامِ وَدَوْحَتُهُ

فِيْ أَرْضِكِ رَوَّاهَا دَمُنَا

ترجمہ: تیری سرزمین میں اسلام کے باغ اور اسکے درختوں کو ہمارے خون نے سیراب کیا ہے۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر بیان کر رہا ہے کہ محمد ﷺ مسلمانوں کے سردار اور رہنما ہیں۔ مسلمانوں کی جذباتی وابستگی حضور ﷺ کی ذات سے وابستہ ہے۔ حضور ﷺ کا نام ہماری امیدوں، آرزوؤں کی جان ہے اور یہی وہ نام ہے جو مسلمانوں میں ولولہ بڑائی پیدا کر رہا ہے۔ اسی نام کی عظمت اور ناموس کے لئے مسلمان اپنی جانوں کی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔

وَمُحَمَّدٌ ﷺ كَانَ أَمِيْرَ الرَّكْبِ

يَقُوْدُ الْفَوْزَ لِنُصْرَتِنَا

ترجمہ: محمد ﷺ امیر قافلہ ہیں جو ہماری فتح ونصرت کے لئے ہماری کامیابی کی قیادت کر رہے ہیں۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر حضور ﷺ کی قیادت کو بیان کرتے ہوئے کہہ رہا ہے اور مسلمانوں کو ایک قافلے سے تشبیہ دے رہا ہے اور اس قافلے کے سردار حضور ﷺ ہیں جو اس قافلے کی کامیابی کے لئے ہر وقت دعا گو رہتے ہیں تو ان کی شجاعت، حکمت، تدبیر اور بہترین جنگی حکمت عملی کی وجہ سے فتح ان کا مقدر بن جاتی ہے۔

إِنَّ اسْمَ مُحَمَّدٍ ﷺ الْهَادِيْ

رُوْحُ الْآمَالِ لِنَهْضَتِنَا

ترجمہ: بے شک ہادی و رہنما محمد ﷺ کا نام ہماری ترقی کے لئے ہماری آرزوؤں کی جان ہے۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر دنیا میں اپنی ترقی کا ذمہ دار حضور ﷺ کو ٹھہراتے ہیں۔ مسلمان ثابت

کرتے ہیں کہ جتنی بھی ترقی دنیا میں ہوتی ہے تو وہ اللہ اور اسکے رسول ﷺ کے اعمال پر عمل کر کے ملی ہے۔ دنیا میں مسلمانوں نے جتنی فتوحات کی ہیں اور جو عملی میدان میں آگے بڑھے اور دنیا کو علوم و فنون سے آشنا کیا اور بلند و بالا عمارتیں کھڑی کیں یہ سب مسلمانوں کی عظمت کا منہ بولتا ثبوت ہیں سب اللہ اس کے رسول کے اقوال پر عمل کر کے یہ دراصل ہوئی ہیں۔ شاعر اسمِ محمد ﷺ کو آرزوں کی جان قرار دیتا ہے۔ حضور ﷺ بہترین رہنما ہیں۔

دَوَّتْ أُنْشُـوْدَةُ إِقْبَـــالْ
حَـرَسًـا يَـحْـدُوْ فِيْـهِ أَزِمَّتُـنَـا

ترجمہ: اقبال کا ترانہ گھنٹی بن کر گونج رہا ہے جس میں ہمارے ازمامِ اقتدار کی حدی خوانی کی گئی ہے۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر اپنے ہی شعر کی خوبی بیان کرتے ہوئے کہہ رہا ہے کہ اقبال کا ترانہ گھنٹی بن کر گونج رہا ہے چونکہ ان اشعار میں شاعر نے مسلمانوں کے شاندار ماضی کو یاد دلا کر ان میں نئی قوت پیدا کرنے کی کوشش کی ہے۔ اس لئے شاعر اس ترانے کو گھنٹی سے تشبیہ دے رہا ہے کہ جس طرح گھنٹی سونے والے کو بیدار کرتی ہے اور نئی صبح کا اعلان کرتی ہے بالکل اسی طرح شاعر کا ترانہ انہیں غفلت سے بیدار کر رہا ہے یہ ترانہ اسی لئے لکھا ہے کہ مسلمانوں کو بیدار کر دیں۔ ان میں نئی فکر، جوش اور نیا ولولہ پیدا کر دے تا کہ وہ اپنے بزرگوں کی وراثت کو سنبھال کر رکھیں اور ان کے علوم کو لے کر آگے بڑھیں انکی ہمت کو بیدار کریں۔

لِيُـعِيْـدَ قَـوَافِـلَـنَـا الْأُوْلٰـى
فِـى الْـمَـجْـدِ وَيَبْـعَـثُ أُمَّتَـنَـا

ترجمہ: تا کہ بزرگی والے ہمارے پہلے قافلوں کو لوٹا دے اور ہماری امت کو بیدار کر دے۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر مسلمانوں کو ان کی عظمت رفتہ کی یاد دلانے کے بعد عمل پر ابھارتا ہے کہ وہ پہلے کی طرح کام کرنا شروع کر دیں دوبارہ سے عمل کے میدان میں قدم رکھیں۔ اس سلسلے میں علامہ اقبال کا ترانہ گھنٹی کی آواز کی طرح دنیا میں گونج رہا ہے ایسی گھنٹی سے جو مسلسل عمل کی طرف

دعوت دے رہی ہے۔ علامہ اقبال کے اشعار مسلمانوں کو راہِ عمل پر گامزن کرنا چاہتے ہیں۔ شاعر نے ان اشعار میں مسلمانوں کو ان کے عظیم کارناموں کو یاد دلانے کے بعد موجودہ دور میں بلند مقام حاصل کرنے کی طرف ابھارتا ہے تاکہ وہ اپنا کھویا ہوا مقام حاصل کرسکیں۔

اَلتَّمَارِيْنُ

س1۔ اِقْرَاءِ النَّشِيْدَ وَافْهَمْهُ فَهْمًا جَيِّدًا ثُمَّ قَارِنْ كُلَّ بَيْتٍ مِنْ أَبْيَاتِهِ بِأَبْيَاتِ (ترانه ملى) مِنْ شِعْرِ اِقْبَال الْأُرْدِيِّ:

ترانہ پڑھیں اور اس کو اچھی طرح سمجھیں پھر اس کا مقابلہ علامہ اقبال کی اردو شاعری ترانہ ملی کے اشعار کے ساتھ کریں:

س2۔ أَجِبْ عَمَّا يَأْتِي مِنَ الْأَسْئِلَةِ:

نیچے دیئے ہوئے سوالات کے جوابات دیں:

۱۔ مَا هِيَ الْبِلَادُ الَّتِي يَذْكُرُهَا الشَّاعِرُ فِي الْبَيْتِ الْأَوَّلِ؟

وہ کونسے ممالک ہیں۔ جن کا ذکر شاعر نے پہلے شعر میں کیا ہے؟

اَلصِّيْنُ وَالْعُرْبُ وَالْهِنْدُ

۲۔ مَاذَا دِيْنُنَا وَوَطَنُنَا كَمَا قَالَ الشَّاعِرُ فِي الْبَيْتِ الثَّانِيْ؟

دوسرے شعر میں شاعر کے قول کے مطابق ہمارا دین اور ہمارا وطن کیا ہے؟

اَلْاِسْلَامُ دِيْنُنَا وَجَمِيْعُ الْكَوْنِ وَطَنُنَا

۳۔ مَاهُوَأَوَّلُ بَيْتٍ بُنِيَ فِي أَرْضِ اللّٰهِ؟

اللہ کی سرزمین پر بننے والا پہلا گھر کونسا ہے؟

اَلْكَعْبَةُ أَوَّلُ بَيْتٍ بُنِيَ فِي أَرْضِ اللّٰهِ؟

٤۔ كَيْفَ تَرَبَّى الْمُسْلِمُوْنَ وَكَيْفَ بَنَوا الْعِزَّلِدَوُلَتِهِمْ؟

مسلمان کیسے تربیت پاتے ہیں اور کیسے اپنے ملک کے لئے عزت کی بنیاد رکھتے ہیں؟

تَرَبَّى الْمُسْلِمُوْنَ فِي ظِلِّ السَّيْفِ وَبَنَوا الْعِزَّ لِدَوُلَتِهِمْ بِالسَّيْفِ

س3۔ اِحْفَظِ الْكَلِمَاتِ الْآتِيَةَ بِمَعَانِيْهَا وَاسْتَخْدِمْهَا فِي جُمَلٍ مُفِيْدَةٍ۔

درج ذیل کلمات کو انکے معانی کے ساتھ یاد کریں اور انھیں مفید جملوں میں استعمال

کریں۔

كَوْنٌ ، سَكَنٌ ، سُؤْدَدٌ ، مَجْدٌ ، شِعَارٌ ، شَطٌّ ، مَآثِرُ ، فَوْزٌ

الفاظ	معنی	جملے
١۔ كَوْنٌ	کائنات	جَمِيعُ الْكَوْنِ وَطَنُنَا تمام کائنات ہمارا وطن ہے۔
٢۔ سَكَنٌ	مسکن	تَوْحِيدُ اللهِ لَنَا نُورٌ اللہ کی توحید ہمارے لئے نور ہے۔
٣۔ سُؤْدَدٌ	سرداری	لَا تُمْحٰى فِي الدَّهْرِ صَحَائِفُ سُؤْدَدِنَا زمانے سے ہمارے اقتدار کی تحریریں نہ مٹ سکیں گی۔
٤۔ مَجْدٌ	بزرگی	قَوْمُنَا قَوْمٌ ذُو الْمَجْدِ وَالْعَظَمَةِ۔ ہماری قوم بزرگی اور عظمت والی قوم ہے۔
٥۔ شِعَارٌ	علامت	عَلَمُ الْإِسْلَامِ عَلَى الْأَيَّامِ شِعَارُ الْمَجْدِ لِمِلَّتِنَا اسلام کا جھنڈا زمانے پر ہماری ملت کی عظمت کی نشاندہی کر رہا ہے۔
٦۔ شَطٌّ	کنارہ	هَلْ سَجَّلْتِ عَلٰى شَطَّيْكِ مَآثِرَ عِزَّتِنَا۔ کیا تو نے اپنے دو کناروں پر موجود قابل فخر کارناموں کو ریکارڈ کر لیا ہے۔
٧۔ مَآثِرُ	قابل فخر کارنامے	هَلْ سَجَّلْتِ عَلٰى شَطَّيْكِ مَآثِرَ عِزَّتِنَا؟ کیا تو نے اپنے دو کناروں پر موجود قابل فخر کارناموں کو ریکارڈ کر لیا ہے؟
٨۔ فَوْزٌ	کامیابی	لِلْمُجْتَهِدِينَ فَوْزٌ وَنَجَاحٌ محنت کرنے والوں کے لئے کامیابی اور فلاح ہے۔

س4۔ تَرْجِمْ اِلَی الْعَرَبِیَّۃِ:

عربی ترجمہ کریں۔

ا۔ چین وعرب ہمارا ہے	اَلصِّیْنُ لَنَا وَالْعُرْبُ لَنَا
۲۔ ہمارا دین اسلام ہے۔	اَلْاِسْلَامُ دِیْنُنَا
۳۔ تمام کائنات ہمارا وطن ہے۔	جَمِیْعُ الْکَوْنِ وَطَنُنَا
۴۔ ہم نے تلواروں کے سایے میں پرورش پائی ہے۔	قَدْ تَرَبَّیْنَا فِیْ ظِلِّ السَّیْفِ
۵۔ کعبہ زمین پر اللہ کا پہلا گھر ہے۔	کَعْبَۃُ اللّٰہِ الْبَیْتُ الْاَوَّلُ فِی الْأَرْضِ
٦۔ اقبال کا گیت دنیا میں گونج رہا ہے۔	دَوَتْ أُنْشُوْدَۃُ اِقْبَالَ فِی الدُّنْیَا
۷۔ نام محمد ﷺ ہماری امیدوں کی جان ہے۔	اِسْمُ مُحَمَّدٌ رُوْحُ لِاٰمَالِنَا

......☆......

اَلدَّرْسُ السَّابِعُ عَشَرَ: (سترھواں سبق)

ہمارے آباؤ اجداد (۱)

اَلصِّدِّيْقُ الْاَكْبَرُ رضی الله عَنْهُ

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ

حل لغات:

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
۱۔ وُلِدَ	پیدا ہوئے	۲۔ سَنَةٌ	سال
۳۔ عَامُ الْفِيلِ	ہاتھیوں والا سال	٤۔ صَدَّقَهُ	اس نے اسکی تصدیق کی
۵۔ حَدِيثٌ	بات	٦۔ نَسَبٌ	نسب۔خاندان
۷۔ يَلْتَقِي	مل جاتا ہے	۸۔ أُسْرَةٌ	خاندان
۹۔ تَمْتَازُ	ممتاز۔نمایاں	۱۰۔ بَيْنَ	درمیان
۱۱۔ صَمِيمٌ	خالص۔اصل	۱۲۔ وَقُورٌ	باوقار
۱۳۔ نَزِيهَةٌ	سنجیدہ	١٤۔ عَفِيفٌ	پاکدامن
۱۵۔ أَوْثَانٌ	جمع (بت)	۱٦۔ خَمْرٌ	شراب
۱۷۔ أَبَدٌ	ہمیشہ	۱۸۔ اِعْتِنَاقٌ	قبول کرنا۔ماننا
۱۹۔ سَادَاتٌ	سردار	۲۰۔ عَوْنٌ	مددگار
۲۱۔ دَعْمٌ	معاون۔استحکام	۲۲۔ اَلْأَرِقَّاءُ	غلاموں
۲۳۔ مُسْتَضْعَفِينَ	کمزور (جمع)	٢٤۔ أُوذُوا	ستایا گیا
۲۵۔ سَبِيلٌ	راستہ	۲٦۔ أَيْدِي	دونوں ہاتھ
۲۷۔ قَادَاتٌ	آقا (جمع)	۲۸۔ يُعِينُ	مدد کرتا ہے
۲۹۔ يَشْتَرِي	وہ خریدتا ہے	۳۰۔ يُعْتِقُ	آزاد کرتا ہے

٣١۔ خَصَّ	مخصوص کیا	٣٢۔ ثَانِیُ اثْنَیْنِ	دو میں سے دوسرا
٣٣۔ لَحَظَاتٌ	لمحے	٣٤۔ خَالِدَۃٌ	ہمیشہ رہنے والے
٣٥۔ أَحْلٰی	شیریں ترین	٣٦۔ اَغْلٰی	قیمتی۔ مہنگے
٣٧۔ أَحَبُّ	محبوب ترین	٣٨۔ یَتَمَنّٰی	وہ تمنا کرتا ہے
٣٩۔ عُوِّضَ	عوض۔ بدلہ	٤٠۔ رَافَقَ	رفاقت کی
٤١۔ لَیْلَۃٌ	رات	٤٢۔ شَارَكَ	شرکت کی
٤٣۔ وَهَبَ	قربان کردیا	٤٤۔ نَفْسٌ وَ نَفِیْسٌ	جسم وجاں
٤٥۔ صِدْقٌ	سچائی	٤٦۔ جُوْدٌ	سخاوت
٤٧۔ وَفَاءٌ	وفاداری	٤٨۔ تَوَاضُعٌ	تواضع۔ عاجزی
٤٩۔ ثَبَاتٌ	ثابت قدمی	٥٠۔ اِعْتَزَمَ	ارادہ کیا
٥١۔ بِرٌّ	نیکی	٥٢۔ اِصْلَاحٌ	بھلائی
٥٣۔ اُصِیْبُ	پہنچا	٥٤۔ تَفُوْقُ	سب سے بڑھ کر
٥٥۔ هَوْلَ	ہولناکی	٥٤۔ لَحِقَ	جاملے
٥٧۔ تَغَیَّرَتْ	تبدیل ہوگئی	٥٨۔ أَحْوَالٌ	حالتیں
٥٩۔ دُهِشُوْا	خوفزدہ ہوگئے	٦٠۔ حَزِنُوْا	غمزدہ ہوگئے
٦١۔ کَلِمَۃٌ	خطبہ	٦٢۔ هُدُوْءٌ	سکون

اردو ترجمہ

سَیِّدُنَا أَبُوبَکْرِ الصِّدِّیْقُ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْهُ أَمِیْرُ الْمُؤْمِنِیْنَ وَ أَوَّلُ خَلِیْفَۃٍ لِرَسُوْلِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وُلِدَ لِلسَّنَۃِ الثَّانِیَۃَ أَوِ الثَّالِثَۃِ مِنْ عَامِ الْفِیْلِ فَهُوَ أَصْغَرُ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِنَحْوِ سَنَتَیْنِ وَلَقَّبَهُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِالصِّدِّیْقِ حِیْنَ صَدَّقَه' فِی

حَدِيثَ الْإِسْرَاءِ وَالْمِعْرَاجِ وَنَسَبُهُ ' وَنَسَبُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَلْتَقِيَانِ فِي مُرَّةَ بْنِ كَعْبٍ وَكَانَتْ أُسْرَتُه ' تَمْتَازُ عِزًّا وَّشَرَفًا بَيْنَ قَبَائِلِ قُرَيْشٍ فَهُوَ مِنْ صَمِيْمِ قُرَيْشٍ وَمِنْ اَعْرَقِهِمْ نَسَبًا وَأَشْرَفِهِمْ حَسَبًا

سیدنا ابو بکر صدیق امیر المومنین اور اللہ کے رسول کے پہلے خلیفہ ہیں۔ آپ واقعہ عام الفیل کے دوسرے یا تیسرے سال پیدا ہوئے۔ آپ حضور ﷺ سے تقریباً دو سال چھوٹے تھے جب آپ نے واقعہ معراج کی تصدیق کی تو حضور ﷺ نے آپ کو صدیق کا لقب دیا۔ آپکا نسب اور حضور ﷺ کا نسب مرہ بن کعب تک جا کر مل جاتا ہے۔ آپ کا خاندان قبائل قریش میں عزت اور شرافت کے لحاظ سے ممتاز تھا۔ آپؓ اصل قریش میں سے تھے آپؓ نسب کے لحاظ سے خالص اور حسب کے لحاظ سے شریف تھے۔

وَكَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ رَجُلًا وَّقُوْرًا نَزِيْهًا عَفِيْفًا فِي الْجَاهِلِيَّةِ وَالْإِسْلَامِ وَلَمْ يَعْبُدِ الْأَوْثَانَ وَلَمْ يَشْرَبِ الْخَمْرَ أَبَدًا۔ وَهُوَ اَوَّلُ مَنْ شَرَّفَهُمُ اللّٰهُ بِاعْتِنَاقِ الْإِسْلَامِ مِنْ بَيْنِ شُرَفَاءِ الْعَرَبِ وَسَادَتِهِمْ فَكَانَ عَوْنًا وَّدَعْمًا لِلْإِسْلَامِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَخَاصَّةً الْأَرِقَّاءِ وَالْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنْهُمُ الَّذِيْنَ أُوْذُوْا فِي سَبِيْلِ الْحَقِّ عَلٰى أَيْدِي سَادَتِهِمْ وَقَادَتِهِمْ فَكَانَ يُعِيْنُ الْمُسْتَضْعَفِيْنَ وَيَشْتَرِي الْأَرِقَّاءَ مِنْهُمْ ثُمَّ يُعْتِقُهُمْ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ وَمِنْهُمْ سَيِّدُنَا بِلَالٌ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ مُؤَذِّنُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ خَصَّهُ اللّٰهُ وَشَرَّفَهُ بِالذِّكْرِ فِي كَلَامِهِ الْمَجِيْدِ وَلَقَّبَه ' بِثَانِيَ اثْنَيْنِ إِذْ هُمَا فِي الْغَارِ كَمَا خَصَّه ' رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَكْرَمَه ' فَاخْتَارَه '' رَفِيْقًا فِي سَفَرِهِ لَيْلَةَ الْهِجْرَةِ إِلَى الْمَدِيْنَةِ الْمُنَوَّرَةِ فَكَانَتْ هٰذِهِ اللَّحَظَاتُ الْخَالِدَةُ الْجَمِيْلَةُ أَحْلَى اللَّحَظَاتِ وَأَغْلَاهَا وَأَحَبَّهَا إِلَى الصِّدِّيْقِ الْاَكْبَرِ فِي حَيَاتِهِ مِمَّا جَعَلَ عُمَرَ الْفَارُوْقَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَتَمَنّٰى لَوْ عُوِّضَ بِهَا عَنْ اَعْمَالِهِ الْحَسَنَةِ جَمِيْعِهَا فَرَافَقَ الصِّدِّيْقُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةَ هِجْرَتِهِ مِنْ مَكَّةَ الْمُكَرَّمَةِ إِلَى الْمَدِيْنَةِ الْمُنَوَّرَةِ۔

آپؓ زمانہ جاہلیت اور زمانہ اسلام میں باوقار سنجیدہ اور پاک دامن رہے۔ آپ نے کبھی

بتوں کی پوجا نہ کی اور کبھی شراب نہ پی۔ وہ پہلے شخص تھے جن کو عرب کے شرفاء اور سرداروں میں سے اللہ نے پہلے اسلام قبول کرنے کا شرف بخشا۔ آپ اسلام اور مسلمانوں کے مددگار تھے خاص طور پر ان میں سے غلاموں اور کمزوروں کے جن کو اپنے آقاؤں اور سرداروں کے ہاتھوں سخت تکالیف سے دوچار ہونا پڑا۔ آپ کمزوروں کی مدد کیا کرتے تھے۔ آپ غلاموں کو خریدتے پھر ان کو اللہ کی راہ میں آزاد کر دیا کرتے تھے۔ انھی میں سے موذن رسول ﷺ سیدنا بلالؓ ہیں۔ اللہ نے قرآن مجید میں آپکا ذکر کر کے آپکو خصوصیت اور شرف بخشا ہے اور جب آپ دونوں غار حرا میں تھے تو آپ کو ثانی اثنین کا لقب دیا جیسا کہ رسول اللہ نے آپ کو خصوصیت بخشی اور عزت دی اور مدینہ منورہ کی طرف ہجرت کی رات میں آپکو اپنا رفیق (ساتھی) منتخب کر لیا۔ پس یہ ہمیشہ رہنے والے خوبصورت لمحات صدیق اکبر کی زندگی کے شیریں، قیمتی اور محبوب ترین لمحات تھے۔ جن کے بارے میں عمر فاروق رضی اللہ عنہ خواہش کیا کرتے تھے کہ کاش ان لمحات کے بدلے میں میرے سارے اچھے اعمال لے لئے جائیں۔ آپؓ مکہ مکرمہ سے مدینہ منورہ کی طرف ہجرت کی رات میں حضور ﷺ کے ساتھ رہے۔

وَشَارَكَ أَبُوبَكْرٍ رَضِىَ اللهُ عَنْهُ فِى الْغَزَوَاتِ النَّبَوِيَّةِ كُلِّهَا وَ وَهَبَ لِلْإِسْلَامِ وَرَسُولِهِ جَمِيعَ مَاكَانَ يَمْلِكُه' مِنْ نَفْسِهِ وَنَفِيْسِهِ وَكَانَ مِثَالًا فِى الصِّدْقِ وَالْأَمَانَةِ وَالْكَرَامَةِ وَ الشَّجَاعَةِ وَالثَّبَاتِ عَلَى الْحَقِ أَوْمَا اعْتَزَمَ عَلَيْهِ مِنْ أَعْمَالِ الْبِرِ وَالصَّلَاحِ۔

حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے تمام غزوات نبی میں شرکت کی اور اپنا سب کچھ اسلام اور اسکے رسول ﷺ کے لئے وقف کر دیا۔ آپؓ صداقت، امانت، سخاوت، وفاداری، تواضع، قناعت، شرافت، کرامت، بہادری اور حق پر ثابت قدمی یا نیکی اور اصلاح کے کاموں میں سے جن کا آپ نے ارادہ کیا ان میں ضرب المثل تھے۔

وَأُصِيبَ الْمُسْلِمُونَ بِصَدْمَةٍ عَظِيمَةٍ تَفُوقُ هَوْلَ الْقِيَامَةِ حِيْنَ لَحِقَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالرَّفِيقِ الْأَعْلَىٰ فَتَغَيَّرَتْ أَحْوَالُهُمْ وَدُهِشُوا وَحَزِنُوا فَأَدْرَكَهُمُ الصِّدِّيْقُ فَأَلْقَىٰ كَلِمَتَه' بِكُلِّ هُدُوْءٍ وَطَمَانِيْنَةٍ فَتَعَزَّوْا أَذْهَبَ اللهُ عَنْهُمُ الْحُزْنَ وَالْهَوْلَ فَاتَّفَقَ الْمُهَاجِرُوْنَ وَالْأَنْصَارُ عَلَى اخْتِيَارِهِ خَلِيفَةً فَبَايَعُوْهُ جَمِيْعًا وَّانْتَصَرَ عَلَى الْمُرْتَدِيْنَ وَالْمُتَنَبِّئِيْنَ بِإِذْنِ اللهِ عَزَّوَجَلَّ وَفِى عَهْدِهِ تَمَّ فَتْحُ الْعِرَاقِ وَالشَّامِ وَهُوَ الَّذِى جَمَعَ الْقُرْآنَ الْكَرِيمَ فِى مُصْحَفٍ وَّاحِدٍ وَكَانَتْ مُدَّةُ خِلَافَتِهِ سَنَتَيْنِ وَثَلَاثَةَ أَشْهُرٍ وَّأَحَدَ عَشَرَ يَوْمًا وَّدُفِنَ بَعْدَ

وَفَاتِهِ بِجَوَارِ ضَرِيحِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَنِعْمَ الْجَوَارُ جَوَارُهٗ۔

جب حضور اپنے رفیق اعلیٰ سے جا ملے تو مسلمان قیامت کی ہولناکی سے بڑھ کر عظیم صدمے سے دوچار ہوئے۔ ان کی حالتیں غیر ہو گئیں اور وہ خوفزدہ ہو گئے اور غمگین ہو گئے۔ پس جب ابو بکر صدیقؓ نے ان کو اس حالت میں پایا تو مکمل اطمینان اور سکون کے ساتھ ان کو خطبہ دیا اور انھوں نے صبر کیا تو اللہ نے ان سے غم اور خوف کو دور کر دیا پس مہاجرین اور انصار آپ کو خلیفہ منتخب کرنے پر راضی ہو گئے اور ان سب نے آپکی بیعت لی پس آپ نے اللہ عزوجل کے حکم سے جھوٹے نبیوں پر فتح حاصل کی۔ آپ کے دور خلافت میں عراق اور شام کی فتح مکمل ہوئی۔ آپؓ ہی وہ شخص تھے جنھوں نے قرآن پاک کو ایک جلد میں اکٹھا کیا آپکی خلافت کی مدت 2 سال تین ماہ اور گیارہ دن تھی۔ آپؓ وفات کے بعد حضور ﷺ کے مزار اقدس کے پڑوس میں دفن ہوئے اور آپکا پڑوس کتنا اچھا پڑوس ہے۔

اَلتَّمَارِيْنُ

س 1۔ أَجِبْ عَنِ الْأَسْئِلَةِ التَّالِيَةِ:

نیچے دیئے ہوئے سوالات کے جوابات دیجیے:

١۔ فِي أَيِّ سَنَةٍ وُلِدَ أَبُوْ بَكْرِ الصِّدِّيْقُ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ؟

ابو بکر صدیقؓ کس سن میں پیدا ہوئے؟

وَلِدَ لِلسَّنَةِ الثَّانِيَةِ أَوِ الثَّالِثَةِ مِنْ عَامِ الْفِيْلِ

٢۔ مَتٰى أَسْلَمَ أَبُوْ بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ؟

حضرت ابو بکرؓ کب اسلام لائے؟

هُوَ أَوَّلُ مَنْ شَرَّفَهُمُ اللّٰهُ بِاعْتِنَاقِ الْإِسْلَامِ

٣۔ بِمَاذَا لَقَّبَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَتٰى؟

حضور ﷺ نے کیوں لقب دیا اور کب دیا؟

لَقَّبَهُ النَّبِيُّ بِالصِّدِّيْقِ حِيْنَ صَدَّقَهُ فِيْ حَدِيْثِ الْإِسْرَاءِ وَالْمِعْرَاجِ۔

٤۔ كَيْفَ شَرَّفَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى فِي الْقُرْآنِ الْمَجِيْدِ؟

اللہ نے قرآن مجید میں آپکو کیسے شرف بخشا؟

شَرَّفَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى بِذِكْرِهٖ فِي الْقُرْآنِ الْمَجِيْدِ۔

۵۔ مَاذَا كَانَ عُمَرُ الْفَارُوْقُ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ يَتَمَنّٰى؟

حضرت عمر فاروقؓ کیا تمنا کیا کرتے تھے؟

يَتَمَنّٰى لَوْعُوِّضَ بِهَا عَنْ أَعْمَالِهِ الْحَسَنَةِ جَمِيْعِهَا

س2۔ كَوِّنْ أَسْئِلَةً تَكُوْنُ الْجُمَلُ الْاٰتِيَةُ أَجْوِبَةً لَّهَا۔

ایسے سوالات بنائیں کہ نیچے دیئے ہوئے جملے ان کے جوابات بن جائیں۔

۱۔ كَانَتْ مُدَّةُ خِلَافَتِهٖ سَنَتَيْنِ وَثَلَاثَةَ أَشْهُرٍ وَّأَحَدَ عَشَرَ يَوْمًا۔

آپکی خلافت کی مدت دو سال تین ماہ اور گیارہ دن تھی۔

كَمْ كَانَتْ مُدَّةُ خِلَافَتِهٖ؟

۲۔ نَعَمْ نَصَرَهُ اللّٰهُ عَلَى الْمُرْتَدِّيْنَ۔

جی ہاں اللہ نے انھیں مرتدوں پر فتح دی

هَلْ نَصَرَهُ اللّٰهُ عَلَى الْمُرْتَدِّيْنَ؟

۳۔ وَهَبَ لِلْإِسْلَامِ وَرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلَّ مَا كَانَ لَدَيْهِ۔

آپؓ کے پاس جو کچھ تھا آپ نے اسلام اور اللہ کے رسول کے لئے قربان کر دیا۔

مَاذَا وَهَبَ أَبُوْ بَكْرِ الصِّدِّيْقِ لِلْإِسْلَامِ وَرَسُوْلِ اللّٰهِ۔

س3۔ تَرْجِمْ اِلَى الْعَرَبِيَّةِ:

۱۔ حضرت ابو بکرؓ پہلے خلیفہ رسول تھے۔	كَانَ أَبُوْ بَكْرِ الصِّدِّيْقُ أَوَّلَ خَلِيْفَةٍ لِّلرَّسُوْلِ
۲۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے آپکو صدیق کا خطاب دیا۔	لَقَّبَهُ النَّبِيُّ بِالصِّدِّيْقِ۔
۳۔ آپؓ نے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ہجرت کی۔	هُوَ هَاجَرَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ۔
۴۔ آپؓ نے سب کچھ اسلام کے لئے وقف کر دیا۔	وَهَبَ لِلْإِسْلَامِ جَمِيْعَ مَا كَانَ لَدَيْهِ۔
۵۔ آپ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے روزہ اطہر میں دفن ہیں۔	دُفِنَ بِجِوَارِ ضَرِيْحِ النَّبِيِّ۔

......☆......

اَلدَّرْسُ الثَّامِنُ عَشَرَ (اٹھارواں سبق)

اللہ کے نور سے اقتباس (۲)

اَللّٰہُ یَنْھَانَا عَنِ الْأَخْلَاقِ السَّیِّئَۃِ

اللہ ہمیں گھٹیا اور بُرے اخلاق سے منع کرتا ہے

حل لغات:

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
یَفْتَرِیْ	وہ گھڑتا ہے	آیَاتٌ	نشانیاں
کَاذِبُوْنَ	جھوٹے	تَخُوْنُوْا	تم خیانت کرو
تَعْلَمُوْنَ	تم جانتے ہو	اَجْتَنِبُوْا	بچو۔ اجتناب کرو
ظَنٌّ	گمان	لَاتَجَسَّسُوْا	تم جاسوسی نہ کرو
اِثْمٌ	گناہ	یَغْتَبُ	وہ غیبت کرتا ہے
مَیْتٌ	مردہ	کَرِہٌ	ناپسندیدہ
تَوَّابٌ	توبہ قبول کرنے والا	فَوَاحِشُ	بے حیائی کی باتیں
غَضِبُوْا	وہ غضبناک ہوئے	یَغْفِرُوْنَ	بخش دیتے ہیں
مَیْسِرٌ	جوا	اَلْأَنْصَابُ	بت
اَلْأَزْلَامُ	پانسے کا تیر	رِجْسٌ	ناپاک
تُفْلِحُوْنَ	تم فلاح پاتے ہو	تَأْکُلُوْا	تم کھاؤ
لَعَلَّ	شاید	بَاطِلٌ	ناجائز
تُدْلُوْا	تم پہنچاؤ	حُکَّامٌ	مالک
تُسْرِفُوْا	تم فضول خرچی کرو	مُبَذِّرِیْنَ	فضول خرچی
اِخْوَانٌ	بھائی	اِیْتَاءٌ	دنیا
وَیَنْھٰی	وہ منع کرتا ہے	مُنْکَرٌ	بری عادتیں

بَغْیٌ	بغاوت	یَعِظُ	وہ نصیحت کرتا ہے
تُصَعِّرْ	تو پھلا۔ تو اکڑ	خَدٌّ	گال
تَمْشِ	تو چل	مَرَحًا	اکڑ کر
تُبْطِلُوْا	تم ضائع کرو	مَنٌّ	احسان
أَذًى	تکلیف	یُنْفِقُ	وہ خرچ کرتا ہے
رِئَاءَ	دیکھاوا		

اردو ترجمہ

۱۔ اِنَّمَا یَفْتَرِی الْکَذِبَ الَّذِیْنَ لَایُوْمِنُوْنَ بِاٰیَاتِ اللّٰہِ ج وَأُولٰٓئِکَ هُمُ الْکَاذِبُوْنَ۔(النحل ۱۰۵)

ا۔ بے شک جھوٹ وہ گھڑتے ہیں جو اللہ کی آیات پر ایمان نہیں رکھتے اور وہی لوگ جھوٹے ہیں۔

۲۔ یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَاتَخُوْنُو اللّٰہَ وَالرَّسُوْلَ وَ تَخُوْنُوْا أَمَانَاتِکُمْ وَأَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ۔

۲۔ اے ایمان والو! اللہ اور اسکے رسول سے خیانت مت کرو اور تم آمانتوں میں خیانت کرو جبکہ تم جانتے ہو۔

۳۔ یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اجْتَنِبُوْا کَثِیْرًا مِّنَ الظَّنِّ إِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ إِثْمٌ وَلَاتَجَسَّسُوْا وَلَایَغْتَبْ بَّعْضُکُمْ بَعْضًا، أَیُحِبُّ أَحَدُکُمْ أَنْ یَّأْکُلَ لَحْمَ أَخِیْهِ مَیْتًافَکَرِهْتُمُوْهُ، وَاتَّقُو اللّٰہَ اِنَّ اللّٰہَ تَوَّابٌ رَّحِیْمٌ۔

۳۔ اے ایمان والو! بہت سے گمانوں سے بچو یقیناً بعض گمان تو گناہ ہوتے ہیں۔ اور جاسوسی نہ کرو اور نہ تم میں سے کوئی ایک دوسرے کی غیبت کرے کیا تم میں سے کوئی اپنے مردہ بھائی کا گوشت کھانا پسند کرے گا پس تم یقیناً اسے ناپسند کرتے ہو اور اللہ سے ڈرو بے شک وہ توبہ قبول کرنے والا اور رحم کرنے والا ہے۔

٤۔ وَالَّذِیْنَ یَجْتَنِبُوْنَ کَبَائِرَ الْإِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ وَإِذَامَا غَضِبُوْهُمْ

يَغْفِرُوْنَ۔

۴۔ اور وہ لوگ کبیرہ گناہوں سے اور بے حیائی کی باتوں سے بچتے ہیں اور جب غضبناک ہوتے ہیں تو معاف کر دیتے ہیں۔

۵۔ يَاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا إِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْأَنْصَابُ وَالْأَزْلَامُ رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ فَاجْتَنِبُوْهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ۔

۵۔ اے ایمان والو! بے شک شراب، جوا، بت اور پانسے کے تیر ناپاک شیطانی اعمال ہیں پس ان سے بچو شاید تم فلاح پاؤ۔

۶۔ وَلَاتَأْكُلُوْا أَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ وَتُدْلُوْا بِهَا إِلَى الْحُكَّامِ لِتَأْكُلُوْا فَرِيْقًا مِّنْ أَمْوَالِ النَّاسِ بِالْإِثْمِ وَأَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ٥

۶۔ اور آپس میں ایک دوسرے کا مال ناجائز طریقے سے مت کھاؤ اور اس کو حکام تک پہنچا دو کہیں ایسا نہ ہو کہ لوگوں کے مالوں میں سے ایک گروہ ناجائز طریقے سے مال کھا جائے جبکہ تم جانتے بھی ہو۔

۷۔ وَكُلُوْا وَاشْرَبُوْا وَلَا تُسْرِفُوْا إِنَّهٗ لَايُحِبُّ الْمُسْرِفِيْنَ۔

۷۔ کھاؤ پیو اور فضول خرچی نہ کرو بے شک وہ (اللہ) فضول خرچی کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔

۸۔ إِنَّ الْمُبَذِّرِيْنَ كَانُوْا إِخْوَانَ الشَّيَاطِيْنِ۔

۸۔ بے شک فضول خرچ شیطانوں کے بھائی ہیں۔

۹۔ إِنَّ اللّٰهَ يَأْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْإِحْسَانِ وَإِيْتَآءِ ذِي الْقُرْبٰى وَيَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَاءِ وَالْمُنْكَرِ وَالْبَغْيِ ، يَعِظُكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ۔

۹۔ بے شک اللہ عدل واحسان کرنے اور رشتہ داروں کو دینے کا حکم دیتا ہے اور بے حیائی اور بری باتوں اور نافرمانی سے منع کرتا ہے وہ تمھیں نصیحت کرتا ہے کہ شاید کہ تم نصیحت حاصل کرو۔

۱۰۔ وَلَا تُصَعِّرْ خَدَّكَ لِلنَّاسِ وَلَاتَمْشِ فِي الْأَرْضِ مَرَحًا ط إِنَّ اللّٰهَ لَايُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُوْرٍ۔

۱۰۔ اور لوگوں کے لئے اپنا گال تکبر سے مت پھلا اور زمین پر اکڑ کر مت چل بے شک اللہ ہر فخر و غرور کرنے والے کو پسند نہیں کرتا ہے۔

۱۱۔ یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْ الَاتُبْطِلُوْا صَدَقٰتِکُمْ بِالْمَنِّ وَالْاَذٰی۔ کَالَّذِیْ یُنْفِقُ مَالَه‘ رِئَآءَ النَّاسِ وَلَایُؤْمِنُ بِاللّٰہِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ۔

۱۱۔ اے ایمان والو! اپنے صدقات احسان جتلا کر اور تکلیف دے کر مت ضائع کرو اس شخص کی طرح جو لوگوں کے دکھاوے کے لئے اپنا مال خرچ کرتا ہے اور اللہ اور یوم آخرت پر یقین نہیں رکھتا ہے۔

اَلتَّمَارِیْنُ

س1۔ أَجِبْ عَنِ الْأَسْئِلَۃِ الْاٰتِیَۃِ:

نیچے دیئے ہوئے سوالات کے جوابات دیں:

۱۔ مَاھِیَ الْاٰیَۃُ الَّتِیْ تَنْھَانَا عَنِ الْإِخْتِیَالِ؟

کونسی آیت ہے جو اکڑ کر چلنے سے منع کرتی ہے۔

وَلَا تُصَعِّرْ خَدَّکَ لِلنَّاسِ وَلَا تَمْشِ فِی الْأَرْضِ مَرَحًا ط اِنَّ اللّٰہَ لَا یُحِبُّ کُلَّ مُخْتَالٍ فَخُوْرٍ۔ (لقمان ۱۸)

۲۔ عَمَّا ذَا تَنْھَی الْاٰیَۃُ الْأُوْلٰی مِنْ ھٰذَا الدَّرْسِ؟

اس سبق کی پہلی آیت کس چیز سے منع کرتی ہے؟

تَنْھَی الْاٰیَۃُ الْأُوْلٰی مِنَ الْکَذِبِ۔

س2۔ إِمْلَاِ الْفَرَاغَ بِکَلِمَۃٍ مُنَاسِبَۃٍ۔

۱۔ مَنْ یَفْتَرِی الْکَذِبَ لَا یُؤْمِنُ بِآیَاتِ اللّٰہِ۔

۲۔ قَدْ نَھَانَا الْقُرْآنُ أَنْ نَخُوْنَ اللّٰہَ وَالرَّسُوْلَ

۳۔ اَلْخَمْرُ وَالْمَیْسِرُ رِجْسٌ مِنْ عَمَلِ الشَّیْطَانِ۔

س3۔ صَحِّحْ مَایَأْتِیْ مِنَ الْجُمَلِ:

نیچے دیئے ہوئے جملوں کو درست کریں:

۱۔ اَلْفَاحِشَۃُ الظَّاھِرُ مَمْنُوْعَۃُ فِی الشَّرِیْعَۃِ الْإِسْلَامِیِّ۔

اَلْفَاحِشَۃُ الظَّاھِرَۃُ مَمْنُوْعَۃٌ فِی الشَّرِیْعَۃِ الْإِسْلَامِیَّۃِ۔

۲۔ اَلْقُرْآنُ تَدْعُوْ اِلٰی صِرَاطِ الْمُسْتَقِیْمِ۔

اَلْقُرْآنُ يَدْعُوْ اِلَي الصِّرَاطِ الْمُسْتَقِيمِ۔

۳۔ اَلْمُسْلِمُوْنَ يُنْفِقُ أَمْوَالَهُمْ فِي السَّبِيلِ اللّٰهِ۔

اَلْمُسْلِمُوْنَ يُنْفِقُوْنَ أَمْوَالَهُمْ فِيْ سَبِيلِ اللّٰهِ۔

س4۔ تَرْجِمْ اِلَى الْعَرَبِيَّةِ:

عربی ترجمہ کریں:

۱۔ مومن جھوٹ نہیں گھڑتا۔

اَلْمُؤْمِنُ لَا يَفْتَرِي الْكَذِبَ

۲۔ ہم غیبت نہیں کرتے۔

نَحْنَ لَا نَغْتَبُ

۳۔ امانت میں خیانت نہ کر۔

لَا تَخُنِ الْاَمَانَةَ

۴۔ اللہ کے بندے زمین پر اکڑ کر نہیں چلتے۔

لَا يَمْشِيْ عِبَادُ الرَّحْمٰنِ عَلَى الْأَرْضِ مَرَحًا۔

۵۔ ہم احسان جتا کر نیکی ضائع نہیں کرتے۔

نَحْنَ لَا نُبْطِلُ صَدَقَاتِنَا بِالْمَنِّ۔

OOOOOOOOOOO

اَلدَّرْسُ التَّاسِعُ عَشَرَ: (انیسواں سبق)

خط (۲)

رِسَالَةُ صَدِيْقٍ إِلٰى صَدِيْقٍ وَّ الرَّدُّ عَلَيْهَا

ایک دوست کا دوسرے دوست کی طرف خط

اور اسکا جواب

حل لغات:

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
۱۔ اَنْتَهِزُ	میں فائدہ اٹھاتا ہوں	۲۔ فُرْصَةٌ	موقع
۳۔ أُعْرِبُ	میں اظہار کروں	٤۔ أَطْيَبُ	پاکیزہ
۵۔ رَاجِيٌّ	امید کرنا	٦۔ يُعِيْدُ	وہ لوٹاتا ہے
۷۔ أَلْفٌ	ہزار	۸۔ أَعْيَادُ	عیدیں
۹۔ بُشْرٰی	خوشخبری	۱۰۔ قَادِمَةٌ	آنے والی
۱۱۔ غِبْطَةٌ	خوشی	۱۲۔ سُرُوْرٌ	خوشی۔ مسرور
۱۳۔ أَتَمَنّٰی	میں تمنا کرتا ہوں	١٤۔ قَائِلًا	کہتے ہوئے
۱۵۔ أُهْدِيْ	میں تحفہ بھیجتا ہوں	١٦۔ هَنَاءٌ	مبارک باد
۱۷۔ أَرْجُوْ	میں امید کرتا ہوں	۱۸۔ اِقْبَالٌ	بلندی
۱۹۔ عَامٌ	سال	۲۰۔ خَيْرٌ	سلامتی
۲۱۔ اَلرَّدُّ	جواب	۲۲۔ تَحِيَّةٌ	سلام
۲۳۔ عَاطِرَةٌ	پاکیزہ	٢٤۔ تَلَقَّيْتُ	مجھے ملا
۲۵۔ غَرَّاءُ	روشن	٢٦۔ اَلطَّيِّبَةُ	پاکیزہ
۲۷۔ مَلِيْئَةٌ	بھرا ہوا	۲۸۔ عَوَاطِفُ	جذبات
۲۹۔ مَوَدَّةٌ	محبت	۳۰۔ اَلْاِخَاءُ	بھائی چارہ

٣١۔ سَعَادَةٌ	خوش بختی	٣٢۔ سَعِيْدَةٌ	مبارک
٣٣۔ أَعَادَ	وہ لوٹائے	٣٤۔ رَغِيْدٌ	پرلطف
٣٥۔ اَلْعَيْشُ	زندگی	٣٦۔ مُتَمَثِّلاً	مثال دیتے ہوئے
٣٧۔ أَطَالَ	وہ طویل کرے	٣٨۔ رَغمَ	باوجود
٣٩۔ حُسُوْدٌ	حاسد	٤٠۔ وَمَا ذَالَتْ	مسلسل
٤١۔ بَيْضٌ	سفید۔روشن	٤٢۔ عَادَاكَ	تیرادشمن
٤٣۔ سُوْدٌ	سیاہ۔کالا	٤٤۔ خَالِصٌ	پُرخلوص

اردو ترجمہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

٢٣/رَمَضَانُ الْمُبَارَكُ اَلْمَدْرَسَةُ الثَّانَوِيَّةُ لِلْبَنَاتِ،

/١٤٠٦ھ بِبَشَاوَرْ

٢٣/رمضان المبارک/١٤٠٦ھ گرلز ہائی سکول لاہور۔

صَدِيْقِيَ الْعَزِيْزَ / عَبْدُالْخَالِقِ ! حَفِظَكَ اللّٰهُ!

میرے پیارے دوست .... اللہ تمہارا محافظ ہے۔

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُه' .... وَبَعْدُ

اسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ .... بعد

فَانْتَهِزُ فُرْصَةَ حُلُوْلِ عِيْدِ الْفِطْرِ الْمُبَارَكِ لِأُعْرِبَ لَكَ عَنْ أَطْيَبِ التَّمَنِّيَاتِ رَاجِيًا مِنَ اللّٰهِ سُبْحَانَه' وَتَعَالٰى أَنْ يُعِيْدَهُ عَلَيْكَ أَلْفَ مَرَّةٍ وَيَجْعَلَه ' أَعْظَمَ الْأَعْيَادِ بَرَكَةً عَلَيْكَ وَبُشْرٰى صَادِقَةً لِلْأَعْيَادِ الْقَادِمَةِ وَ أَنْتَ بِالْعِزِّ وَالشَّرَفِ وَالْغِبطَةِ وَالسُّرُوْرِ

میں عیدالفطر کی آمد کے موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے آپکے لئے اپنے نیک جذبات کا اظہار اللہ سے یہ امید کرتے ہوئے کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ آپ پر ایسی ہزاروں عیدیں لائے اور اس عید کو برکت کے لحاظ سے آپ کے لئے عظیم بنادے اور آئندہ آنے والی عیدوں کے لئے سچی خوشخبری بنادے اور آپ عزت، شرافت، خوشی اور مسرت کے ساتھ رہیں اور آپکے لئے ایسی ہی تمنا کرتا ہوں

جیسا کہ ایک شاعر اپنے کسی دوست کے لئے یہ کہتے ہوئے کرتا ہے۔

وَأَتَمَنّٰى لَكَ كَمَا يَتَمَنّٰى الشَّاعِرُ لِصَاحِبِهٖ قَائِلًا : بِعِيْدِ الْفِطْرِ ذِي الْبَرَكَاتِ أُهْدِي لِحَضْرَتِكَ الْهَنَاءَ مَعَ السَّلَامِ وَ اَرْجُوْ أَنْ يَّعُوْدَ بِكُلِّ عِزٍّ وَّ اِقْبَالٍ عَلَيْكَ بِكُلِّ عَامٍ كُلَّ عَامٍ وَاَنْتُمْ بِخَيْرٍ!

برکات والی عید الفطر کے موقع پر میں آپکی خدمت میں سلام کے ساتھ مبارکباد پیش کرتا ہوں۔اور امید کرتا ہوں کہ آپ پر ہر سال عید عزت، بلندی کے ساتھ لوٹے اور آپ خیریت سے رہیں!

صَدِيْقُكَ الْمُخْلِصُ

آپ کا مخلص دوست

عَبْدُاللّٰهُ

عبداللہ

اَلرَّدُّ

جواب

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ٥

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم والا ہے

٢٥/رَمَضَانُ الْمُبَارَكُ /١٤٠٦ھ مِنَ الْمَدْرَسَةُ الثَّانَوِيَّةُ لِلْبَنَاتِ، بِحَيْدرِ آباد

٢٥/ رمضان المبارک /١٤٠٦ ھج گرلز ہائی سکول لاہور۔

صَدِيْقِي الْمُحْتَرَمِ / عَبْدَالله ! اَطَالَ اللّٰهُ عُمْرَكَ !

میرے محترم دوست عبداللہ اللہ آپ کی عمر دراز کرے

تَحِيَّةٌ إِسْلَامِيَّةٌ عَاطِرَةٌ !

محبتانہ سلام!

فَقَدْ تَلَقَّيْتُ رِسَالَتَكَ الْغَرَّاءَ الطَّيِّبَةَ الْمَلِيْئَةَ بِعَوَاطِفِ الْمَوَدَّةِ وَالْاَخَاءِ وَكَذٰلِكَ اَتَمَنّٰى لَكَ الْخَيْرَ وَالسَّعَادَةَ بِهٰذِهِ الْمُنَاسَبَةِ السَّعِيْدَةِ

أَعَادَهَا اللّٰهُ عَلَيْكَ بِالْمَسَرَّةِ وَالْهَنَاءِ وَالْعَيْشِ الرَّغِيْدِ مُتَمَثِّلًا بِقَوْلِ الشَّاعِرِ:

مجھے آپ کا روشن، پاکیزہ اور محبت اور بھائی چارے کے جذبات سے بھرا ہوا خط ملا اور اسی طرح میں آپ کے لئے بھلائی، خوش بختی کی تمنا اس مبارک موقع کی مناسبت سے کرتا ہوں۔ اللہ اس کو خوشی، مبارکباد اور پرلطف زندگی کے ساتھ لوٹائے شاعر کے قول کے مطابق میں ہر عید پر خوش بختی اور بلندی (ترقی) کی مبارکباد دیتا ہوں۔ جیسا کہ شاعر نے کہا:

تُهَنِّئُكَ السَّعَادَةُ كُلَّ عِيْدٍ　　وَ إِقْبَالٌ وَّقَدْ رَغِمَ الْحُسُوْدُ

اگر چہ حاسد اس کے برعکس چاہیں اور اقبال مندی کی خوشخبری لائے۔

وَلَا زَالَتْ لَكَ الْأَيَّامُ بَيْضًا　　وَأَيَّامُ الَّذِيْ عَادَاكَ سُوْدُ

تیرے دن مسلسل روشن (سفید) رہیں اور تیرے دشمنوں کے دن سیاہ ہو جائیں۔

وَلَكَ خَالِصُ التَّحِيَّاتِ وَالتَّمَنِّيَاتِ

اور آپ کے لئے پاکیزہ سلام اور نیک تمنائیں۔

صَدِيْقُكَ الْوَفِيُّ

آپ کا وفادار دوست

عَبْدُ الْخَالِقِ

عبدالخالق

اَلتَّمَارِيْنُ

س1۔ أَجِبْ عَمَّا يَأْتِيْ مِنَ الْأَسْئِلَةِ:

نیچے دیئے ہوئے سوالات کے جوابات دیں:

۱۔ مَاهِيَ الْفُرْصَةُ الَّتِيْ انْتَهَزَهَا عَبْدُ اللّٰهِ فِيْ رِسَالَتِهٖ؟

عبداللہ نے اپنے خط میں کس موقع سے فائدہ اٹھایا؟

اِنْتَهَزَ عَبْدُ اللّٰهِ فُرْصَةَ حُلُوْلِ عِيْدِ الْفِطْرِ الْمُبَارَكِ۔

۲۔ مَاذَا وَكَيْفَ يَتَمَنّٰى عَبْدُ اللّٰهِ لِصَدِيْقِهٖ؟

عبداللہ اپنے دوست کے لئے کیا اور کیسے تمنا کرتا ہے۔

هُوَ يَتَمَنّٰى أَنْ يَعُوْدَ الْعِيْدَ عَلٰى صَدِيْقِهٖ عِزٍّ وَّإِقْبَالٍ بِكُلِّ عَامٍ

۳۔ أَیْنَ یَسْکُنُ عَبْدُ اللّٰہِ وَأَیْنَ یَسْکُنُ صَدِیْقُهٗ عَبْدُ الْخَالِقِ؟

عبداللہ کہاں رہتا ہے اور اس کا دوست عبدالخالق کہاں رہتا ہے؟

یَسْکُنُ عَبْدُ اللّٰہِ بِبَشَاوَرَ وَیَسْکُنُ صَدِیْقُهٗ عَبْدُ الْخَالِقِ بِحَیْدَرْ آبَادْ

س2۔ اِحْفَظِ الْکَلِمَاتِ الْآتِیَۃَ وَاسْتَخْدِمْهَا فِیْ جُمَلٍ مُّفِیْدَۃٍ۔

نیچے دیئے ہوئے کلمات کو یاد کریں اور انھیں مفید جملوں میں استعمال کریں۔

آمَنَ عَلِيٌّ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَصَدَّقَ رِسَالَتَهُ وَهُوَ مُرَاهِقٌ۔

س4۔ اِسْتَخْرِجْ عِشْرِيْنَ إِسْمًا مِنَ الدَّرْسِ وَاكْتُبْهَا بِمُفْرَدَاتِهَا وَجُمُوْعِهَا۔

سبق سے 20 اسم لیں اور ان کے واحد اور جمع لکھیں۔

واحد	جمع	واحد	جمع
۱۔ وَجْهٌ	وُجُوْهٌ	۲۔ دِيْنٌ	أَدْيَانٌ
۳۔ لَقَبٌ	اَلْقَابٌ	٤۔ بَيْتٌ	بُيُوْتٌ
۵۔ أَمَانَةٌ	أَمَانَاتٌ	٦۔ عِلْمٌ	عُلُوْمٌ

۷۔ بِنْتٌ	بَنَاتٌ	۸۔ اُمٌّ	اُمَّهَاتٌ
۹۔ اِسْمٌ	اَسْمَآءٌ	۱۰۔ بَابٌ	اَبْوَابٌ
۱۱۔ لَيْلَةٌ	لَيَالِيُ	۱۲۔ يَوْمٌ	اَيَّامٌ
۱۳۔ خَطِيْبٌ	خُطَبَآءُ	۱۴۔ قَاضِيُ	قُضَاةٌ
۱۵۔ اُمَّةٌ	اُمَمٌ	۱۶۔ مَثَلٌ	اَمْثَالٌ
۱۷۔ شَاعِرٌ	شُعَرَاءُ	۱۸۔ غَزْوَةٌ	غَزَوَاتٌ
۱۹۔ فَارِسٌ	فُرْسَانٌ	۲۰۔ خَلِيْفَةٌ	خُلَفَاءُ
۲۱۔ رَاشِدٌ	رَاشِدُوْنَ		

س5۔ تَرْجِمْ اِلَى الْعَرَبِيَّةِ

عربی ترجمہ کریں:

۱۔ حضرت علیؓ ہجرت سے اکیس برس قبل پیدا ہوئے؟

وُلِدَ عَلِيٌّ قَبْلَ الْهِجْرَةِ بِاِحْدٰى وَّعِشْرِيْنَ سَنَةً۔

۲۔ آپ کی کنیت ابوالحسن تھی۔

كَانَتْ كُنْيَتُهٗ أَبَا الْحَسَنِ۔

۳۔ ماں نے آپؓ کا نام حیدر رکھا۔

سَمَّتْهُ اُمُّهٗ حَيْدَرَةَ۔

۴۔ باپ نے آپؓ کا نام علی رکھا۔

سَمَّاهُ اَبُوْهُ عَلِيًّا۔

۵۔ حضرت علیؓ کو ابوتراب والا نام بہت محبوب تھا۔

كَانَ اَبُوْ تُرَابٍ اَحَبَّ الْأَسْمَاءِ اِلٰى عَلِيٍّ۔

۶۔ آپؓ اللہ کے دین میں نرمی کے قائل نہ تھے۔

لَمْ يَكُنْ يَعْرِفُ الْهَوَادَةَ فِيْ دِيْنِ اللهِ۔

۷۔ آپؓ چوتھے خلیفہ راشد ہیں۔

هُوَ الْخَلِيْفَةُ الرَّاشِدُ الرَّابِعُ۔

۸۔ آپؓ شعراء اور خطبائے صحابہؓ میں سے ہیں۔

هُوَ مِنْ شُعَرَاءِ الصَّحَابَةِ وَ خُطَبَائِهِمْ۔

OOOOOOOOOOO

اَلدَّرْسُ الْخَامِسُ وَالْعِشْرُوْنَ

پچیسواں سبق

ہمارا وطن (۳)

اَلْمَصَایِفُ فِیْ بِلَادِنَا

ہمارے ملک میں موسم گرما (گذارنے) کے مقامات

المفردات:

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
۱۔ اِشْتَدَّتْ	شدید۔سخت ہوگئی	۲۔ اَلْحَرَارَۃُ	گرمی
۳۔ مُتْعَبُوْنَ	تھکے۔اکتائے ہوئے	٤۔ حَاجَۃُ	ضرورت
۵۔ حَدِیْثٌ ثَقِیْلٌ	ثقیل گفتگو	٦۔ اَلصَّیْفُ	موسم گرما
۷۔ نُحِبُّ	ہم چاہتے ہیں	۸۔ الشِّتَاءُ	موسم سرما
۹۔ بَرْدٌ	سردی	۱۰۔ اَلثُّلُوْجُ	برفیں
۱۱۔ تَعَبٌ	تھکن	۱۲۔ فَلْیَکُنْ	پس چاہیے کہ ہو
۱۳۔ مَصَایِفُ	گرمائی مقامات	١٤۔ اِقْبَالٌ	رخ کرنا۔متوجہ کرنا
۱۵۔ اَلْمَوَاطِنِیْنَ	شہری	١٦۔ فَصْلٌ	موسم
۱۷۔ اَلْمَلَابِسُ	لباس	۱۸۔ اَلْخَفِیْفَۃُ	ہلکے پھلکے
۱۹۔ اَلِاسْتِجْمَامُ	دل بہلانا	۲۰۔ اَلتَّمَتُّعُ	لطف اندوز ہونا
۲۱۔ اَلْمِیَاہُ	پانی	۲۲۔ اَلْبَارِدَۃُ	ٹھنڈا
۲۳۔ اَلْمَصَایِفُ الْجَبَلِیَّۃُ	پہاڑی گرمائی مقامات	٢٤۔ رَئِیْسٌ	سربراہ۔پرنسپل

۲۵۔ رِحْلَةُ طُلَابِيَّةُ	سٹوڈنٹ ٹرپ	۲۶۔ خِلَالُ	دوران
۲۷۔ اَلْإِجَازَاتُ الصَّيْفِيَّةُ	گرمی کی چھٹیاں	۲۸۔ أَفَضِّلُ	میں ترجیح دیتاہوں
۲۹۔ اَلشَّامِخَةُ	بلند	۳۰۔ أَوْدِيَةُ	وادیاں
۳۱۔ اَلْخَضْرَاءُ	سرسبز	۳۲۔ اَلْبَيْضَاءُ	سفید
۳۳۔ تَتَّفِقُوْنَ	تم متفق ہوجاؤ	۳٤۔ أَرٰى	میراخیال۔رائے
۲۵۔ يُوَافِقُ	موافقت	۲٦۔ اَلْأُخْرَاى	دوسرے
۲۷۔ مُعْظَمُ	بڑے	۲۸۔ تُوْجَدُ	پائے جاتے ہیں
۲۹۔ اَلْمَنَاطِقُ	علاقے	۳۰۔ نَنْيَاجَلِى	نتھیاگلی
۳۱۔ شِتْرَالُ	چترال	۳۲۔ اِقْلِيْمُ	صوبہ
۳۳۔ بَلُوْشِسْتَانَ	بلوچستان	۳٤۔ جَوٌّ	فضا
۲۵۔ اَلْهَادِئُ	پرسکون	۲٦۔ مَنَاخُ	آب وہوا
۲۷۔ فَوَاكِهُ	پھل	۲۸۔ نَسِيْنَا	ہم بھول گئے
۲۹۔ وَادِيَيْنِ	دووادیاں	۳۰۔ جلْجِتُ	گلگت
۳۱۔ مُتَوَفِّرَةٌ	وافر	۳۲۔ تُوْجَدُ	پائے جاتے ہیں
۳۳۔ عُيُوْنٌ	چشمے	۳٤۔ اَلْمِيَاهِ	ٹھنڈے معدنی پانی
۳۵۔ اَلْمَعْدِنِيَّةِ الْبَارِدَةِ	منرل واٹر		

اردو ترجمہ

مَحْمُوْدُ: يَا أُسْتَاذِى الْمُحْتَرَمَ ! قَدِ اشْتَدَّتِ الْحَرَارَةُ وَنَحْنُ مُتْعَبُوْنَ بِهَا الْيَوْمَ فَلَا حَاجَةَ لَنَا إِلٰى حَدِيْثٍ ثَقِيْلٍ عَنِ الصَّيْفِ وَاِنَّمَا نُحِبُّ اَنْ نَتَحَدَّثَ عَنِ الشِّتَاءِ وَبَرْدِهٖ وَعَنِ الثُّلُوْجِ وَبُرُوْدَتِهَا حَتّٰى يَذْهَبَ عَنَّا تَعَبُ الْحَرِّ وَثِقْلُهٗ ۔

محمود: میرے استاد محترم گرمی شدید ہوگئی ہے اور ہم آج اس (گرمی) سے تھکے (اکتائے)

ہوئے ہیں۔ پس آج ہمیں موسم گرما کے بارے میں ثقیل گفتگو کرنے کی ضرورت نہیں اور ہم چاہتے ہیں کہ ہم موسم گرما اور اس کی سردی اور برف اور اس کی ٹھنڈک کی گفتگو کریں۔ یہاں تک کہ گرمی کی تھکن اور اس کا بوجھ ہم سے دور ہو جائیں۔

اَلْأُسْتَاذُ: طَيِّبٌ يَا مَحْمُودُ، فَلْيَكُنْ مَوْضُوعُ حَدِيثِنَا الْيَوْمَ مَصَايِفَ بَاكِسْتَانَ وَإِقْبَالَ الْمُوَاطِنِينَ عَلَيْهَا فِي الصَّيْفِ

استاد: تو پھر چاہیے کہ ہماری آج کی گفتگو کا موضوع پاکستان کے گرمائی مقامات اور شہریوں (باشندوں) کا موسم گرما میں وہاں آنا ہو۔

حَسَنٌ: اَنَا أُحِبُّ فَصْلَ الصَّيْفِ لِاَنَّهُ فَصْلُ الْمَلَابِسِ الْخَفِيفَةِ وَالرَّاحَةِ وَفَصْلُ الْاِسْتِجْمَامِ وَالتَّمَتُّعِ بِالْمِيَاهِ الْبَارِدَةِ وَالْمَصَايِفِ الْجَبَلِيَّةِ۔

حسن: میں موسم گرما کو پسند کرتا ہوں کیونکہ (وہ) ہلکے پھلکے اور آرام دہ لباس پہننے اور گرمائی پہاڑی مقامات کے ٹھنڈے پانیوں سے دل بہلانے اور لطف اندوز ہونے کا موسم ہوتا ہے۔

مَاجِدٌ: اِنَّ حَضْرَةَ رَئِيسِ مَدْرَسَتِنَا قَدْ اَعْلَنَ عَنْ رِحْلَةٍ طُلَّابِيَّةٍ خِلَالَ الْإِجَازَاتِ الصَّيْفِيَّةِ اِمَّا إِلٰى كُوئِتَةَ اَوْ كَاغَانَ۔

ماجد: ہمارے سکول میں پرنسپل صاحب نے گرمیوں کی چھٹیوں کے دوران کوئٹہ یا کاغان کی طرف طلبہ کے ٹرپ کا اعلان کیا ہے۔

مَحْمُودٌ: اَمَّا اَنَا فَاُفَضِّلُ سَوَاتَ وَجِبَالَهَا الشَّامِخَةَ وَ اَوْدِيَتَهَا الْخَضْرَاءَ وَثُلُوجَهَا الْبَيْضَاءَ فَلْتَكُنْ رِحْلَتُنَا الصَّيْفِيَّةُ إِلٰى سَوَاتَ هٰذَا لْعَامَ۔

محمود: میں تو سوات اور اس کے بلند و بالا پہاڑوں اور اس کی سرسبز وادیوں اور اس کی سفید برفوں کو ترجیح دیتا ہوں۔ پس ہمارا اس سال گرمیوں کا ٹرپ سوات کی طرف ہونا چاہیے۔

اَلْأُسْتَاذُ: طَيِّبٌ، أَنْتُمْ تَتَّفِقُونَ فِيمَا بَيْنَكُمْ أَوَّلًا وَأَرٰى أَنَّ حَضْرَةَ الرَّئِيسِ سَوْفَ يُوَافِقُ عَلٰى مَا تَتَّفِقُونَ عَلَيْهِ۔

استاد: ٹھیک ہے پہلے تم آپس میں متفق ہو جاؤ۔ میرا خیال ہے کہ جناب پرنسپل صاحب تمہاری رائے سے اتفاق کر لیں گے۔

مَاجِدُ: وَمَا هِيَ الْمَصَايِفُ الْأُخْرٰى فِيْ بِلَادِنَا؟

ماجد: اور ہمارے ملک میں دوسرے گرمائی مقام کون سے ہیں۔

اَلْأُسْتَاذُ: اِنَّ مُعْظَمَ مَصَايِفِنَا تُوْجَدُ فِي الْمَنَاطِقِ الْجَبَلِيَّةِ الشِّمَالِيَّةِ وَمِنْهَا: مَرِيْ وَاَيُّوْبِيَةُ وَنَتْيَا جَلِيْ وَاَيْبَتْ آبَادْ وَوَادِيْ كَاغَانَ وَسَوَاتُ وَشِتْرَالَ وَبَلْتِسْتَانُ بِالْإِضَافَةِ إِلٰى كُوَيْتَةَ وَزَيَارَتْ فِيْ إِقْلِيْمِ بَلُوْشِسْتَانَ۔

استاد: ہمارے بڑے گرمائی مقامات شمالی پہاڑی علاقوں میں پائے جاتے ہیں اوران میں سے مری، ایوبیہ، نتھیا گلی، ایبٹ آباد اور وادی کاغان، سوات چترال، بلتستان۔ علاوہ ازیں صوبہ بلوچستان میں کوئٹہ اور زیارت ہیں۔

جَاوِيْدُ: أَيُّ مَصِيْفٍ تُفَضِّلُه' أَنْتَ يَا أُسْتَاذَنَا الْجَلِيْلَ؟

جاوید: ہمارے استاد محترم آپ کس گرمائی مقام کو ترجیح دیتے ہیں۔

اَلْأُسْتَاذُ: اَنَا أُفَضِّلُ سَوَاتَ وَجَوَّهَا الْهَادِئَ وَمُنَاخَهَا الطَّيِّبَ وَمِيَاهَهَا الْمَعْدِنِيَّةَ وَفَوَاكِهَهَا اللَّذِيْذَةَ؟

استاد: میں سوات اس کی پرسکون فضا، صاف ستھری آب وہوا اور اس کے پانی معدنیاتی (منرل واٹر) اور لذیذ پھلوں کو ترجیح دیتا ہوں۔

جَاوِيْدُ: وَلٰكِنَّ نَاقَدْ نَسِيْنَا وَادِيَيْنِ جَمِيْلَيْنِ وَهُمَا جِلْجِتْ وَهُنْزَه۔

جاوید: اور لیکن ہم دوخوبصورت وادیاں جو گلگت اور ہنزہ ہیں کو بھول گئے ہیں۔

اَلْأُسْتَاذُ: وَادِيْ هُنْزَةَ جَمِيْلٌ وَبِهٖ مَصَايِفُ كَثِيْرَةٌ وَّ فَوَاكِهُ مُتَوَفِّرَةٌ وَّكَذٰلِكَ وَادِيْ جِلْجِتْ تُوْجَدُ فِيْهِ بَعْضُ الْأَمَاكِنِ الْجَمِيْلَةِ تَكْثُرُ فِيْهَا الْفَوَاكِهُ وَعُيُوْنُ الْمِيَاهِ الْمَعْدِنِيَّةِ الْبَارِدَةِ۔

استاد: وادی ہنزہ خوبصورت ہے وہاں بہت سے گرمائی مقامات ہیں اور پھلوں کی فراوانی ہے۔ اور اسی طرح وادی گلگت میں بعض خوبصورت مقامات پائے جاتے ہیں۔ جن میں پھلوں اور ٹھنڈے معدنی پانی کے چشموں کی کثرت ہے۔

......☆......

اَلتَّمَارِيْنُ

س 1۔ أَجِبْ عَمَّا يَأْتِي مِنَ الْأَسْئِلَةِ۔

درج ذیل سوالات کے جوابات دیں۔

۱۔ لِمَاذَا لَمْ يُحِبَّ مَحْمُوْدُ الْحَدِيْثَ عَنِ الصَّيْفِ؟

محمود کیوں گرمی کے بارے میں بات کرنا پسند نہیں کرتا تھا؟

۲۔ لِمَاذَا يُحِبُّ حَسَنٌ فَصْلَ الصَّيْفِ؟

حسن موسم گرما کو کیوں پسند کرتا ہے۔

۳۔ لِمَاذَا يُفَضِّلُ مَحْمُوْدُ "سَوَاتَ" عَلَى الْمَصَايِفِ الْأُخْرٰى؟

محمود سوات کو دوسرے گرمائی مقامات پر ترجیح کیوں دیتا ہے؟

٤۔ اَيْنَ تُوْجَدُ مَصَايِفُ بَاكِسْتَانَ؟

پاکستان کے گرمائی مقامات کہاں ہیں؟

۵۔ لِمَاذَا يُفَضِّلُ الْأُسْتَاذُ "سَوَاتَ" عَلَى الْمَصَايِفِ الْأُخْرٰى؟

استاد سوات کو دوسرے گرمائی مقامات پر ترجیح کیوں دیتا ہے؟

جواب

۱۔ لِاَنَّهٗ كَانَ مُتْعَبًا مِنَ الْحَرَارَةِ۔

۲۔ لِاَنَّهٗ فَصْلُ الْمَلَابِسِ الْخَفِيْفَةِ وَالرَّاحَةِ وَالْاِسْتِجْمَامِ۔

۳۔ لِاَنَّ جَوَّهَا الْهَادِئَ وَمَنَاخَهَا الطَّيِّبَ وَمِيَاهَهَا الْمَعْدِنِيَّةَ وَفَوَاكِهَهَا اللَّذِيْذَةَ۔

٤۔ فِيْ مَنَاطِقِ الْجَبَلِيَّةِ الشَّمَالِيَّةِ وَكُوْئِتَةِ وَزِيَارَةَ فِيْ اَقْلِيْمِ بَلُوْشِسْتَانَ

۵۔ لِجَوِّهَا الْهَادِئِ وَمَنَاخِهَا الطَّيِّبِ۔

س 2۔ خُذْ ثَلَاثَةً مِنَ الْاَفْعَالِ الْمُعْتَلَّةِ الَّتِيْ وَرَدَتْ فِيْ هٰذَا الدَّرْسِ ثُمَّ صَرِّفْهَا تَصْرِيْفَ الْمَاضِيْ وَالْمُضَارِعِ وَالْأَمْرِ وَالنَّهْيِ۔

اس سبق میں آئے ہوئے تین معتل افعال لیں پھر ان سے ماضی، مضارع، امر اور نہی کی

گردان کریں۔

افعال معتلہ	ماضی	مضارع	امر	نہی
فَلْیَکُنْ	کَانَ	یَکُوْنُ	کُنْ	لَا تَکُنْ
مُوَافَقَۃٌ	وَافَقَ	یُوَافِقُ	وَافِقْ	لَاتُوَافِقْ
وَجْدٌ	وَجَدَ	یَجِدُ	جِدْ	لَا تَجِدْ

ش اِسْتَخْدِمِ الْکَلِمَاتِ الْاٰتِیَۃَ فِیْ جُمَلٍ مُّفِیْدَۃٍ:

درج ذیل کلمات کو مفید جملوں میں استعمال کریں:

اَلْمُوَاطِنُ	اَنَا مُوَاطِنُ بَاکِسْتَانَ	میں پاکستان کا شہری ہوں۔
اَلْمُتْعَبُ	خَالِدٌ مُتْعَبٌ بِالْحَرَارَۃِ	خالد گرمی سے بیزار ہے۔
اَلثَّلْجُ	اَلثَّلْجُ بَارِدٌ وَّابْیَضُ	برف ٹھنڈی اور سفید ہے۔
اَلْمَصِیْفُ	اَذْھَبُ اِلٰی مَصِیْفٍ فِیْ الصَّیْفِ	میں موسم گرما میں گرمائی مقام پر جاؤں گا۔
اَلْبَارِدَۃُ	کَانَتِ اللَّیْلَۃُ الْبَارِحَۃُ وَبَارِدَۃٌ	رات ٹھنڈی اور تاریک تھی۔
اَلْمَنَاخُ	مَنَاخُ سَوَاتَ طَیِّبٌ	سوات کی آب و ہوا اچھی ہے۔
اَلْمَنَاطِقُ	اَنَا أُحِبُّ الْمَنَاطِقَ الْجَبَلِیَّۃَ	میں پہاڑی علاقوں کو پسند کرتا ہوں۔

4۔ س ھٰذِہٖ کَلِمَاتٌ وَّرَدَتْ صِفَۃً فِی الدَّرْسِ اِبْحَثْ عَنْ مَّوْصُوْفٍ لِّکُلٍّ مِنْھَا ثُمَّ اسْتَخْدِمْ ھٰذِہِ الْمُرَکَّبَاتِ التَّوْصِیْفِیَّۃِ فِیْ جُمَلٍ مُّفِیْدَۃٍ

یہ کلمات سبق میں صفت بن کر آئے ہیں۔ ان کے موصوف تلاش کرو پھر ان کو مفید جملوں میں استعمال کرو۔

اَلْخَفِیْفَۃُ	اَلْمَلَابِسُ الْخَفِیْفَۃُ	نَلْبَسُ الْمَلَابِسَ الْخَفِیْفَۃَ فِی الصَّیْفِ ہم گرمی میں ہلکے کپڑے پہنتے ہیں۔
اَلْجَمِیْلَۃُ	اَلْاَمَاکِنُ الْجَمِیْلَۃُ	تُوْجَدُ فِیْ جِلْجِتْ بَعْضُ الْاَمَاکِنِ الْجَمِیْلَۃِ گلگت میں بعض خوبصورت مقامات موجود ہیں۔

اَلْجَبَلِيَّةُ	اَلْمَصَايِفُ الْجَبَلِيَّةُ	ذَهَبَ خَالِدُ اِلَى الْمَصَايِفِ الْجَبَلِيَّةِ۔ خالد موسم گرما میں پہاڑی مقامات پر گیا۔
اَلْبَارِدَةُ	اَلْمِيَاهُ الْبَارِدَةُ	تُوجَدُ فِى سَوَاتِ مِيَاهُ بَارِدَةُ۔ سوات میں ٹھنڈے پانی موجود ہیں۔
اَللَّذِيْذَةُ	اَلْفَوَاكِهُ اللَّذِيْذَةُ	اَلْفَوَاكِهُ اللَّذِيْذَةُ مُتَوَفِرَةُ فِىْ بَاكِسْتَانَ پاکستان میں کثرت سے لذیذ پھل موجود ہیں۔

س 5۔ شَكِّلِ الْجُمَلَ الْاٰتِيَةَ وَاكْتُبْهَا بِخَطٍّ جَمِيْلٍ:

درج ذیل جملوں کواعراب لگائیں اور خوبصورت خط کے ساتھ لکھیں:

۱۔ تُوجَدُ فِىْ بَاكِسْتَانَ مِيَاهُ مَعْدَنِيَّةٌ بَارِدَةٌ۔

۲۔ وَادِى "سَوَاتَ" مِنْ اَجْمَلِ الْوِدْيَانِ فِىْ بَاكِسْتَانَ

۳۔ خَرَجَ الطُّلَّابُ فِىْ رِحْلَةٍ سِيَاحِيَّةٍ اِلٰى مَرِىْ

س6۔ اِمْلَاِ الْفَرَاغَ بِكَلِمَةٍ مُّنَاسِبَةٍ۔

مناسب الفاظ سے خالی جگہ پُر کریں۔

۱۔ مَصِيفُ مَرِىْ اَجْمَلُ الْمَصَايِفِ وَاشْهَرُ هَا فِىْ بَاكِسْتَانَ

۲۔ وَادِىْ هُنْزَةَ جَمِيْلٌ وَّبِهٖ مَصَايِفُ كَثِيْرَةٌ وَّفَوَاكِهُ مُتَوَفِّرَةٌ

س7۔ تَرْجِمْ اِلَى الْعَرَبِيَّةِ:

عربی ترجمہ کریں:

ا۔ پاکستان ہمارا پیارا وطن ہے

ا۔ شہر کے لوگ مری میں گرمیاں گزارتے ہیں۔

۳۔ میں سردی کا موسم اور اس کی ٹھنڈ کو پسند کرتا ہوں۔

۴۔ میں پہاڑ پر گیا اور ٹھنڈے معدنی پانیوں سے لطف اندوز ہوا۔

۵۔ گرمیوں کی چھٹیوں میں ہم سوات جائیں گے۔

۶۔ کیا تو نے وادی کاغان دیکھی ہے؟

جواب:

١۔ بَاکِسْتَانُ وَطَنُنَا الْحَبِیْبِ

٢۔ اَلْمَوَاطِنُوْنَ یَقْضُوْنَ فَصْلَ الصَّیْفِ عَلٰی مَرِّی۔

٣۔ اَنَا أُحِبُّ الشِّتَاءِ وَبُرُدَتَہٗ۔

٤۔ ذَھَبْتُ اِلَی الْجَبَلِ وَتَمَتَّعْتُ بِمِیَاہٍ مَعْدَنِیَّۃٍ بَارِدَۃٍ۔

٥۔ نَحْنُ نَذْھَبُ اِلٰی سَوَاتَ فِی الإِجَازَاتِ الصَّیْفِیَّۃِ۔

٦۔ ھَلْ زُرْتَ وَادِی کَاغَانَ؟

.......☆.......

اَلدَّرسُ السَّادِسُ وَالعِشرُونَ: (چھبیسواں سبق)

اللہ عزوجل کے نور سے اقتباس

بِنَاءُ الْاُسرَۃِ الاِسلَامِیَّۃِ

اسلامی گھرانے کی تعمیر

المفردات:

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
١۔ بِنَاءٌ	تعمیر	٢۔ یَھْدِیْنَا	وہ ہمیں ہدایت دیتے ہیں
٣۔ اَلْاُسرَۃُ	گھرانہ۔خاندان	٤۔ اُسُسَ	بنیادیں
٥۔ عَادِلَۃٌ	عادلانہ	٦۔ مَبَادِئُ	اصول
٧۔ قَوِیمَۃٌ	سیدھے۔صحیح	٨۔ اَلتَّفَاھُمُ	ہم آہنگی
٩۔ اَلتَّعَاوُنُ	باہمی مدد۔تعاون	١٠۔ اَلْمَوَدَّۃُ	محبت
١١۔ رِعَایَۃٌ	خیال کرنا	١٢۔ اَلْقِیَامُ	ادائیگی
١٣۔ اِتَّقُوا	تم ڈرو	١٤۔ بَثَّ	پھیلایا
١٥۔ رِجَالًا	مرد	١٦۔ نِسَاءٌ	عورتیں
١٧۔ تَسَآءَلُوْنَ	تم سوال کرتے رہو	١٨۔ اَلْاَرْحَامُ	رشتہ دار
١٩۔ رَقِیْبًا	نگران	٢٠۔ بَنِیْنَ	بیٹے
٢١۔ حَفَدَۃٌ	پوتے	٢٢۔ اَلطَّیِّبَاتُ	پاکیزہ
٢٣۔ آیَاتٌ	نشانیاں	٢٤۔ لِتَسْکُنُوْا	تاکہ تم تسکین حاصل کرو
٢٥۔ مَوَدَّۃٌ	محبت	٢٦۔ یَتَفَکَّرُوْنَ	وہ سوچ بچار کرتے ہیں
٢٧۔ قَوَّامُوْنَ	حاکم۔نگہبان	٢٨۔ فَضَّلَ	فضیلت دی

۲۹۔ اَنْفَقُوْا	انھوں نے خرچ کیا	۳۰۔ اَمْوَالِهِمْ	اپنے اموال
۳۱۔ هُنَّ	وہ (عورتیں)	۳۲۔ نَصِيْبٌ	حصہ
۳۳۔ مِمَّا	اس میں سے	۳٤۔ اِكْتَسَبْنَ	وہ کمائیں
۳۵۔ قَضٰى	طے کیا۔ فیصلہ کیا	۳٦۔ اَلَّا	کہ نہ
۳۷۔ اِلَّا	مگر	۳۸۔ اِيَّاهُ	اسی کی
۳۹۔ يَبْلُغَنَّ	پاس۔ پہنچ جائیں	٤۰۔ اَلْكِبَرُ	بڑھاپا
٤۱۔ اَحَدُهُمَا	کوئی ایک	٤۲۔ كِلَاهُمَا	دونوں
٤۳۔ وَلَاتَنْهَرْهُمَا	تو مت ڈانٹ	٤٤۔ قَوْلًا كَرِيْمًا	اچھی بات
٤۵۔ وَالْوَالِدٰتُ	مائیں	٤٦۔ يُرْضِعْنَ	وہ (مائیں) دودھ پلائیں
٤۷۔ حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ	دو سال مکمل	٤۸۔ اَنْ يُتِمَّ	کہ وہ پوری کرے
٤۹۔ اَلرَّضَاعَةُ	مدت رضاعت	۵۰۔ اَلْمَوْلُوْدُ	باپ۔ والد
۵۱۔ كِسْوَتُهُنَّ	ان (عورتوں) کا لباس	۵۲۔ اَلْمَعْرُوْفُ	دستور کے مطابق
۵۳۔ خَشْيَةَ	خوف۔ ڈر	۵٤۔ اِمْلَاقٍ	مفلسی
۵۵۔ وَاِيَّاكُمْ	اور تم کو بھی	۵٦۔ خِطْأً كَبِيْرًا	بڑا گناہ۔ بڑی
۵۷۔ وَآتِ	اور تم دو	۵۸۔ ذَالْقُرْبٰى	قریبی عزیز
۵۹۔ حَقَّهُ	اس کا حق	٦۰۔ اِبْنَ السَّبِيْلُ	مسافر

اردو ترجمہ

وَاللّٰهُ سُبْحَانَه ' وَتَعَالٰى يَهْدِيْنَا لِبِنَاءِ الْاُسْرَةِ الْإِسْلَامِيَّةِ علٰى

أُسسٍ عَادِلَةٍ وَمَبَادِئَ قَوِيمَةٍ مِنَ التَّقْوٰى وَالْأَمَانَةِ وَالتَّفَاهُمِ وَالتَّعَاوُنِ وَالرَّحْمَةِ وَالشَّفَقَةِ وَالْمَوَدَّةِ وَرِعَايَةِ الْحُقُوقِ وَالْقِيَامِ بِالْوَاجِبِ وَحُسْنِ النِّيَّةِ وَالْإِخْلَاصِ وَالْوَفَاءِ فَمِنْ ذٰلِكَ مَاجَاءَ فِي كِتَابِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ:

اور اللہ سبحانہ وتعالیٰ ہمیں ہدایت کرتے ہیں کہ ہم اسلامی گھرانے کی تعمیر عادلانہ بنیادوں اور تقویٰ کے صحیح اصولوں یعنی امانت، مفاہمت، تعاون، رحم لی، شفقت، محبت، حقوق کی حفاظت، فرائض کی ادائیگی، حسنیت، اخلاص اور وفاداری پر کریں پس اسی میں سے ہے جو اللہ عزوجل کی کتاب (قرآن کریم) میں آیا ہے۔

۱۔ يَا أَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوا رَبَّكُمُ الَّذِي خَلَقَكُمْ مِنْ نَفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّخَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِيرًا وَّنِسَاءً وَّاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِي تَسَاءَلُونَ بِهِ وَالْأَرْحَامَ، إِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيبًا ۝ (اَلنِّسَاءُ: ۱)

۱۔ اے لوگو! اپنے رب سے ڈرو جس نے تم کو ایک جان سے پیدا کیا اور ان دونوں سے بہت سے مرد اور عورتیں پھیلا دیں اور تم اللہ سے ڈرو جس کے نام سے تم ایک دوسرے سے سوال کرتے ہو۔ بے شک اللہ تم پر نگہبان ہے۔

۲۔ وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِنْ أَنْفُسِكُمْ أَزْوَاجًا وَّجَعَلَ لَكُمْ مِنْ أَزْوَاجِكُمْ بَنِينَ وَحَفَدَةً وَّرَزَقَكُمْ مِنَ الطَّيِّبَاتِ (النَّحْلُ: ۷۲)

۲۔ اور اللہ نے تمہارے لئے تم میں سے ہی بیویاں بنائیں اور تمہارے لئے تمہاری بیویوں میں سے بیٹے اور پوتے بنائے (پیدا کیے) اور تمہیں پاکیزہ چیزوں میں سے رزق دیا۔

۳۔ وَمِنْ آيَاتِهِ أَنْ خَلَقَ لَكُمْ مِنْ أَنْفُسِكُمْ أَزْوَاجًا لِّتَسْكُنُوا إِلَيْهَا وَجَعَلَ بَيْنَكُمْ مَّوَدَّةً وَّرَحْمَةً إِنَّ فِي ذٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُونَ (اَلرُّومُ: ۲۱)

۳۔ اور اس (اللہ) کی نشانیوں میں سے ہے کہ تمہارے لئے تم میں سے ہی بیویاں پیدا کیں تا کہ تم ان سے تسکین حاصل کرو اور اس نے تمہارے درمیان محبت اور انس پیدا کیا۔ بے شک اس میں سوچ وبچار کرنے والوں کے لئے نشانیاں ہیں۔

٤۔ اَلرِّجَالُ قَوَّامُونَ عَلَى النِّسَاءِ بِمَا فَضَّلَ اللّٰهُ بَعْضَهُمْ عَلٰى

بَعْضٍ وَّ بِمَا اَنْفَقُوْا مِنْ اَمْوَالِهِمْ۔ (النِّسَاءُ ۳۷)

۴۔ مرد عورتوں پر حاکم (نگہبان) ہیں اس وجہ سے کہ اللہ نے بعض کو بعض پر فضیلت دی اور اس وجہ سے کہ وہ (مرد) اپنے مالوں/اموال میں سے خرچ کرتے ہیں۔

۵۔ هُنَّ لِبَاسٌ لَّكُمْ وَاَنْتُمْ لِبَاسٌ لَّهُنَّ۔ (اَلْبَقَرَةُ : ۱۸۷)

۵۔ وہ (عورتیں) تمہارا لباس ہیں اور تم ان کا لباس ہو مردوں کے لئے حصہ ہے اس میں سے جو وہ کمائیں اور عورتوں کا حصہ ہے جو وہ کمائیں۔

۶۔ لِلرِّجَالِ نَصِيْبٌ مِّمَّا اكْتَسَبُوْا وَلِلنِّسَاءِ نَصِيْبٌ مِّمَّا اكْتَسَبْنَ (اَلنِّسَاءُ : ۳۲)

۶۔ مردوں کا حصہ ہے جو کمائیں اور عورتوں کا حصہ ہے جو وہ کمائیں۔

۷۔ وَقَضٰى رَبُّكَ اَلَّا تَعْبُدُوْۤا اِلَّاۤ اِيَّاهُ وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا، اِمَّا يَبْلُغَنَّ عِنْدَكَ الْكِبَرَ اَحَدُهُمَاۤ اَوْ كِلٰهُمَا فَلَا تَقُلْ لَّهُمَاۤ اُفٍّ وَّلَا تَنْهَرْهُمَا وَقُلْ لَّهُمَا قَوْلًا كَرِيْمًا۔ (بنی اسرائیل : ۲۳)

۷۔ اور آپ کے رب نے فیصلہ کیا کہ اس کے سوا کسی کی عبادت نہ کی جائے اور والدین کے ساتھ حسن سلوک کرو اگر وہ تمہارے پاس (سامنے) ان میں سے کوئی ایک یا دونوں بڑھاپے کو پہنچ جائیں تو انہیں اُف تک نہ کہو اور ان (والدین) سے اچھی بات کرو۔

۸۔ وَالْوَالِدٰتُ يُرْضِعْنَ اَوْلَادَهُنَّ حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ لِمَنْ اَرَادَ اَنْ يُّتِمَّ الرَّضَاعَةَ وَعَلَى الْمَوْلُوْدِ لَهٗ رِزْقُهُنَّ وَكِسْوَتُهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ (اَلْبَقَرَةُ : ۲۳۳)

۸۔ اور مائیں اپنے بچوں کو مکمل دو سال دودھ پلائیں (یہ مدت اس کے لئے ہے) جو مدت رضاعت پوری کرنے کا ارادہ رکھتے ہوں اور بچے والوں (باپوں) پر ہے ان (ماؤں) کی خوراک اور لباس دستور کے مطابق

۹۔ وَلَا تَقْتُلُوْۤا اَوْلَادَكُمْ خَشْيَةَ اِمْلَاقٍ نَحْنُ نَرْزُقُهُمْ وَاِيَّاكُمْ اِنَّ قَتْلَهُمْ كَانَ خِطْاً كَبِيْرًا۔ (بنی اسرائیل : ۳۱)

۹۔ اور تم اپنی اولاد کو مفلسی کے خوف سے نہ قتل کرو ہم ان کو روزی دیتے ہیں اور تم کو بھی بے شک ان کو قتل کرنا بہت بڑی خطا ہے۔

۱۰۔ وَآتِ ذَا الْقُرْبٰى حَقَّهٗ وَالْمِسْكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ (بنی

اسرائیل ۲۶)

۱۰۔ اور تم قریبی عزیزوں کو ان کا حق (حصہ) دو اور محتاج اور مسافر کو بھی۔

اَلتَّمَارِیْنُ

س1۔ شَكِّلِ الْجُمَلَ الْاٰتِيَةَ:

درج ذیل جملوں کو اعراب لگائیں:

۱۔ اَلْقُرْآنُ كِتَابُ اللّٰهِ وَهُوَ يَهْدِيْنَا لِبِنَاءِ الْأُسْرَةِ الْإِسْلَامِيَّةِ۔

۲۔ اَلْأُسْرَةُ الْمُسْلِمَةُ تَقُوْمُ عَلَى الْمَبَادِئِ الْقَوِيْمَةِ وَالْأُسُسِ الْمَتِيْنَةِ۔

۳۔ اَلْقُرْآنُ يَرْعٰى حُقُوْقَ الزَّوْجَيْنِ وَالْاَبَوَيْنِ وَالْاَوْلَادِ۔

س2۔ أَجِبْ عَنِ الْاَسْئِلَةِ التَّالِيَةِ:

درج ذیل سوالات کے جوابات دیں:

۱۔ مَاهِيَ الْأُسُسُ وَالْمَبَادِئُ الَّتِيْ تُبْنٰى عَلَيْهَا الْاُسْرَةُ الْمُسْلِمَةُ؟

وہ کون سے اصول اور بنیادیں ہیں جس پر اسلامی خاندان کی بنیاد رکھی جاتی ہے؟

۲۔ مَاهِيَ الْاٰيَةُ الْكَرِيْمَةُ الَّتِيْ تَدُلُّ عَلٰى أَنَّ الْاُسْرَةَ الْإِسْلَامِيَّةَ تَقُوْمُ عَلَى الرَّحْمَةِ وَالسَّكِيْنَةِ وَالْمَوَدَّةِ؟

وہ کونسی آیت کریمہ ہے جو دلالت کرتی ہے کہ اسلامی خاندان رحمت، شفقت اور محبت پر قائم ہوتا ہے؟

۳۔ مَاهِيَ الْاَحْكَامُ الَّتِيْ وَرَدَتْ فِي الْاٰيَةِ الْكَرِيْمَةِ السَّابِعَةِ مِنْ هٰذَا الدَّرْسِ؟

وہ کونسے احکامات ہیں جو اس سبق کی ساتویں آیات کریمہ میں وارد ہوئے ہیں؟

جواب

۱۔ هِيَ الْأُسُسُ وَالْمَبَادِئُ التَّقْوٰى وَلْاَمَانَةُ وَالتَّفَاهُمُ وَالتَّعَاوُنُ وَالرَّحْمَةُ وَالْمَوَدَّةُ وَرَعَايَةُ الْحُقُوْقِ وَالْقِيَامُ بِالْوَاجِبِ وَحُسْنُ النِّيَّةِ وَالْإِخْلَاصُ وَالْوَفَاءُ۔

۲۔ اَلْاٰيَةُ الْكَرِيْمَةُ الثَّالِثَةُ مِنْ هٰذَا الدَّرْسِ۔

۳۔ لَا تَعْبُدُوْا اِلَّا اللّٰهَ وَبِالْوَا الِدَيْنِ اِحْسَانًا۔

س3۔ صَحِّحِ الْجُمَلَ الْاٰتِيَةَ۔

درج ذیل جملوں کی درستگی کریں۔

۱۔ اَلْأُسْرَةُ الْاِسْلَامِیُّ يَقُوْمُ عَلَى التَّقْوٰى وَعَدْلٍ۔

۲۔ اَلْمَرْأَةُ لَهٗ حُقُوْقٌ خَاصٌّ كَمَا اَنَّ الرَّجُلَ لَهٗ حَقٌّ خَاصَّةٌ۔

۳۔ هٰذِهٖ خِطَأٌ عَظِيْمَةٌ وَجَرِيْمَةٌ كَبِيْرٌ جِدًّا۔

جواب:

۱۔ اَلْاُسْرَةُ الْاِسْلَامِيَّةُ تَقُوْمُ عَلَى التَّقْوٰى وَالْعَدْلِ۔

۲۔ اَلْمَرْأَةُ لَهَا حُقُوْقٌ خَاصَّةٌ كَمَا اَنَّ الرَّجُلَ لَهٗ حَقٌّ خَاصٌّ۔

۳۔ هٰذا خِطَأٌ عَظِيْمٌ وَ جَرِيْمَةٌ كَبِيْرَةٌ جِدًّا۔

س4۔ اِسْتَخْرِجْ خَمْسَةً مِّنْ اَسْمَاءِ الْجَمْعِ مِنَ الدَّرْسِ وَهَاتِ لَهَا مُفْرَدَاتِهَا۔

سبق سے 10 اسم جمع نکالیں اور انکے مفردات بنائیں۔

جمع	واحد
أُسُسٌ	أَسَاسٌ
وَالِدَاتٌ	وَالِدَةٌ
رِجَالٌ	رَجُلٌ
اَمْوَالٌ	مَالٌ
اٰيَاتٌ	اٰيَةٌ

س5۔ اِسْتَخْدِمِ الْمُفْرَدَاتِ التَّالِيَةَ فِی جُمَلٍ مُّفِيْدَةٍ:

درج ذیل مفردات کو مفید جملوں میں استعمال کریں:

الفاظ	جملے
۱۔ أَسَاسٌ	اَلْعَدْلُ هُوَ أَسَاسُ الْحُكُوْمَةِ الْاِسْلَامِيَّةِ عدل اسلامی حکومت کی بنیاد ہے۔

٢۔ مَبْدَأ	اَلتَّوحِیدُ مَبْدَأُ الْإِسْلَامِ۔ توحید اسلام کی ابتداء ہے۔
٣۔ تَفَاهُمٌ	اَلتَّفَاهُمُ مُمْكِنٌ بَيْنَهُمْ انکے درمیان مفاہمت ہونا ممکن ہے۔
٤۔ وَاجِبٌ	مِنَ الْوَاجِبِ اَنْ تَفْهَمَ دِيْنَكَ آپ پر لازم ہے کہ آپ اپنے دین کو سمجھیں۔
٥۔ تَعَاوُنٌ	اَلتَّعَاوُنُ بِنَاءٌ لِلْاُسْرَةِ الْاِسْلَامِيَّةِ تعاون اسلامی خاندان کی بنیاد ہے۔
٦۔ مَوَدَّةٌ	لَيْسَتُ الْمَوَدَّةُ بَيْنَ الزَّوْجَيْنِ مَوْجُوْدَةً زوجین کے درمیان محبت موجود نہیں ہے۔
٧۔ رِعَايَةٌ	عَلَيْكَ رِعَايَةَ حُقُوْقِ الْاَوْلَادِ تجھ پر اولاد کے حقوق کی نگرانی واجب ہے۔
٨۔ حَفِيْدٌ	اِبْنُ اِبْنِكَ حَفِيْدُكَ تیرے بیٹے کا بیٹا تیرا پوتا ہے۔

س6۔ غَيِّرِ الْمَاضِيَ بِالْمُضَارِعِ ثُمَّ اسْتَخْدِمْهُ فِيْ جُمَلٍ مُفِيْدَةٍ:

افعال ماضی کو افعال مضارع میں بدلیں پھر انھیں مفید جملوں میں استعمال کریں:

ماضی	مضارع	جملے
١۔ هَدٰى	يَهْدِيْ	اَلْقُرْاٰنُ يَهْدِي الْاِنْسَانَ اِلٰى صِرَاطٍ مُسْتَقِيْمٍ قرآن انسان کو صراط مستقیم کی ہدایت دیتا ہے۔
٢۔ رَعٰى	يَرْعٰى	هُوَ يَرْعٰى حُقُوْقَ الْوَالِدَيْنِ وہ حقوق والدین کا خیال رکھتا ہے۔
٣۔ قَامَ	يَقُوْمُ	خَالِدٌ يَقُوْمُ بِالصَّلٰوةِ خالد نماز قائم کرتا ہے

٤۔ اِتَّقیٰ	یَتَّقِی	زِیْدُ یَتَّقِی الْاِثْمَ۔ زید گناہ سے بچتا ہے۔
٥۔ تَسَاءَ لَ	یَتَسَآءَ لَ	هُوَ یَتَسَاءَ لُ بِاللّٰهِ وہ اللہ سے سوال کرتا ہے۔
٦۔ تَفَکَّرَ	یَتَفکَّرُ	هُوَ یَتَفکَّرُ فِیْ خَلْقِ اللّٰهِ وہ اللہ کی مخلوق پر غور کرتا ہے۔
٧۔ اِکْتَسَبَ	یَکْتَسِبُ	هُوَ یَکْتَسِبُ کُلَّ یَوْمٍ۔ وہ ہر روز کمائی کرتا ہے۔
٨۔ قَضٰی	یَقْضِیْ	اَللّٰهُ یَقْضِیْ بَیْنِیْ وَبَیْنَكَ اللہ میرے تیرے درمیان فیصلہ کرتا ہے۔
٩۔ سَکَنَ	یَسْکُنُ	هُوَ یَسْکُنُ فِیْ کَرَاتِشِیْ وہ کراچی میں رہتا ہے۔

س ۷۔ تَرجِمْ اِلَی الْعَرَبِیَّۃِ:

عربی ترجمہ کریں:

۱۔ تمام انسان سیدنا آدمؑ کی اولاد ہیں۔

۲۔ سب انسان برابر ہیں۔

۳۔ باپ اپنے بچوں سے پیار کرتا ہے۔

۴۔ بیٹا اپنی ماں کی خدمت کرتا ہے۔

۵۔ اپنے والدین کے سامنے اُف بھی نہ کرو۔

جواب:

١۔ اَلنَّاسُ کُلُّهُمْ اَوْلَادُ سَیِّدِنَا اٰدَمَ عَلَیْهِ السَّلَامَ۔

٢۔ اَلنَّاسُ کُلُّهُمْ سَوَاءٌ

٣۔ یُحِبُّ الْوَالِدُ اَوْلَادَهٗ۔

٤۔ اَلْوَلِدُ یَخْدِمُ اُمَّهٗ

٥۔ لَا تَقُوْلُوْا اُفٍّ لِوَالِدَیْكَ۔

OOOOOOOOOOO

اَلدَّرْسُ السَّابِعُ وَالْعِشْرُوْنَ: (ستائیسواں سبق)

فِی السُّوْقِ

بازار میں

المفردات:

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
١۔ مُنَاسَبَةُ	موقع	٢۔ اِجْتَمَعَتْ	جمع ہوا
٣۔ اَلْاُسْرَةُ	خاندان	٤۔ نَاقَشَتْ	بات چیت ہوئی
٥۔ يَلْزِمُ	لازمی۔ضروری	٦۔ ضَوْءٌ	روشنی
٧۔ مِيْزَانِيَّةٌ	بجٹ۔تخمینہ	٨۔ اَلشَّهْرِيَّةُ	ماہانہ
٩۔ اَلْغَلَاءُ	مہنگائی	١٠۔ اَلْمُتَزَايِدُ	روزافزوں۔بڑھتی ہوئی
١١۔ اَدَّخَرَ	جمع کیا۔بچایا	١٢۔ اَلزَّوْجَانُ	میاں بیوی
١٣۔ اَنْ تَكُوْنَ	کہ ہم ہوں	١٤۔ دَائِمًا	ہمیشہ
١٥۔ مُقْتَصِدِيْنَ	میانہ رو	١٦۔ اَلْمَعِيْشَةُ	معیشت
١٧۔ اَلْاِقْتِصَادُ	میانہ روی	١٨۔ اَلنَّفَقَةُ	خرچہ
١٩۔ جَيِّدَةٌ	عمدہ۔اچھی	٢٠۔ نَسْتَطِيْعُ	ہم طاقت رکھیں گے
٢١۔ نَبْنِیْ	ہم بنائیں۔تعمیر کریں	٢٢۔ نَاهِضًا	ترقی پذیر
٢٣۔ شَعْبًا	قوم	٢٤۔ وَاعِيًا	بیدار
٢٥۔ اَللَّحْظَةُ	لمحہ،موقع	٢٦۔ اَلْمُتْعَةُ	لطف اندوز ہونا
٢٧۔ مَبْلَغٌ	رقم	٢٨۔ ضَخْمٌ	بڑی
٢٩۔ أَفْرَاحٌ	خوشیاں	٣٠۔ يَطِيْبُ	پسندیدہ
٣١۔ لَا بَأْسَ	کوئی ہرج۔بات نہیں	٣٢۔ نَضُمُّ	ہم ملالیں۔اکٹھا کرلیں

٣٣۔ مُبَكِّرِيْنَ	صبح سویرے	٣٤۔ غَدًا	کل
٣٥۔ نَعُوْدُ	ہم لوٹ آئیں	٣٦۔ تَشْتَدُّ	شدت۔تیزی
٣٧۔ بَدْلَةٌ	سوٹ	٣٨۔ اَلسِّرْوَالُ	شلوار
٣٩۔ اَلْخِمَارُ	دوپٹہ۔چادر	٤٠۔ اَحْمَرُ	سرخ
٤١۔ اَحْذِيَةٌ	جوتے	٤٢۔ نِسْوِيَّةٌ	لیڈیز
٤٣۔ عَصْرِيَّةٌ	جدید۔ماڈرن	٤٤۔ أدْوَاتِ الزِّيْنَةِ	میک اپ کا سامان
٤٥۔ اَلصُّدْرَةُ	ویسکوٹ	٤٦۔ جَزْمَةٌ فَاخِرَةٌ	عمدہ جوتے
٤٧۔ اَلْمَنْهَجِيَّةُ	درسی	٤٨۔ أقْلَامُ الرَّصَاصِ	پنسلیں
٤٩۔ اَلْحِبْرُ	روشنائی (انک)	٥٠۔ اَلْاَزْرَقُ	نیلا
٥١۔ اَلرَّسْمُ	ڈرائنگ	٥٢۔ بَسِيْطَةٌ	عام۔سادہ
٥٣۔ يَكْفِيْنِيْ	میرے لئے کافی ہے	٥٤۔ اَلْقَمَاشُ	سوتی
٥٥۔ اَلْجَزْمَةُ	جوتا	٥٦۔ اَللَّمَّاعَةُ	چمکدار
٥٧۔ اَلْحَوَائِجُ	ضروریات	٥٨۔ اَلدَّقِيْقُ	آٹا
٥٩۔ اَلسَّمْنُ	گھی	٦٠۔ اَلزَّيْتُ	آئل۔تیل

اردو ترجمہ

بِمُنَاسَبَةِ عِيدِ الْفِطْرِ الْمُبَارَكِ اجْتَمَعَتِ الْأُسْرَةُ فَنَاقَشَتْ مَاكَانَ يَلْزَمُ كُلَّ فَرْدٍ مِنْ أَفْرَادِهَا فِي ضَوْءِ مِيزَانِيَّةِ الْبَيْتِ الشَّهْرِيَّةِ وَالْغَلَاءِ الْمُتَزَايِدِ وَمَا ادَّخَرَهُ الزَّوْجَانِ لِهٰذِهِ الْمُنَاسَبَةِ۔

عید الفطر کے مبارک موقع پر خاندان (اہل خانہ) اکٹھا ہوا تو ماہانہ گھریلو بجٹ روز بروز بڑھتی مہنگائی اور میاں بیوی کی کی ہوئی بچت کی روشنی میں تمام افراد خانہ نے اپنی ضروریات کے بارے میں بات چیت کی۔

اَلْأَبُ: يُعَلِّمُنَا رَسُولُنَا الْكَرِيمُ أَنْ نَكُونَ دَائِمًا مُقْتَصِدِينَ فِي الْمَعِيشَةِ۔

والد: ہمیں ہمارے رسول کریم ﷺ نے تعلیم دی ہے کہ ہم معیشت میں ہمیشہ میانہ روی اختیار کریں۔

جَمِيلَةُ: نَعَمْ يَا أَبِي ! وَهٰذَا مَا قَرَأْنَاهُ فِي الْمَدْرَسَةِ مِنْ حَدِيثِ رَسُولِنَا الْكَرِيمِ عَلَيْهِ التَّحِيَّةُ وَالتَّسْلِيمُ حَيْثُ يَقُولُ: اَلْإِقْتِصَادُ فِي النَّفَقَةِ نِصْفُ الْمَعِيشَةِ

جمیلہ: ہاں ابا جان۔ رسول کریم ﷺ کی یہی حدیث ہم نے سکول میں پڑھی ہے جیسا کہ آپ ﷺ فرماتے ہیں۔

''خرچ میں میانہ روی اختیار کرنا نصف معیشت (معاشی منصوبہ بندی) ہے''

اَلْأُمُّ: مَاشَاءَ اللّٰهُ ! تَتَعَلَّمُونَ أَشْيَاءَ جَيِّدَةً وَّ مُفِيدَةً فِي مَدَارِسِكُمْ!

والدہ: ماشاء اللہ۔ تم اپنے سکول میں اچھی اور مفید باتیں سیکھتے ہو۔

اَلْأَبُ: هٰذَا شَيْءٌ عَظِيمٌ جِدًّا ! وَبِذٰلِكَ نَسْتَطِيعُ أَنْ نَّبْنِيَ بَلَدًا نَاهِضًا وَّشَعْبًا مُّتَقَدِّمًا وَّاعِيًا إِلَّا أَنَّنِي لَمْ أَكُنْ غَافِلًا عَنْ هٰذِهِ اللَّحْظَةِ مِنَ السَّعَادَةِ وَالْمُتْعَةِ وَالسُّرُورِ فَلَمْ أَزَلْ أَدَّخِرُ لَهَا طُولَ السَّنَةِ حَتّٰى اجْتَمَعَ لِي مَبْلَغٌ ضَخْمٌ نَّسْتَطِيعُ أَنْ نَشْتَرِيَ بِهِ أَفْرَاحَ الْعِيدِ السَّعِيدِ الَّذِي يَأْتِي بَعْدَ سَنَةٍ كَامِلَةٍ۔ فَاطْلُبُوا مَا يَطِيبُ لَكُمْ!

والد: یہ بہت اچھی بات ہے اور اسی کے ساتھ ہم ترقی یافتہ ملک اور بیدار ترقی یافتہ قوم کی بنیاد رکھ سکتے ہیں مگر میں اس خوشی، دلچسپی اور سرور کے موقع سے غافل نہیں رہا۔ میں سارا سال اس (موقع) کے لئے (رقم) جمع کرتا رہا ہوں یہاں تک کہ میرے پاس ایک بڑی رقم جمع ہوگئی ہے (اب) ہم استطاعت رکھتے ہیں کہ ہم اس سے عید سعید کی خوشیاں خرید سکیں جو پورے ایک سال بعد آتی ہے پس جو چیز تمہیں اچھی لگتی ہو وہ مانگو۔

اَلْأُمُّ: وَأَنَا أَيْضًا كُنْتُ أُوَفِّرُ طُولَ الْعَامِ مِنْ نَّفَقَاتِ الْبَيْتِ الشَّهْرِيَّةِ وَقَدِ اجْتَمَعَ لَدَيَّ مَبْلَغٌ لَّابَأْسَ بِهِ مِنَ النُّقُودِ وَأَرٰى أَنْ نَّضُمَّ الْمَبْلَغَيْنِ وَنَشْتَرِيَ أَفْرَاحَ الْعِيدِ السَّعِيدِ لِأُسْرَتِنَا۔

والدہ: میں بھی اسی طرح سارا سال گھر کے ماہانہ خرچ میں سے بچاتی رہی ہوں اور میرے پاس بھی ایک معقول رقم جمع ہوگئی ہے میرا خیال ہے اس میں کوئی حرج نہیں کہ ہم دونوں رقمیں ملالیں اور اپنے خاندان کے لئے عید کی خوشیاں خریدیں۔

اَلْأَبُ: إِذَنْ نَخْرُجُ مُبَكِّرِيْنَ غَدًا إِلَى السُّوْقِ وَنَشْتَرِيْ مَا يَلْزَمُنَا وَنَعُوْدَ قَبْلَ أَنْ تَشْتَدَّ الْحَرَارَةُ۔

والد: تب پھر ہم کل سویرے بازار جائیں گے اپنی ضرورت کی چیزیں خریدیں گے اور گرمی تیز ہونے سے پہلے ہم لوٹ آئیں گے۔

جَمِيْلَةُ: أَنَا سَأَشْتَرِيْ بَدْلَةً مِنَ السِّرْوَالِ وَالْقَمِيْصِ وَالْخِمَارِ ذَاتَ لَوْنٍ أَحْمَرَ وَأَحْذِيَةً نِسْوِيَّةً عَصْرِيَّةً بِالْإِضَافَةِ إِلٰى أَدْوَاتِ الزِّيْنَةِ الْفَاخِرَةِ۔

جمیلہ: میں شلوار قمیص سوٹ، سرخ رنگ کا دوپٹہ اور ماڈرن لیڈیز جوتا خریدوں گی اس کے ساتھ ساتھ شاندار میک اپ کا سامان بھی۔

عَابِدٌ: وَأَنَا أَيْضًا أُرِيْدُ أَنْ اَشْتَرِيَ بَدْلَةً مِنَ السِّرْوَالِ وَالْقَمِيْصِ وَالصُّدْرَةِ وَجَزْمَةً فَاخِرَةً بِالْإِضَافَةِ إِلَى الْأَدْوَاتِ الْمَدْرَسِيَّةِ مِنَ الْكُتُبِ الْمَنْهَجِيَّةِ وَالْكَرَارِيْسِ وَ أَقْلَامِ الرَّصَاصِ وَالْحِبْرِ الْاَزْرَقِ وَالْأَحْمَرِ وَقَلَمِ الْحِبْرِ۔

عابد: اور میں بھی شلوار قمیص سوٹ اور شاندار جوتا خریدنا چاہوں گا اس کے علاوہ سکول کا سامان (جیسے) درسی کتابیں، کاپیاں، پنسلیں، نیلی سرخ روشنائی (انک) اور ایک انک پین بھی خریدوں گا۔

جَمِيْلَةُ: نَعَمْ قَدْ نَسِيْتُ أَنْ أَشْتَرِيَ كُرَّاسَةً كَبِيْرَةً لِلرَّسْمِ وَأُرِيْدُ أَنْ أَشْتَرِيَهَا الْآنَ۔

جمیلہ: ہاں میں ڈرائنگ / پینٹنگ کی بڑی کاپی خریدنا بھول گئی تھی میں اسے بھی ابھی خریدنا چاہتی ہوں۔

اَلْأَبُ: وَهُوَ كَذٰلِكَ هٰذِهِ أَشْيَاءُ بَسِيْطَةٌ وَأَنْتِ يَا فَاطِمَةُ؟ مَاذَا تُحِبِّيْنَ؟

والد: ایسا ہی ہوگا یہ سب معمولی چیزیں ہیں اور فاطمہ آپ کیا پسند کروگی؟

اَلْأُمُّ: يَكْفِينِى أَفْرَاحُ أَوْلَادِىْ۔

والدہ: (فاطمہ): میرے لئے میری اولاد کی خوشیاں ہی کافی ہیں۔

اَلْأَبُ: لَا يَا فَاطِمَةُ! سَوْفَ نَشْتَرِىْ لَكِ بَدْلَةً مِّنَ الْقُمَاشِ الْفَاخِرِ وَأَحْذِيَةً فَاخِرَةً اَيْضًا وَّأَنَا سَأَشْتَرِىْ النَّفْسِىْ بَدْلَةً مِّنَ السِّرْوَالِ الْقَمِيْصِ وَالصُّدْرَةِ بِالْإِضَافَةِ إِلَى الْجَزْمَةِ اللَّمَّاعَةِ وَيُمْكِنُ لَنَا أَنْ نَشْتَرِىَ الْحَوَائِجَ اللَّازِمَةَ لِلشَّهْرِ الْقَادِمِ مِنَ الدَّقِيْقِ وَالسَّمْنِ وَالزَّيْتِ وَ الصَّابُوْنِ وَغَيْرِ ذٰلِكَ لِأَنَّ النُّقُوْدَ مُتَوفِرَةٌ۔

والد: نہیں فاطمہ ہم آپ کے لئے بھی ایک شاندار سوتی سوٹ اور جوتے خریدیں گے اور میں اپنے لئے بھی شلوار قمیص کا سوٹ اور واسکٹ خریدونگا ساتھ ایک سیاہ چمکدار جوتا بھی اور (ان سب کے ساتھ) ہمارے لئے ممکن ہے کہ ہم آئندہ ماہ کے لئے ضروری اشیاء آٹا، گھی، تیل اور صابن وغیرہ خرید لیں کیونکہ پیسے وافر ہیں۔

اَلتَّمَارِيْنُ

س1۔ اَجِبْ عَنِ الْاَسْئِلَةِ التَّالِيَةِ:

درج ذیل سوالوں کے جواب دیجیے:

۱۔ لِمَاذَا اجْتَمَعَتِ الْأُسْرَةُ؟

خاندان کیوں جمع ہوا؟

۲۔ مَاذَا اَرَادَتْ جَمِيْلَةُ اَنْ تَشْتَرِىَ؟

جمیلہ نے کیا خریدنے کا ارادہ کیا؟

۳۔ مَاذَا اَرَادَ الْأَبُ اَنْ يَّشْتَرِىَ بِنَفْسِهٖ وَلِرَبَّةِ الْبَيْتِ؟

باپ نے اپنے اور اپنے گھر والوں کے لئے کیا خریدنے کا ارادہ کیا؟

جواب:

۱۔ اِجْتَمَعَتِ الْاُسْرَةُ لِاشْتِرَاءِ أَفْرَاحِ الْعِيْدِ۔

۲۔ اَرَادَتْ جَمِيْلَةُ اَنْ تَشْتَرِىَ بَدْلَةً مِنْ سِرْوَالٍ وَّقَمِيْصٍ وَّخِمَارٍ بِلَوْنٍ اَحْمَرَ وَاَحْذِيَةً نِسْوِيَّةً عَصْرِيَّةً وَّأَدْوَاتِ الزِّيْنَةِ الْفَاخِرَةِ

۳۔ بَدْلَةً وَاَحْذِيَةً لِرَبَّةِ الْبَيْتِ وَبَدْلَةَ وَالصُّدْرَةَ وَجَزْمَةً لِنَفْسِهٖ۔

س2۔ شَكِّلِ مَايَأْتِىْ مِنَ الْجُمَلِ:

درج ذیل جملوں کو اعراب لگائیں:

١۔ اَلْإِقْتِصَادُ فِى النَّفَقَةِ مِنْ تَعَالِيْمِ الْإِسْلَامِ۔

٢۔ أُرِيْدُ اَنْ اَشْتَرِىَ بَدْلَةً مِّنَ السِّرْوَالِ وَالْقَمِيْصِ۔

٣۔ اَلْأُمُّ تَرْغَبُ فِىْ أَفْرَاحِ اَوْلَادِهَا۔

س3۔ اِسْتَخْرِجْ عَشَرَةَ اَسْمَاءٍ وَّاكْتُبْهَا بِجُمُوْعِهَا وَمُفْرَدَاتِهَا۔

10 اسم لیں اور انکے واحد اور جمع لکھیں۔

واحد	جمع	واحد	جمع
نَقْدٌ	نُقُوْدٌ	سُوْقٌ	اَسْوَاقٌ
قَلَمٌ	أَقْلَامٌ	عِيْدٌ	اَعْيَادٌ
حَاجَةٌ	حَوَائِجُ	فَرْحٌ	اَفْرَاحٌ
شَهْرٌ	شُهُوْرٌ	وَلَدٌ	اَوْلَادٌ
شَيْئٌ	اَشْيَاءٌ	بَيْتٌ	بُيُوْتٌ

س4 خُذْ خَمْسَةً مِّنَ الْاَفْعَالِ الْمَاضِيَةِ الْمَزِيْدِ فِيْهَا وَصَرِّفْهَا تَصْرِيْفًا كَامِلًا:

5 ماضی مزید فیہ کے افعال لیں اور انکی مکمل گردان لکھیں:

١۔ اِجْتَمَعَ	عَلَّمَ	تَعَلَّمَ	وَفَّرَ	اِدَّخَرَ
٢۔ اِجْتَمَعَا	عَلَّمَا	تَعَلَّمَا	وَفَّرَا	اِدَّخَرَا
٣۔ اَجْتَمَعُوْا	عَلَّمُوْا	تَعَلَّمُوْا	وَفَّرُوْا	اِدَّخَرُوْا
٤۔ اِجْتَمَعَتْ	عَلَّمَتْ	تَعَلَّمَتْ	وَفَّرَتْ	اِدَّخَرَتْ
٥۔ اِجْتَمَعَتَا	عَلَّمَتَا	تَعَلَّمَتَا	وَفَّرَتَا	اِدَّخَرَتَا
٦۔ اِجْتَمَعْنَ	عَلَّمْنَ	تَعَلَّمْنَ	وَفَّرْنَ	اِدَّخَرْتَ
٧۔ اِجْتَمَعْتَ	عَلَّمْتَ	تَعَلَّمْتَ	وَفَّرْتَ	اِدَّخَرْتَ
٨۔ اِجْتَمَعْتُمَا	عَلَّمْتُمَا	تَعَلَّمْتُمَا	وَفَّرْتُمَا	اِدَّخَرْتُمَا

۹۔ اِجْتَمَعْتُمْ	عَلَّمْتُمْ	تَعَلَّمْتُمْ	وَفَّرْتُمْ	اِدَّخَرْتُمْ
۱۰۔ اِجْتَمَعْتِ	عَلَّمْتِ	تَعَلَّمْتِ	وَفَّرْتِ	اِدَّخَرْتِ
۱۱۔ اِجْتَمَعْتُمَا	عَلَّمْتُمَا	تَعَلَّمْتُمَا	وَفَّرْتُمَا	اِدَّخَرْتُمَا
۱۲۔ اِجْتَمَعْتُنَّ	عَلَّمْتُنَّ	لَعَلَّمْتُنَّ	وَفَّرْتُنَّ	اِدَّخَرْتُنَّ
۱۳۔ اِجْتَمَعْتُ	عَلَّمْتُ	لَعَلَّمْتُ	وَفَّرْتُ	اِدَّخَرْتُ
۱٤۔ اِجْتَمَعْنَا	عَلَّمْنَا	تَعَلَّمْنَا	وَفَّرْنَا	اِدَّخَرْنَا

س5۔ تَرْجِمْ اِلَی الْعَرَبِیَّہِ:

عربی میں ترجمہ کیجیے:

۱۔ عید خوشی کا موقع ہے۔

۲۔ جمیلہ نے میک اپ کا سامان خریدا

۳۔ کل سویرے بازار جائیں گے۔

۴۔ گرمی شدید ہوگئی ہے۔

۵۔ عابد نے شاندار بوٹ خریدے۔

جواب

۱۔ اَلْعِیدُ مُنَاسَبَۃُ الْفَرَحِ۔

۲۔ اِشْتَرَتْ جَمِیْلَۃُ اَدَوَاتُ الزِّیْنَۃِ۔

۳۔ نَذْھَبُ مُبَکِّرِیْنَ غَدًا اِلَی السُّوْقِ۔

٤۔ قَدِ اشْتَدَّتِ الْحَرَارَۃُ۔

۵۔ اِشْتَرٰی عَابِدُ جَزْمَۃً فَاخِرَۃً۔

OOOOOOOOOOO

اَلدَّرْسُ الثَّامِنُ وَالْعِشْرُوْنَ: (اٹھائیسواں سبق)

مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ الثَّقَفِیُّ

محمد بن قاسم الثقفی

رَائِدُ الْحُکْمِ الْاِسْلَامِیِّ فِیْ شِبْهِ الْقَارَّةِ

برصغیر میں اسلامی حکومت کا اولین علمبردار

المفردات:

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
١۔ رَائِدٌ	بانی۔اولین	٢۔ أَهْدٰی	بھیجا
٣۔ نِسْوَۃٌ	عورتیں	٤۔ وُلِدْنَ	پیدا ہوئیں
٥۔ عَرَضَ	در پے ہوئے	٦۔ اَلسَّفِیْنَۃُ	بحری جہاز
٧۔ قَرَاصِنَۃٌ	قزاق (بحری ڈاکو)	٨۔ مَقْرُبَۃٌ	قریب
٩۔ اَلْهَدَایَا	تحائف	١٠۔ نَادَتْ	پکارا
١١۔ رَفَضَ	انکار کیا	١٢۔ قَائِلًا	کہتے ہوئے
١٣۔ اِخْتَارَ	چنا	١٤۔ ضَمَّ	ملادیا
١٥۔ اَلْخُیُوْطُ	دھاگے	١٦۔ اَلْاِبَرُ	سویاں
١٧۔ أَیَّامًا	چند دن	١٨۔ جَهَّزَ	تیار کیا
١٩۔ وَافَاهُ	پہنچادیا	٢٠۔ اِتَّجَهَ	رخ کیا
٢١۔ بَنْبُوْرُ	بنبور	٢٢۔ اَلْجُنُوْدُ	لشکر
٢٣۔ اَلسِّلَاحُ	اسلحہ	٢٤۔ لِتَشْغِیْلِهٖ	اس کے چلانے کیلئے
٢٥۔ اَلْمُدَرَّسَنَ	تربیت یافتہ	٢٦۔ رَمَوْا	انہوں نے پھینکے
٢٧۔ هَرَبَ	بھاگ گیا	٢٨۔ عَامِلٌ	حاکم۔گورنر
٢٩۔ بَنٰی	تعمیر کی۔بنائی	٣٠۔ اَلْمِنْطَقَۃُ	خطہ۔علاقہ

٣١۔ مُدُنٌ	شہر	٣٢۔ عَبَرَ	عبور کیا
٣٣۔ نَهْرٌ	دریا	٣٤۔ حَاسِمَةٌ	فیصلہ کن
٣٥۔ اُنْهزِمَ	شکست کھائی	٣٦۔ جَيْشٌ	فوج
٣٧۔ نَحْوُ	طرف	٣٨۔ فَرْج	دروازہ
٣٩۔ اَلْغَنَائِمُ	مال غنیمت	٤٠۔ اَنْفَقَهُ	اس نے خرچ کیا
٤١۔ حِيْنَ	جب	٤٢۔ رَآهَا	اسے دیکھا
٤٣۔ شَفَيْنَا غَيْظَنَا	ہم نے اپنا غصہ ٹھنڈا کر لیا	٤٤۔ اَدْرَكْنَا	ہم نے حاصل کرلیا
٤٥۔ ثَأْرَنَا	اپنا انتقام	٤٦۔ رَأْسٌ	سردار
٤٧۔ يَمْتَازُ	ممتاز ہونا۔ نمایاں ہونا	٤٨۔ مَوَاهِبُ	خداداد صلاحتیں
٤٩۔ اَلدَّقِيْقُ	باریک بین	٥٠۔ اِدَارِيَّةٌ	حکومتی
٥١۔ اِثَارَةٌ	جوش۔ جذبہ	٥٢۔ بَوَاعِثُ	بیدار کرنا
٥٣۔ تَعَامُلٌ	معاملہ کرنا۔ سلوک کرنا	٥٤۔ اِطْلَاقٌ	کھلی
٥٥۔ حُرِيَّةٌ	آزادی	٥٦۔ يُوَطِّدُوْنَ	انہوں نے بنیاد پختہ کی
٥٧۔ أَصْحَبَتْ	بن گیا	٥٨۔ سَاعَدَ	مدد کی

اردو ترجمہ:

إِنَّ مَلِكَ جَزِيْرَةِ الْيَاقُوْتِ (سری لانکا) كَانَ قَدْ أَهْدٰى إِلَى الْحَجَّاجِ أَمِيْرِ الْعِرَاقَيْنِ نِسْوَةً مُسْلِمَاتٍ وُلِدْنَ فِيْ بِلَادِهِ وَمَاتَ آبَاؤُهُنَّ وَكَانُوْا تُجَّارًا فَعَرَضَ لِلسَّفِيْنَةِ الَّتِيْ كُنَّ فِيْهَا قَوْمٌ مِنْ قَرَاصِنَةِ دَيْبَلَ (عَلٰى مَقْرَبَةِ كَرَاتِشِيْ) فَأَخَذُوا السَّفِيْنَةَ بِمَا فِيْهَا مِنَ النِّسْوَةِ وَالْيَتَامٰى وَالْهَدَايَا فَنَادَتِ امْرَأَةٌ وَكَانَتْ مِنْ م بَنِيْ يَرْبُوْعٍ: يَاحَجَّاجُ! "فَبَلَغَهُ ذٰلِكَ فَقَالَ "يَالَبَّيْكَ" فَأَرْسَلَ إِلٰى دَاهِرٍ مَلِكِ السِّنْدِ يَسْأَلُه' إِنْقَاذَ النِّسْوَةِ وَلٰكِنَّه' رَفَضَ قَائِلًا بِأَنَّه' لَايَقْدِرُ عَلَى الْقَرَاصِنَةِ الَّذِيْنَ

كَانُوْا قَدْ اَخَذُوا السَّفِيْنَةَ۔

جزیرہ یاقوت (سری لنکا) کے بادشاہ نے عراق اور شام کے گورنر حجاج کو مسلمان عورتوں کو بھیجیں جو اس کے ملک (سری لنکا) میں پیدا ہوئیں تھیں اور ان کے باپ دادا فوت ہو گئے اور وہ تاجر تھے۔ پس کراچی کے قریب قزاقوں (بحری ڈاکوؤں) کا ایک گروہ اس جہاز کے درپے ہوا۔ پس انہوں نے جہاز کو اور اسمیں موجود عورتوں، یتیموں اور تحائف کو پکڑ لیا پس بنی یربوع کی ایک عورت نے پکارا اے حجاج! یہ آواز اس (حجاج) تک پہنچی تو اس نے کہا میں حاضر ہوں۔ اس نے سندھ کے حکمران (راجہ) داھر کو ان عورتوں کو چھڑوانے کا سوال کیا لیکن اس نے یہ کہتے ہوئے انکار کر دیا کہ وہ ان قزاقوں (بحری ڈاکوؤں) پر قدرت نہیں رکھتا جنہوں نے جہاز پکڑا ہے۔

فَاَرْسَلَ الْحَجَّاجُ عُبَيْدَ اللهِ بْنَ نَبْهَانَ ثُمَّ بُدَيْلَ بْنَ طَهْفَةَ لِاِنْقَاذِهِنَّ فَقُتِلَا فَاخْتَارَ مُحَمَّدَ بْنَ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ لِمُهِمَّةِ السِّنْدِ وَضَمَّ اِلَيْهِ سِتَّةَ آلَافٍ مِنْ جُنُوْدِ الشَّامِ وَجَهَّزَهُ بِكُلِّ مَا احْتَاجَ اِلَيْهِ حَتّٰى الْخُيُوْطِ وَالْاِبَرِ وَالْمَالِ وَالْغِذَاءِ وَاَقَامَ مُحَمَّدٌ بِمَدِيْنَةِ شِيْرَازَ اَيَّامًا حَتّٰى وَافَاهُ الْحَجَّاجُ

حجاج نے عورتوں کو چھڑوانے کے لئے عبداللہ بن نبھان پھر (بعد میں) بدیل بن طہفہ کو بھیجا پس وہ دونوں قتل کر دیئے گئے تو اس نے محمد بن قاسم بن محمد کو سندھ کی مہم کے لئے چنا اس کے ساتھ شام کی 6000 فوج لگا دی اور اس کے لئے ضرورت کی ہر چیز یہاں تک کہ دھاگے سویاں، مال اور غذا بھی تیار کر دی۔

بِمَا اَعَدَّلَهٗ ثُمَّ اتَّجَهَ مُحَمَّدٌ اِلٰى مَكْرَانَ وَمِنْ هُنَالِكَ اِلٰى بَنْبُوْرَ فَفَتَحَهَا ثُمَّ وَصَلَ اِلٰى دَيْبَلَ حَيْثُ وَافَتْهُ السُّفُنُ الَّتِىْ كَانَتْ تَحْمِلُ الْجُنُوْدَ وَالسِّلَاحَ بِمَا فِيْهِ "الْعَرُوْسُ" الْمَنْجَنِيْقُ الْمَعْرُوْفُ الَّذِىْ كَانَ يَعْمَلُ لِتَشْغِيْلِهٖ خَمْسُمِائَةٍ مِنَ الْجُنُوْدِ الْمُدَرَّبِيْنَ عَلٰى اسْتِخْدَامِهٖ فَنَصَبُوْهُ وَرَمَوْا بِهِ الْقَذَائِفَ حَتّٰى فُتِحَتِ الْمَدِيْنَةُ وَهَرَبَ عَامِلُهَا وَبَنٰى بِهَا مُحَمَّدٌ مَسْجِدًا كَانَ اَوَّلَ مَسْجِدٍ فِى الْمِنْطَقَةِ۔

محمد بن قاسم نے شیراز شہر میں چند دن قیام کیا یہاں تک کہ حجاج نے اس کے لئے تیار کیا ہوا سامان پہنچا دیا پھر محمد (بن قاسم) مکران کی طرف متوجہ ہوا اور وہاں سے بنبور کی طرف چلا۔ پس اس نے اسے فتح کر لیا پھر وہ دیبل پہنچا جہاں فوج اور اسلحہ لئے ہوئے بحری جہاز اس سے آن ملے

جن میں عروس نامی مشہور و معروف منجنیق بھی تھی جس کو چلانے کے لئے پانچ سو تربیت یافتہ فوجی کام کرتے تھے۔ پس انہوں نے اس (منجنیق) کو نصب کیا اور اس سے گولے پھینکے یہاں تک کہ شہر (دیبل) فتح ہو گیا اور اس کا حاکم (گورنر) بھاگ گیا۔ محمد (بن قاسم) نے وہاں دیبل میں مسجد بنائی جو کہ اس خطہ کی پہلی مسجد تھی۔

ثُمَّ أَخَذَ مُحَمَّدُ يَفْتَحُ مَدِيْنَةً بَعْدَ أُخْرىٰ مِنْ مُّدُنِ السِّنْدِ

حَتّٰى عَبَرَ نَهْرَ مِهْرَانَ حَيْثُ قَامَتْ مَعْرَكَةٌ حَاسِمَةٌ بَيْنَه وَبَيْنَ دَاهِرِ الَّذِىْ قُتِلَ فَانْهَزَمَ جَيْشُه وَبِقَتْلِهٖ تَمَّ انْتِصَارُ مُحَمَّدِ بْنِ الْقَاسِمِ عَلَى السِّنْدِ وَاتَّجَهَ نَحْوَ مُلْتَانَ الَّتِىْ سُمِّيَتْ فَرْجُ بَيْتِ الذَّهَبِ فَحَاصَرَهَا حَتّٰى سَقَطَتْ وَإِسْتَسْلَمَ أَهْلُهَا وَحَصَلَ مُحَمَّدُ عَلَى الْغَنَائِمِ الْكَثِيْرَةِ مِنْ فَرْجِ بَيْتِ الذَّهَبِ وَالَّتِىْ كَانَتْ ضِعْفَ مَا أَنْفَقَهُ الْحَجَّاجُ عَلٰى مُهِمَّةِ السِّنْدِ فَبَعَثَ مُحَمَّدُ الْغَنَائِمِ إِلَى الْحَجَّاجِ الَّذِىْ قَالَ حِيْنَ رَآهَا: شَفَيْنَا غَيْظَنَا وَأَدْرَكْنَا ثَأْرَنَا وَازْدَدْنَا سِتِّيْنَ اَلْفَ اَلْفِ دِرْهَمٍ وَرَأْسَ دَاهِرٍ۔

پھر محمد (بن قاسم) یکے بعد دیگرے سندھ کے شہر فتح کرنے لگا یہاں تک کہ اس نے دریائے سندھ عبور کر لیا جہاں اس کے اور (راجہ) داہر کے درمیان فیصلہ کن جنگ ہوئی (جس میں راجہ) داہر قتل ہو گیا تو اس کا لشکر شکست کھا گیا اور اس کے قتل کے ساتھ ہی محمد (بن قاسم) کی فتح سندھ مکمل ہو گئی۔ پھر اس نے ملتان جسے سونے کے گھر کا دروازہ کا نام دیا گیا تھا کا رخ کیا۔ اس نے اس کا محاصرہ کیا یہاں تک کہ وہ فتح ہو گیا اور اس کے باشندوں نے ہتھیار ڈال دیئے اور محمد (بن قاسم) کو سونے کے گھر کے دروازے (ملتان) سے بہت مال غنیمت ملا جو کہ (مقدار میں) حجاج کے سندھ کی مہم پر خرچ شدہ رقم سے زیادہ تھا۔ محمد (بن قاسم) نے مال غنیمت حجاج کی طرف بھیجا جب اس نے ان (مال غنیمت) کو دیکھا تو کہا: ''ہم نے اپنا غصہ ٹھنڈا کیا اور ہم نے اپنا انتقام لے لیا۔'' ایک کروڑ درہم اور داہر کا سر ہم نے زیادہ پا لیا۔

وَيَمْتَازُ ابْنُ الْقَاسِمِ فِىْ مَوَاهِبِهِ الْقِيَادِيَّةِ بِإِهْتِمَامِهِ الدَّقِيْقِ بِالنُّظُمِ الْإِدَارِيَّةِ لِلْمَنَاطِقِ الْمَفْتُوْحَةِ وَإِثَارَةِ بَوَاعِثِ الْإِيْمَانِ الرَّاسِخِ فِىْ نُفُوْسِ جُنُوْدِهٖ بِالْإِضَافَةِ إِلٰى سِيَاسَتِهِ الْحَكِيْمَةِ فِى الْبِلَادِ

الْمَفْتُوحَةِ وَتَعَامُلِهِ السَّخِيِّ الْكَرِيمِ مَعَ أَهْلِهَا وَإِطْلَاقِ حُرِّيَّةِ الْعِبَادَةِ لَهُمْ مِمَّا جَعَلَهُمْ يُعْلِنُونَ وَلَاءَهُمْ لِإِبْنِ الْقَاسِمِ وَيُوَطِّدُونَ مَرْكَزَ الْإِسْلَامِ فِي هٰذِهِ الْمَنَاطِقِ حَتّٰى أَصْبَحَتْ بِلَادُ الْأَغْلِبِيَّةِ الْمُسْلِمَةِ وَ ذٰلِكَ مِمَّا سَاعَدَ فِي إِنْشَاءِ جُمْهُورِيَّةِ بَاكِسْتَانَ الْإِسْلَامِيَّةِ

محمد (بن قاسم) مفتوحہ علاقوں میں انتظامی امور کا اعلیٰ انتظام کرنے میں اور اپنی فوج کے دلوں میں پختہ ایمانی جذبہ ابھارنے میں اور اپنی قائدانہ صلاحیتوں میں ممتاز تھا۔ مزید اس نے مفتوحہ علاقوں میں دانشمندانہ سیاست سے کام لیا۔ وہاں کے باشندوں کے ساتھ ایک فراخدل سردار کا سا سلوک کیا اور ان کو انکی عبادت میں کھلی آزادی دی جسکی وجہ سے انہوں نے محمد بن قاسم کے لئے اپنی حمایت کا اعلان کر دیا۔ انہوں نے اس علاقہ میں اسلامی مرکز کی بنیاد کو پختہ کر دیا۔ یہاں تک کہ یہ مسلم اکثریتی علاقہ بن گیا اور اس سے اسلامی جمہوریہ پاکستان کو بنیاد قائم کرنے میں بڑی مدد ملی۔

اَلتَّمَارِيْنُ

س 1۔ أَجِبْ عَنِ الْأَسْئِلَةِ التَّالِيَةِ:

درج ذیل سوالات کے جوابات دیں:

۱۔ مَاهِيَ الْمَنَاطِقُ الَّتِي فَتَحَهَا مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ؟

وہ کونسے علاقے ہیں جن کو محمد بن قاسم نے فتح کیا۔

۲۔ مَاذَا أَدْرَكَ الْحَجَّاجُ؟

حجاج نے کیا پایا؟

۳۔ بِمَاذَا يَمْتَازُ ابْنُ الْقَاسِمِ فِي مَوَاهِبِهِ الْقِيَادِيَّةِ؟

محمد بن قاسم اپنی قائدانہ صلاحیتوں میں کیوں ممتاز تھا؟

جواب:

۱۔ فَتَحَ مَنَاطِقَ السِّنْدِ وَمُلْتَانَ

۲۔ أَدْرَكَ ثَارَهُ وَسِتِّيْنَ أَلْفَ أَلْفِ دِرْهَمٍ وَرَأْسَ دَاهِرٍ

۳۔ بِإِهْتِمَامِ الدَّقِيْقِ بِالنُّظُمِ الْإِدَارِيَّةِ لِلْمَنَاطِقِ الْمَفْتُوحَةِ۔

س 2۔ اِسْتَخْرِجْ عَشَرَةَ أَسْمَاءٍ مُفْرَدَةٍ وَحَوِّلْهَا إِلَى جُمُوعِهَا۔

10 اسم مفرد لیں اور ان کو جمع میں بدلیں۔

جمع	واحد	جمع	واحد
دَرَاهِمُ	درهَمٌ	اَنْهارٌ	نَهرٌ
اَمْوَالٌ	مَالٌ	مَرَاكِزُ	مَرْكَزٌ
مَنَاطِقُ	مِنطَقَةٌ	مَسَاجِدُ	مَسْجِدٌ
مُدُنٌ	مَدِيْنَةٌ	كِرَامٌ	كَرِيْمٌ
بُيُوْتٌ	بَيْتٌ	مُسْلِمَاتٌ	مُسْلِمَةٌ

س3 خُذْ خَمْسَةً مِّنَ الْمُرَكَّبَاتِ التَّوْصِيْفِيَّةِ مِنَ الدَّرْسِ وَاسْتَخْدِمْهَا فِيْ جُمَلٍ مُّفِيْدَةٍ۔

سبق سے مرکبات توصیفی کی تراکیب لیں اور انھیں مفید جملوں میں استعمال کریں۔

مرکبات توصیفی	جملے
۱۔ نِسْوَةٌ مُّسْلِمَاتٌ	صَلَّتْ نِسْوَةٌ مُّسْلِمَاتٌ مسلمان عورتوں نے نماز پڑھی۔
۲۔ اَلْغَنَائِمُ الْكَثِيْرَةُ	حَصَلَ مُحَمَّدُ عَلَى الْغَنَائِمِ الْكَثِيْرَةِ۔ محمد نے بہت سا مال غنیمت حاصل کی۔
۳۔ مَعْرَكَةٌ حَاسِمَةٌ	هٰذِهِ مَعْرِكَةٌ حَاسِمَةٌ یہ خونریز معرکہ ہے۔
٤۔ اَلْجُنُوْدُ الْمُدَرَّبُوْنَ	اِنْتَصَرَ الْجُنُوْدُ الْمُدَرَّبُوْنَ تربیت یافتہ لشکروں نے فتح پائی۔
٥۔ اَلْحُكْمُ الْإِسْلَامِيُّ	مُحَمَّدُ بْنُ قَاسِمٍ هُوَ رَائِدُ الْحُكْمِ الْاِسْلَامِيِّ۔ محمد بن قاسم اسلامی حکومت کا علمبردار تھا۔

س4 اِمْلَاءِ الْفَرَاغِ بِكَلِمَةٍ مُّنَاسِبَةٍ۔

مناسب الفاظ سے خالی جگہ پُر کریں۔

۱۔ اَهْدَى مَلِكُ جَزِيْرَةِ الْيَاقُوْتِ نِسْوَةً مُّسْلِمَاتٍ اِلَى الْحَجَّاجِ

۲۔ نَصَبُوا الْمَنْجَنِيْقَ وَرَمَوْا بِهِ حَتّٰى فُتِحَتْ اَلْمَدِيْنَةُ۔

۳۔ كَانَ مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ قَدْ فَتَحَ بِلَادَ السِّنْدِ وَمُلْتَان

س5۔ خُذْ خَمْسَةً مِنَ الْأَفْعَالِ الْمَاضِيَةِ وَحَوِّلْهَا اِلَى الْاَفْعَالِ الْمُضَارِعَةِ

5 افعال ماضیہ لیں اور انھیں افعالِ مضارع میں تبدیل کریں۔

ماضی	مضارع
اَهْدٰى	يَهْدِىْ
عَرَضَ	يَعْرِضُ
مَاتَ	يَمُوْتُ
أَقَامَ	يُقِيْمُ
اَرْسَلَ	يُرْسِلُ

س6۔ تَرْجِمْ اِلَى الْعَرَبِيَّةِ:

عربی ترجمہ کریں:

۱۔ سندھ کو باب الاسلام کہا جاتا ہے۔

۲۔ بحری ڈاکوؤں نے کشتی پکڑ لی۔

۳۔ عرب عورت نے حجاج کو پکارا۔

۴۔ اسلامی لشکر نے دیبل کا محاصرہ کر لیا۔

۵۔ سندھ کا راجہ داہر قتل ہو گیا۔

جواب:

۱۔ يُقَالُ السِّنْدُ بَابُ الْإِسْلَامِ۔

۲۔ اَخَذَ الْقَرَاصِنَةُ السَّفِيْنَةَ۔

۳۔ نَادَتِ الْإِمْرَاةُ الْعَرَبِيَّةُ حَجَّاجًا۔

٤۔ حَاصَرَ الْجَيْشُ الْإِسْلَامِيُّ دَيْبَلَ۔

٥۔ قُتِلَ دَاهِرُ مَلِكُ السِّنْدِ۔

......☆......

اَلدَّرسُ التَّاسِعُ وَ الْعِشْرُوْنَ: (انتیسواں سبق)

(خط نمبر ۳)

خِطَابٌ تِجَارِيٌّ وَالرَّدُّ عَلَيْهِ

کاروباری خط اور اس کا جواب

المفردات:

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
۱۔ خِطَابٌ	خط	۲۔ تِجَارِيٌّ	کاروباری۔ کمرشل
۳۔ اَلرَّدُّ	جواب	٤۔ مُؤَسَّسَةٌ	کمپنی
۵۔ وَاَوْلَادِهٖ	اینڈ سنز	٦۔ اَلْمُدِيْرُ الْعَامُ	ڈائریکٹر جنرل
۷۔ اِخْبَارٌ	خبر دینا۔ آگاہ کرنا	۸۔ عُنْوَانٌ	ایڈریس
۹۔ اِسْتِيْرَادُ	درآمد کرنا	۱۰۔ اَلْبَضَائِعُ	مال۔ سامان
۱۱۔ مَحَلٌّ تِجَارِيٌّ	تجارتی مرکز	۱۲۔ كَانَ يَتَعَامَلُ	معاملہ طے کرتا تھا
۱۳۔ اَلسَّجَاجِيْدُ	قالین	١٤۔ نَالَتْ	حاصل کیا۔ پایا
۱۵۔ اِعْجَابُ الْجَمَاهِيْرِ	لوگوں میں مقبولیت	۱٦۔ اِسْتِحْسَانِهِمْ	ان کی داد تحسین
۱۷۔ نَاحِيَةٌ	پہلو۔ جانب	۱۸۔ اَلْمُسْتَوٰى	کوالٹی۔ معیار
۱۹۔ اَلْأَسْعَارُ	قیمتیں	۲۰۔ شَجَّعَنِیْ	مجھے ابھارا
۲۱۔ اَلْمَجَالُ	میدان	۲۲۔ اَرْجُوْا	میں امید کرتا ہوں
۲۳۔ عَيِّنَاتٌ	نمونے	٢٤۔ اَنْوَاعٌ	اقسام
۲۵۔ اَلْإِخْتِبَارُ	آزمائش	۲٦۔ نَرْغَبُ	ہم چاہتے ہیں

۲۷۔ كَمِيَّةٌ	مقدار	۲۸۔ سُوْقٌ	بازار۔منڈی
۲۹۔ شِرْكَةٌ	کمپنی	۳۰۔ تَلَقَّيْتُ	میں نے پایا
۳۱۔ مَشَاعِرُ	احساسات۔تاثرات	۳۲۔ اَلنَّبِيْلَةُ	شریفانہ۔عمدہ
۳۳۔ نَحْوَ	طرف	۳۴۔ تُنْتِجُهَا	ان کو بنایا ہے
۳۵۔ مَصَانِعُ	فیکٹریاں	۳۶۔ يَرُوْقُ	خوشگوار
۳۷۔ تَسْعِيْرَةٌ	ریٹ لسٹ	۳۸۔ اَلْفَاتُوْرَةُ	بل

اردو ترجمہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ماجد اینڈ سنز کمپنی

۱۴۔ پارلیمنٹ روڈ، کویت

جناب ڈائریکٹر جنرل حامد اینڈ کمپنی

السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ

محترم!

میں جناب کو کویت میں اپنی کمپنی جس کا ایڈریس اوپر دیا گیا ہے، کے بارے میں بتانے کا شرف حاصل کر رہا ہوں۔ یہ سامان تجارت امپورٹ ایکسپورٹ کرنے والی تجارتی کمپنی ہے۔ اس (کمپنی) کے ڈائریکٹر جنرل نے جدہ کے ایک بڑے تجارتی ادارے میں دس سال تک خدمات سر انجام دی ہیں اور انہوں نے آپ کے بنائے ہوئے قالینوں کی امپورٹ کرنے میں آپ سے معاملہ (لین دین) کیا ہے۔ آپ کی مصنوعات اپنے اعلیٰ معیار اور مناسب قیمتوں کی وجہ سے عوام میں مقبولیت حاصل کر چکی ہیں۔ اسی بات نے میری آپ کو خط لکھنے اور تجارتی میدان میں آپ کے ساتھ تعاون کرنے میں حوصلہ افزائی کی ہے۔

ازراہ کرم آزمائشی طور پر مختلف اقسام کے قالینوں کے نمونے ارسال فرمائیں۔ اس بات کا خیال رکھتے ہوئے کہ ہم ہر سال بھاری مقدار میں قالین امپورٹ کرنا چاہتے ہیں۔

اور آپ ان شاء اللہ کویت میں ایک نفع بخش مارکیٹ پائیں گے۔

ہمارا پُر خلوص سلام قبول فرمائیں

آپ کا مخلص

کمپنی مینیجر

کویت 21-4-2005

خط کا جواب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حامد کارپٹ کمپنی

۱۵۔شارع قائداعظم لاہور

محترم جناب ڈائریکٹر جنرل ماجد اینڈ سنز کمپنی

خلوص بھرا سلام

محترم!

مجھے آپ کا مورخہ ۲۰۰۴۔۴۔۲۱ کا لکھا ہوا خط ملا۔ ہم اپنی کمپنی کے متعلق آپ کے اچھے تاثرات پر آپ کے شکر گزار ہیں۔ دو یوم قبل ہم نے آپ کو اپنی کمپنی کے کارخانوں میں تیار ہونے والے قالینوں کے بعض نمونے بھیجے ہیں۔ (اور آپ کے لئے ممکن ہے کہ آپ اپنے عمدہ ذوق کے مطابق ان میں سے منتخب کر سکتے ہیں۔ اور ان نمونوں کے ساتھ ہی آپ کو مصنوعات کی ریٹ لسٹ بل اور دوسرے ضروری کاغذات مل جائیں گے۔

اور آخر میں آپ کے لیے زیادہ سلام اور احترام

آپ کا مخلص

ڈائریکٹر جنرل

لاہور 15-5-2004

اَلتَّمَارِیْنُ

س1۔ اِحْفَظِ الْکَلِمَاتِ التَّالِیَۃَ وَاسْتَخْدِمْھَا فِیْ جُمَلٍ مُّفِیْدَۃٍ

درج ذیل کلمات کو یاد کریں اور ان کو مفید جملوں میں استعمال کریں۔

مُؤَسَّسَۃٌ ، شِرْکَۃٌ ، عُنْوَانٌ ، بِضَاعَۃٌ ، إِسْتِیْرَادٌ ، إِعْجَابٌ ، تَشْجِیْعٌ ، تَصْدِیْرٌ

۱۔ مُؤَسَّسَۃٌ	ھٰذِہٖ مُؤَسَّسَۃٌ تِجَارِیَّۃٌ۔ یہ ایک تجارتی کمپنی ہے۔
۲۔ شِرْکَۃٌ	اِشْتَرَیْتُمُ السَّجَاجِیْدَ مِنْ شِرْکَۃِ حَامِدٍ تم نے حامد کارپٹ کمپنی سے قالین خریدے۔

٣۔ عُنْوَانٌ	إِخْبِرْنِیْ عَنْ عُنْوَانِ بَیْتِكَ مجھے اپنے گھر کا پتا بتائیں۔
٤۔ بِضَاعَةٌ	هٰذِهِ بِضَاعَةٌ تِجَارِيَّةٌ یہ تجارتی سامان ہے۔
٥۔ إِسْتِيْرَادٌ	هٰذِهِ الْمُؤَسَّسَةُ قَائِمَةٌ لِلْإِسْتِيْرَاد یہ سامان درآمد کرنے والی کمپنی ہے۔
٦۔ إِعْجَابٌ	نَالَتْ، مَصْنُوْعَاتُكُمْ إِعْجَابِیْ آپکی مصنوعات نے میری پسندیدگی پالی ہے۔
٧۔ تَشْجِيْعٌ	صِرْتُ نَاجِحًا بِتَشْجِيْعِكَ آپکی حوصلہ افزائی سے میں کامیاب ہوگیا۔
٨۔ تَصْدِيْرٌ	هٰذِهِ بِضَاعَةٌ لِتَصْدِيْرٍ۔ یہ سامان برآمد کرنے کے لئے ہے۔

س2۔ هَاتِ الْمُضَارِعَ لِمَايَأْتِیْ مِنَ الْأَفْعَالِ الْمَاضِيَةِ:

درج ذیل افعال ماضیہ کو مضارع میں بدلیں:

ماضی: تَشَرَّفَ ، أَخْبَرَ ، صَدَّرَ ، تَعَامَلَ ، اِسْتَوْرَدَ ، نَالَ ، أَعْجَبَ ، اِمْتَازَ ، رَجَا ، أَرْسَلَ

مضارع: يَتَشَرَّفُ ، يُخْبِرُ ، يُصَدِّرُ ، يَتَعَامَلُ ، يَسْتَوْرِدُ ، يَنَالُ ، يُعْجِبُ ، يَمْتَازُ ، يَرْجُوْا ، يُرْسِلُ

س3۔ صَرِّفِ الْأَفْعَالَ التَّالِيَةُ تُصْرِيْفَ الْأَمْرِ وَالنَّهْيِ۔

درج ذیل افعال کی امر اور نہی کی گردان کریں۔

يُصَدِّرُ	يَتَعَامَلُ	يَنَالُ
امر: صَدِّرْ ، صَدِّرَا ، صَدِّرُوْا، صَدِّرِیْ ، صَدِّرَا ، صَدِّرْنَ	امر: تَعَامَلْ ، تَعَامَلَا ، تَعَامَلُوْا ، تَعَامَلِیْ تَعَامَلْنَ	امر: نِلْ ، نَالَا ، نَالُوْا نَالِیْ ، نَالَا ، نِلْنَ

نہی: لَاتُصَدِّرِ ، لَاتُصَدِّرَا لَاتُـــصَـــدِّرُوْا ، لَاتُصَدِّرِیْ لَاتُصَدِّرَا ۔ لَاتُصَدِّرْنَ	نہی: لَاتَتَعَامَلْ ، لَاتَتَعَامَلَا لَاتَتَـعَـامَـلُـوْا ، لَاتَتَعَامَلِیْ لَاتَتَعَامَلَا ، لَاتَتَعَامَلْنَ	نہی: لَاتَنَلْ ، لَاتَنَالَا ، لَاتَنَالُوْا ، لَاتَنَالِیْ ، لَاتَنَالَا ، لَاتَنَلْنَ

س4۔ خُذْ خَمْسَةً مِنَ التَّرَاكِيْبِ التَّوْصِيْفِيَّةِ وَاسْتَخْدِمْهَا فِیْ جُمَلٍ مُّفِيْدَةٍ۔

5 مرکبات توصیفی لیں اور انھیں مفید جملوں میں استعمال کریں۔

۱۔ مُؤَسَّسَةٌ عَرَبِيَّةٌ	اَلْمُؤَسَّسَةُ الْعَرَبِيَّةُ عُنْوَانُهَا مَذْكُوْرٌ أَعْلَاهُ عربی کمپنی کا پتہ اوپر مذکور ہے۔
۲۔ كَمِيَّةٌ كَبِيْرَةٌ	نَحْنُ نَرْغَبُ فِیْ اِسْتِيْرَادِ كَمِيَّةٍ كَبِيْرَةٍ ہم بڑی مقدار میں درآمد کرنا چاہتے ہیں۔
۳۔ اَلْمَجَالُ التِّجَارِیُّ	تَعَاوَنُوْا الْمُسْلِمِيْنَ فِی الْمَجَالِ التِّجَارِیِّ تجارتی میدان میں مسلمانوں سے تعاون کرو۔
٤۔ سُوْقًا نَافِعًا	لَكَ سُوْقٌ نَافِعٌ هُنَا۔ آپکے لئے وہاں نفع بخش مارکیٹ ہے۔
٥۔ اَلْمُدِيْرُ الْعَامِ	اَنَا مُدِيْرٌ عَامٌ فِی الْمُؤَسَّسَةِ۔ میں کمپنی میں جنرل ڈائریکٹر ہوں۔

س5۔ شَكِّلِ الْجُمَلَ الْآتِيَةَ:

درج ذیل جملوں کو اعراب لگاؤ۔

۱۔ هٰذِهِ مُؤَسَّسَةٌ تِجَارِيَّةٌ وَعُنْوَانُهَا مَذْكُوْرٌ أَعْلَاهُ۔

۲۔ نَحْنُ نُصَدِّرُ السَّجَاجِيْدَ اِلَی الشَّرْقِ الْأَوْسَطِ۔

۳۔ هٰذِهِ الْمَصْنُوْعَاتُ قَدْ نَالَتْ إِعْجَابَ النَّاسِ۔

س6۔ اَجِبْ عَنِ الْاَسْئِلَةِ التَّالِيَةِ۔

درج ذیل سوالات کے جوابات دیں۔

۱۔ **مَاذَا تَسْتَوْرِدُ الشَّرِكَةُ الْكُوَيْتِيَّةُ؟**

کویتی کمپنی کیا درآمد کرتی ہے؟

۲۔ **مَاذَا تُصَدِّرُ الشَّرِكَةُ الْبَاكِسْتَانِيَّةُ؟**

پاکستان کمپنی کیا برآمد کرتی ہے۔

۳۔ **مَنْ اَرْسَلَ عَيْنَاتِ السَّجَاجِيْدِ؟**

کس نے قالینوں کے نمونے بھیجے؟

جواب:

۱۔ **تَسْتَوْرِدُ الشَّرِكَةُ الْكُوَيْتِيَّةُ السَّجَاجِيْدَ۔**

۲۔ **تُصَدِّرُ االشَّرِكَةُ الْبَاكِسْتَانِيَّةُ السَّجَاجِيْدَ۔**

۳۔ **اَلشَّرِكَةُ الْبَاكِسْتَانِيَّةُ اَرْسَلَ عَيْنَاتِ السَّجَاجِيْدِ۔**

س8۔ تَرْجِمْ اِلَى الْعَرَبِيَّةِ:

عربی ترجمہ کریں:

۱۔ ہم تجارتی مال درآمد برآمد کرتے ہیں۔

۲۔ ہماری کمپنی کا نام اوپر لکھا ہوا ہے۔

۳۔ ہماری مصنوعات کو عوام نے پسند کیا ہے۔

۴۔ اس بات سے میری حوصلہ افزائی ہوئی ہے۔

۵۔ ہم بھاری مقدار درآمد کرنا چاہتے ہیں۔

جواب:

۱۔ **نَحْنُ نُصَدِّرُ وَنَسْتَوْرِدُ الْبِضَائِعَ التِّجَارِيَّةَ۔**

۲۔ **اِسْمُ شَرِكَتِنَا مَذْكُوْرٌ أَعْلَاهُ،**

۳۔ **أَعْجَبَتِ الْجَمَاهِيْرَ مَصْنُوْعَاتُنَا۔**

٤۔ **ذٰلِكَ قَدْ شَجَّعَنِيْ۔**

۵۔ **نَرْغَبُ فِيْ إِسْتِيْرَادِ كَمِيَّةٍ كَبِيْرَةٍ۔**

......☆......

اَلدَّرْسُ الثَّلاَثُوْنَ: (تیسواں سبق)

ہمارا وطن (۴)

لِمَاذَا أُنْشِئَتْ بَاكِسْتَانُ؟

پاکستان کیوں بنا؟

لغات:

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
۱۔ شِبْهُ الْقَارَّةِ	برصغیر	۲۔ يَدُسُّوْنَ	وہ تدبیریں کرتے ہیں
۳۔ عَهْدٌ	زمانہ	٤۔ سَيْطَرَةٌ	تسلط
۵۔ اَلْجَيْشُ	لشکر	٦۔ اَلْبِلَادُ	ملک
۷۔ تَحْتَ قِيَادَةٍ	زیر قیادت	۸۔ اِحْتِلَالٌ	قبضہ
۹۔ نِهَايَةٌ	آخر۔ اختتام	۱۰۔ يَتَآمَرُوْنَ	وہ سازشیں کرتے ہیں
۱۱۔ اَلْقَرْنُ	صدی	۱۲۔ ضِدٌّ	خلاف
۱۳۔ ظَلَّ	مسلسل رہے ہیں	١٤۔ اَلْقَضَاءُ	قبضہ کرنا
۱۵۔ اَلْفُ	ہزار	١٦۔ حَقَّقَ	پورا ہو گیا
۱۷۔ ثَوْرَةٌ	انقلاب	۱۸۔ أَخْمَدَ	ٹھنڈا کیا
۱۹۔ حُكْمٌ	حکومت	۲۰۔ اَلثَّوْرَةُ	انقلاب
۲۱۔ اَلإِنْجِلِيْزُ	انگریز	۲۲۔ اَلْهِنَادِكَةُ	ہندو
۲۳۔ أَخَذُوْا	انھوں نے شروع کر دیا	٢٤۔ تَعَامَلُ	معاملہ کیا
۲۵۔ يُمَهِّدُوْنَ	وہ ہموار کرتے ہیں	٢٦۔ أَطْلَقَ	رکھا۔ چھوڑا
۲۷۔ اَلطَّرِيْقُ	راستہ۔ راہ (جمع)	۲۸۔ أَحْرَارًا	آزاد

۲۹۔ مَنَاصِبُ	عہدے	۳۰۔ قَادَ	قیادت کی
۳۱۔ اَلسَّاحِقَۃُ	اکثریت	۳۲۔ شَارَكَ	شرکت کی
۳۳۔ اَحْتَلَّ	اس نے قبضہ کیا	۳۴۔ وَلَمْ یَمْضِ	زیادہ نہ گزرا (وقت)
۳۵۔ وِلَاءٌ	حمایت	۳۶۔ حَاجَۃُ	ضرورت
۳۷۔ وَفَاءٌ	وفاداری	۳۸۔ خَطٌّ	حصہ
۳۹۔ تَأَکَّدُوْا	انھیں یقین دلایا گیا	۴۰۔ تَنَبَّہَ	اسے آگاہی ہوئی
۴۱۔ سَیُغَادِرُوْنَ	عنقریب چھوڑ جائیں گے	۴۲۔ طَالَبَ	اس نے مطالبہ کیا
۴۳۔ سَوْفَ	عنقریب، جلد	۴۴۔ ضَمَانَاتٌ	ضمانتیں
۴۵۔ یَسْتَعْبِدُوْنَ	وہ انتقام لیں گے	۴۶۔ یُوْقِظُ	جگاتا ہے
۴۷۔ بَدَأَتْ	شروع ہوئی	۴۸۔ لِتَنْہَضَ	تاکہ اٹھیں
۴۹۔ اَلْحَرَکَاتُ التَّحَرُّرِیَّۃُ	آزادی کی تحریکیں	۵۰۔ تُدَافِعُ	دفاع کریں
۵۱۔ حِیَاضُ	حصہ	۵۲۔ رَأْیٌ	رائے
۵۳۔ نَجِسٌ	ناپاک	۵۴۔ یَجِبُ	لازم ہے
۵۵۔ تَھْنِیْدُ	ہندو بنانا	۵۶۔ لِیَعِیْشُوْا	تاکہ زندگی گزاریں
۵۷۔ إِقْتَرَحَ	اس نے تجویز پیش کی	۵۸۔ مُسْتَقِلَّۃٌ	آزاد
۵۹۔ اَلْمَنْبُوْذِیْنَ	مردود	۶۰۔ اِقْتَرَحَ	اس نے تجویز پیش کی
۶۱۔ سَمَّا	نام رکھا	۶۲۔ اَلرَّشِیْدَۃُ	مخلصانہ
۶۳۔ اَلْفِکْرَۃُ	سوچ	۶۴۔ أَحَبُّوْا	وہ پسند کرنے لگے
۶۵۔ اَلتَّسْمِیَۃُ	نام	۶۶۔ اِجْتِمَاعٌ	جلسہ
۶۷۔ اَلرَّابِطَۃُ	جماعت، لیگ	۶۸۔ عُقِدَ	منعقد کیا ہے
۶۹۔ جِوَارٌ	پڑوس	۷۰۔ أُنْشِئَتْ	قائم ہوا

اردو ترجمہ

دَخَلَ الْإِسْلَامُ شِبْهَ الْقَارَّةِ فِي عَهْدِ الْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِيْنَ ثُمَّ دَخَلَ الْجَيْشُ الْإِسْلَامِيُّ الْمُجَاهِدُ الْفَاتِحُ تَحْتَ قِيَادَةِ مُحَمَّدِ بْنِ الْقَاسِمِ فِي نِهَايَةِ الْقَرْنِ الْهِجْرِيِّ الْأَوَّلِ وَمُنْذُ ذٰلِكَ الْوَقْتِ ظَلَّ الْمُسْلِمُوْنَ يَحْكُمُوْنَ الْهِنْدَ بَعْضَهَا حِيْنًا وَكُلَّهَا حِيْنًا آخَرَ إِلٰى أَكْثَرِ مِنْ أَلْفِ عَامٍ حَتّٰى تَمَكَّنَ الْإِسْتِعْمَارُ الْبَرِيْطَانِيُّ مِنَ الْقَضَاءِ عَلَى الْحُكْمِ الْإِسْلَامِيِّ بَعْدَ ثَوْرَةِ عَامِ ١٨٥٧م الَّتِيْ كَانَتْ قَدْ قَامَتْ ضِدَّ حُكْمِ الْإِنْجِلِيْزِ الَّذِيْنَ كَانُوْا قَدْ دَخَلُوْا شِبْهَ الْقَارَّةِ تُجَّارًا ثُمَّ أَخَذُوْا يُمَهِّدُوْنَ الطَّرِيْقَ لِحُكْمِهِمْ وَيَدُسُّوْنَ لِسَيْطَرَتِهِمْ عَلَى الْبِلَادِ وَاحْتِلَالِهَا وَيَتَآمَرُوْنَ ضِدَّ الْحُكْمِ الْإِسْلَامِيِّ وَالْقَضَاءِ عَلَيْهِ وَتَحَقَّقَ لَهُمْ ذٰلِكَ بَعْدَ الثَّوْرَةِ الَّتِيْ أَخْمَدُوْهَا بِالْكَيْدِ وَالْقُوَّةِ۔

برصغیر میں خلفائے راشدین کے زمانے میں اسلام آیا۔ پھر پہلی صدی ہجری کے آخر میں محمد بن قاسم کی قیادت میں ایک اسلامی فاتح مجاہد لشکر داخل ہوا۔ اس وقت سے لے کر مسلمان کبھی تو پورے ہندوستان پر اور کبھی اس کے بعض علاقوں پر سو سال سے زیادہ عرصہ تک حاکم رہے یہاں تک کہ برطانوی سامراج کے لئے 1857ء کے انقلاب کے بعد اسلامی حکومت پر قبضہ کرنا ممکن ہو گیا۔ یہ جنگ انگریزوں کی حکومت کے خلاف لڑی گئی تھی جو برصغیر میں تاجر بن کر آئے تھے۔ پھر اپنی حکومت کے لئے راہ ہموار کرنا شروع کر دی اور ملک پر تسلط اور قبضے کے لئے تدبیریں کرنے لگے اور اسلامی حکومت کے خلاف اور اسے ختم کرنے کے لئے سازشیں کرنے لگے۔ اور ان کا یہ خواب 1857ء کی جنگ آزادی کے بعد پورا ہو گیا جسے انھوں نے سازش اور قوت کے ذریعے ٹھنڈا کر دیا۔

وَكَانَ الْمُسْلِمُوْنَ مُنْذُ الْفَتْحِ إِلَى الثَّوْرَةِ يَتَعَامَلُوْنَ مَعَ الْهَنَادِكَةِ تَعَامُلَ الْكَرَامَةِ وَالسَّخَاءِ وَالْمُسَاوَاةِ وَلَمْ يَتَدَخَّلْ حَاكِمٌ مُسْلِمٌ فِيْ عَقِيْدَتِهِمْ وَأَطْلَقَهُمْ أَحْرَارًا وَفَوَّضَ إِلَيْهِمْ مَنَاصِبَ الْحُكُوْمَةِ وَالْوِزَارَةِ وَمِنْ ثُمَّ ظَلَّتِ الْهِنْدُوْكِيَّةُ هِيَ دِيْنُ الْأَغْلَبِيَّةِ السَّاحِقَةِ حَتّٰى احْتَلَّ الْإِنْجِلِيْزُ الْبِلَادَ فَأَكَّدَ الْهَنَادِكَةُ وِلَاءَهُمْ وَوَفَاءَهُمْ لِلْحُكْمِ الْجَدِيْدِ وَاحْتَلُّوا الْمَنَاصِبَ الْحُكُوْمِيَّةَ وَتَأَكَّدُوْا بِأَنَّ الْإِنْجِلِيْزَ

سَيُغَادِرُوْنَ الْبِلَادَ يَوْمًا وَأَنَّ الْحُكْمَ سَوْفَ يَكُوْنُ نَصِيْبُ الْأَغْلَبِيَّةِ السَّاحِقَةِ مِنَ الْهَنَادِكَةِ وَأَنَّهُمْ سَوْفَ يَسْتَعْبِدُوْنَ الْمُسْلِمِيْنَ وَيَنْتَقِمُوْنَ مِنْهُمْ لِمَا حَكَمُوْا عَلَيْهِمْ إِلٰى أَكْثَرِ مِنْ أَلْفِ سَنَةٍ۔

مسلمان فتح سے لے کر انقلاب تک ہندوؤں کے ساتھ شرافت، سخاوت اور مساوات کا سلوک کرتے رہے۔ مسلمان حکمرانوں نے ان کے عقائد میں مداخلت نہ کی انھیں آزاد رکھا اور حکومت اور وزارت کے عہدے ان کو سونپے اس وجہ سے ہندومت غالب اکثریت کا دین رہا۔ یہاں تک کہ انگریزوں نے وہاں پر قبضہ کر لیا تو ہندوؤں نے نئی حکومت کو اپنی دوستی اور وفاداری کا یقین دلایا۔ حکومت کے عہدے حاصل کیے۔ انھیں یقین دلایا گیا کہ انگریز عنقریب ملک چھوڑ جائیں گے اور حکومت ہندوؤں میں سے واضح اکثریت کو مل جائے گی اور وہ مسلمانوں کو غلام بنالیں گے۔

ثُمَّ بَدَأَتِ الْحَرَكَاتُ التَّحَرُّرِيَّةُ الَّتِيْ قَادَهَا الْعُلَمَاءُ الْمُسْلِمُوْنَ ثُمَّ شَارَكَهُمُ الْهَنَادِكَةُ الَّذِيْنَ أَقْنَعُوا الْمُسْلِمِيْنَ أَخِيْرًا بِحَاجَةِ التَّوْحِيْدِ بَيْنَ الْهَنَادِكَةِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَلَمْ يَمْضِ وَقْتٌ طَوِيْلٌ حَتّٰى اكْتَشَفَ الْمُسْلِمُوْنَ بِأَنَّ الْهَنَادِكَةَ يَعْنُوْنَ بِالْهِنْدِ الْمُسْتَقِلَّةِ دَوْلَةً هِنْدُوْكِيَّةً لَاحَظَّ فِيْهَا لِلْمُسْلِمِيْنَ وَلَا نَصِيْبَ لَهُمْ وَكَانَ الْقَائِدُ الْأَعْظَمُ مُحَمَّد عَلِي جناح هُوَ أَوَّلُ مِنْ تَنَبَّهَ لِذٰلِكَ فَطَالَبَ الْحُقُوْقَ لِلْمُسْلِمِيْنَ مِنَ الْهَنَادِكَةِ بِالضَّمَانَاتِ الدُّسْتُوْرِيَّةِ فَرَفَضُوْا فَتَأَكَّدَ الْقَائِدُ الْأَعْظَمُ بِمَا كَانَ قَدْتَنَبَّهَ إِلَيْهِ فَأَخَذَ يُوْقِظُ الْأُمَّةَ الْإِسْلَامِيَّةَ لِتَنْهَضَ فَتُدَافِعَ عَنْ حِيَاضِهَا وَحُقُوْقِهَا فِي الْمُسْتَقْبَلِ۔

پھر آزادی کی تحریکیں شروع ہوئیں جن کی قیادت مسلمان علماء نے کی پھر ہندو بھی ان کے ساتھ شامل ہو گئے۔ جنھوں نے مسلمانوں کو آخر کار ہندو مسلم اتحاد کی ضرورت پر قائل کر دیا۔ زیادہ عرصہ نہ گزرا کہ مسلمانوں کو انکشاف ہوا کہ ہندو آزاد ہندوستان سے مراد ایک ہندو مملکت لیتے ہیں جن میں مسلمانوں کا کوئی حصہ نہیں ہوگا۔ قائداعظم وہ پہلے شخص تھے جنھیں اس بات کی آگاہی ہوئی پس انھوں نے ہندوؤں سے مسلمانوں کے حقوق کا دستوری ضمانتوں کے ساتھ مطالبہ کر دیا۔ پس انھوں نے انکار کر دیا پس قائداعظم کو اس بات کا یقین ہو گیا۔ جس بارے میں انھیں آگاہی ہوئی تھی پس انھوں نے امت اسلامیہ کو جگانا شروع کر دیا تا کہ وہ اٹھیں اور مستقبل میں اپنے حقوق اور

حصے کا دفاع کریں۔

وَلَقَدْ رَأَى الْقَائِدُ الْاَعْظَمُ بِأَنَّ الْهِنْدُوكِيَّةَ الْمُتَعَصِّبَةَ تُعَادِيْ كُلَّ شَيْءٍ إِسْلَامِيٍّ مِّنَ التَّارِيْخِ وَالْعَقِيْدَةِ وَالثَّقَافَةِ وَالْآثَارِ وَيَعْتَبِرُوْنَ الْمُسْلِمِيْنَ نَجَسًا وَوَسَخًا يَّجِبُ إِمَّا مَسْخُهُمْ مِّنْ شِبْهِ الْقَارَّةِ أَوْتَهْنِيْدُهُمْ لِيَعِيْشُوْا مَعَ الْهَنَادِكَةِ الْمَنْبُوْذِيْنَ۔

قائد اعظم نے دیکھا کہ متعصب ہندو ہر اسلامی شے تاریخ، عقیدہ، ثقافت آثار سے دشمنی رکھتے ہیں۔ وہ مسلمانوں کو ناپاک سمجھتے ہیں اور لازم ہے کہ یا تو مسلمانوں کو برصغیر سے نکال دیا جائے یا انھیں ہندو بنا دیا جائے گا تاکہ وہ مردود ہندوؤں کے ساتھ زندگی گزاریں۔

وَكَانَ الْعَلَّامَةُ مُحَمَّد إِقْبَالُ هُوَ أَوَّلُ مَنِ اقْتَرَحَ بِإِنْشَاءِ دَوْلَةٍ إِسْلَامِيَّةٍ مُّسْتَقِلَّةٍ فِيْ مَنَاطِقِ الْأَغْلَبِيَّةِ الْمُسْلِمَةِ وَكَانَ تَشُوْدَرِيْ رَحْمَتْ عَلِيْ قَدْ سَمَّاهَا بَاكِسْتَانَ فَتَبَنَّى الْمُسْلِمُوْنَ تَحْتَ قِيَادَةِ الْقَائِدِ الْأَعْظَمِ الرَّشِيْدَةِ هٰذِهِ الْفِكْرَةَ وَأَحَبُّوْا هٰذِهِ التَّسْمِيَةَ فَاتَّخَذُوْا قَرَارًا تَارِيْخِيًّا بِإِنْشَاءِ بَاكِسْتَانَ فِيْ إِجْتِمَاعِ الرَّابِطَةِ الْمُسْلِمَةِ الَّذِيْ عُقِدَ بِجِوَارِ الْمَسْجِدِ الْمَلَكِيِّ بِلَاهُوْرَ فِيْ ٢٣ مَارِسْ عَامَ ١٩٤٠ م ثُمَّ تَحَرَّكَتِ الْقَافِلَةُ الْإِسْلَامِيَّةُ تَحْتَ الْقِيَادَةِ الْمُخْلِصَةِ الرَّشِيْدَةِ حَتّٰى أُنْشِئَتْ بَاكِسْتَانُ فِيْ ١٤ ' أُغُسْطُسْ عَامَ ١٩٤٧ م وَ تَحَقَّقَ حُلْمُ إِقْبَالٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ وَكَانَ أَمْرُ اللّٰهِ مَفْعُوْلًا۔

علامہ اقبال وہ پہلے شخص تھے جنہوں نے تجویز پیش کی کہ مسلم اکثریت کے صوبوں میں آزاد مسلم ریاست قائم کی جائے۔ چوہدری رحمت علی نے اس کا نام پاکستان رکھا۔ پس مسلمان قائد اعظم کی ذہین قیادت کے تحت مسلمانوں نے اس سوچ کی بنیاد رکھی اور انھوں نے اس نام کو پسند کیا۔ پھر انھوں نے مسلم لیگ کے سالانہ اجلاس میں پاکستان بنانے کے لئے تاریخی قرارداد پیش کی۔ یہ اجلاس 23 مارچ 1940ء میں بادشاہی مسجد کے پہلو میں منعقد ہوا پھر مخلص ذہین قیادت کے تحت مسلمانوں کا قافلہ آگے چلا یہاں تک کہ 14 اگست 1947ء کو پاکستان بن گیا اور علامہ اقبال کا خواب پورا ہو گیا اور اللہ کا حکم پورا ہو کر ہی رہتا ہے۔

☆

اَلتَّمَارِيْنُ

س1۔ أَجِبْ عَنِ الْاَسْئِلَةِ التَّالِيَةِ:

درج ذیل سوالات کے جوابات دیں:

١۔ فِيْ اَيِّ اِجْتِمَاعٍ اِتَّخَذَ الْمُسْلِمُوْنَ الْقَرَارَ بِإِنْشَاءِ بَاكِسْتَانَ؟

کس جلسے میں مسلمانوں نے قرارداد پاکستان پیش کی؟

فِيْ اِجْتِمَاعِ الرَّابِطَةِ الْمُسْلِمَةِ۔

٢۔ مَنِ الَّذِيْ اقْتَرَحَ بِاِنْشَاءِ دَوْلَةٍ اِسْلَامِيَّةٍ؟

اسلامی ملک بنانے کی تجویز کس نے پیش کی؟

اَلْعَلَّامَةُ مُحَمَّدُ إِقْبَالٌ

٣۔ مَاذَا ايَعْتَبِرُ الْهَنَادِكَةُ الْمُسْلِمِيْنَ؟

ہندو مسلمانوں کو کیا سمجھتے ہیں؟

يَعْتَبِرُوْنَ الْمُسْلِمِيْنَ نَجِسًا وَ وَسِخًا

س2۔ اِحْفَظِ الْكَلِمَاتِ الْاٰتِيَةَ وَاسْتَخْدِمْهَا فِيْ جُمَلٍ مُفِيْدَةٍ۔

درج ذیل الفاظ کو یاد کریں اور انھیں مفید جملوں میں استعمال کریں۔

شِبْهُ الْقَارَّةِ	دَخَلَ الْإِسْلَامُ شِبْهَ الْقَارَّةِ فِيْ عَهْدِ الْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِيْنَ اسلام برصغیر میں خلفائے راشدین کے دور میں آیا۔
اَلْاِسْتِعْمَارُ	كَانَ الْاِسْتِعْمَارُ الْبَرِيْطَانِيُّ ظَالِمًا شَدِيْدًا۔ برطانوی سامراج بہت ظالم تھیں۔
اَلثَّوْرَةُ	هَلْ تَعْرِفُ ثَوْرَةُ اِسْلَامِيَّةُ فِيْ اِيْرَانَ؟ کیا تو ایران میں اسلامی انقلاب کے بارے میں جانتی ہے؟
سَيْطَرَةٌ	وَيَدُسُّوْنَ الْهِنَادِكَةُ لِسَيْطَرَتِهِمْ عَلَى الْبِلَادِ ہندو ملک پر تسلط کرنے کے لئے تدبیریں کرنے لگے۔
اَلْحَرَكَاتُ التَّحْرِيْرِيَّةُ	حَصَلْنَا الْبَاكِسْتَانَ بِالْحَرَكَاتِ التَّحْرِيْرِيَّةِ۔ ہم نے پاکستان آزادی کی تحریکوں کے ذریعے حاصل کیا۔

س4۔ هَاتِ الْمُفْرَدَ لِمَايَأْتِى؟

درج ذیل کے مفرد بنائیں؟

جمع	واحد	جمع	واحد
اَلْخُلَفَاءُ	خَلِيْفَةٌ	تُجَّارٌ	تَاجِرٌ
اَلْهَنَادِكَةُ	هِنْدُوْ	اَلْمَنَاصِبُ	مَنْصَبٌ
اَلْحَرَكَاتُ	حَرَكَةٌ	اَلْآثَارُ	اَثَرٌ
اَلْعُلَمَاءُ	عَالِمٌ		

س5۔ هَاتِ الْجَمْعَ لِمَايَأْتِى

درج ذیل کے جمع بنائیں۔

واحد	جمع	واحد	جمع
اَلْقَارَّةُ	قَارَّاتٌ	اَلْفُ	اَلَافٌ
اَلْعَقِيْدَةُ	عَقَائِدُ	عَهْدٌ	عُهُوْدٌ
قَرَارٌ	قَرَارَاتٌ	اَلْقَافِلَةُ	اَلْقَوَافِلُ
اَلْاُمَّةُ	اُمَمٌ	أَمْرٌ	اُمُوْرٌ

س6۔ شَكِّلِ الْجُمَلَ الْآتِيَةَ:

درج ذیل جملوں کو اعراب لگائیں:

۱۔ كَانَ الْإِنْجِلِيْزُ قَدْدَ خَلُوْاشِبْهَ الْقَارَّةِ تُجَّارًا۔

۲۔ لَمْ يَتَمَكَّنِ الْاِنْجِلِيْزُ مِنَ الْقَضَاءِ عَلَى الْاِسْلَامِ۔

س7۔ رَتِّبِ الْجُمَلَ مِنَ الْكَلِمَاتِ فِىْ كُلِّ سَطْرٍ۔

ہر سطر میں کلمات کو ترتیب دے کر جملے بنائیں۔

۱۔ اَلْهَنَادِكَةُ ، إِلَى ، الْاِنْجِلِيْزُ ، الْحُكُوْمَةِ ، فَوَّضَ ، مَنَاصِبَ

فَوَّضَ الْاِنْجِلِيْزُ مَنَاصِبَ الْحُكُوْمَةِ اِلَى الْهَنَادِكَةِ۔

۲۔ اَحْرَارًا ، اَلْهَنَادِكَةِ ، اَطْلَقَ ، الْمُسْلِمُوْنَ ، الْحُكَّامُ

اَطْلَقَ الْحُكَّامُ الْمُسْلِمُوْنَ اَلْهَنَادِكَةُ اَحْرَارًا۔

س8۔ ترجِمْ اِلَی الْعَرَبِیَّۃِ؟

عربی ترجمہ کریں:

ا۔ علامہ اقبال نے اسلامی ملک بنانے کی تجویز پیش کی۔

اِقْتَرَحَ الْعَلَّامَۃُ اِقْبَالٌ بِإِنْشَاءِ دَوْلَۃٍ إِسْلَامِیَۃٍ۔

۲۔ چوہدری رحمت علی نے اسلامی ملک کا نام پاکستان رکھا۔

کَانَ تَشُودَرِیْ رَحْمَتُ عَلِی قَدْسَمَّا ھٰذِہِ الدَّوْلَۃَ الْاِسْلَامِیَّۃَ بَاکِسْتَانَ

۳۔ قائداعظم نے پاکستان بنایا۔

اَسَّسَ الْقَائِدُ الْاَعْظَمُ بَاکِسْتَانَ

۴۔ لاہور میں مسلمانوں نے قرارداد پاس کی۔

اِتَّخَذَ الْمُسْلِمُوْنَ قَرَارًا بِاِنْشَاءِ بَاکِسْتَانَ بِلَاھُوْرَ۔

۵۔ آزادی کا قافلہ چل پڑا۔

تَحَرَّکَتْ قَافِلَۃُ الْحُرِّیَۃِ۔

۶۔ ہندو ہر اسلامی شے سے عداوت رکھتے ہیں۔

اَلْھِنْدُوْکِیَّۃُ تُعَادِیْ کُلَّ شَیْءٍ اِسْلَامِیٍّ۔

......☆......

اَلدَّرْسُ الْحَادِیْ وَالثَّلَاثُوْنَ : (سبق نمبر 31)

شِعْرُ الْحِكْمَةِ

حکمت ودانائی کے اشعار

منتخب اشعار (۴)

زہیر بن ابی سلمٰی

المفردات:

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
١۔ اَلْمَعْرُوْفُ	نیکی	٢۔ عِرْضٌ	عزت
٣۔ يَفِرْهُ	اس نے اپنی عزت بچائی	٤۔ يَتَّقِيْ	وہ بچتا ہے
٥۔ حَمْدٌ	تعریف	٦۔ ذَمٌّ	مذمت، برائی
٧۔ يَنْدَمُ	وہ نادم ہو جاتا ہے	٨۔ كَائِنٌ	کتنے ہی، بہت سے
٩ صَامِتٌ	خاموش	١٠۔ مُعْجِبٌ	پسندیدہ
١١۔ نَقْصٌ	کمی، خرابی	١٢۔ تَكَلُّمٌ	گفتگو
١٣۔ لِسَانٌ	زبان	١٤۔ اَلْفَتٰى	نوجوان
١٥۔ اَللَّحْمُ	گوشت	١٦۔ اَلدَّمُ	خون
١٧۔ غَامَرْتَ	تو خطرہ مول لے	١٨۔ طَعْمٌ	ذائقہ
١٩۔ مَرُوْمٍ	مقصود	٢٠۔ اَلْجُبَنَاءُ	بزدل (جمع)
١٢۔ اَلْعِجْزُ	عاجزی، انکساری	٢٢۔ خَدِيْعَةٌ	دھوکا
٢٣۔ اَلطَّبْعُ	طبیعت	٢٤۔ اَللَّئِيْمُ	گھٹیا
٢٥۔ تُغْنِيْ	بے نیاز کرتا ہے	٢٦۔ عَائِبٌ	عیب نکالنے والا

لفظ	معنی	لفظ	معنی
٢٧۔ آفَتُه	اسکی مصیبت	٢٨۔ فَهمُ	سمجھ، عقل
٢٩۔ سَقِيمُ	بیمار، ناقص	٣٠۔ جَارَيْتَ	ساتھ دنیا، برابر ہونا
٣١۔ دَنِئُ	کمینہ	٢٣۔ سَوَاءُ	برابر
٣٣۔ رَأَيتُ	میں نے دیکھا	٣٤۔ اَلحُرُّ	آزاد
٣٥۔ اَلمُخَاذِیُ	ذلت، رسوائی	٣٦۔ يَحمِيهِ	اس کی حفاظت کرتی ہے
٣٧۔ شِدَّةُ	مصیبت، سختی	٣٨۔ اَلعُودُ	لکڑی
٣٩۔ اَللِّحَاءُ	چھلکا	٤٠۔ سَيَأتِی	جلد آتی ہے
٤١۔ رَخَاءُ	نرمی	٤٥۔ لَمْ يَنَالُوا	نہیں پا سکے
٤٦۔ مُحَسَّدٌ	جس پر حسد کیا جائے	٤٤۔ لَمْ يَجتَرِمُ	کوئی جرم نہیں کیا
٤٥۔ جُسَّادٌ	حاسد	٤٦۔ ضَرُومُ	دہکتی ہوئی تلوار
٤٧۔ خُصُومُ	دشمن، مخالف	٤٨۔ اَللَّبِيبُ	عقلمند
٤٩۔ شَتَمَ	گالی دی	٥٠۔ مَشتُومُ	داغدار
٥١۔ نِعْمَةُ	نعمت	٥٢۔ سَيفُ	تلوار
٥٣۔ عَارٌ	شرم، عار	٥٤۔ عَظِيمُ	بڑی

ترجمہ

۱۔ وَمَنْ يَّجْعَلِ الْمَعْرُوفَ دُونَ عِرْضِه
يَفِرْهُ وَمَنْ لَّايَتَّقِی الشَّتْمَ يُشتَمِ

جو شخص اپنی عزت بچانے کی خاطر دوسروں پر احسان کرے گا وہ عزت کو بچائے گا۔ جو گالیوں سے نہیں بچے گا۔ اسے گالی دی جائے گی۔

۲۔ وَمَنْ يَّجْعَلِ الْمَعْرُوفَ فِی غَيْرِ أَهْلِه
يَكُنْ حَمْدُه ذَمًّا عَلَيْهِ وَيَنْدَمِ

جو شخص نا اہل پر احسانات کرے گا اس کی تعریف بھی مذمت بن جائے گی اور وہ شرمندہ ہوگا۔

٣۔ وَكَائِنٍ تَرىٰ مِنْ صَامِتٍ لَّكَ مُعْجِبٍ
زِيَادَتُه، أَوْنَقْصُه، فِى التَّكَلُّمِ

بہت سے خاموش طبع آدمی تجھے پسند ہیں حالانکہ ان کی برتری اور کمتری گفتگو سے نمایاں ہوتی ہے۔

٤۔ لِسَانُ الْفَتٰى نِصْفٌ وَنِصْفٌ فُؤَادُه،
فَلَمْ يَبْقَ إِلَّا صُورَةُ اللَّحْمِ وَالدَّمِ

نوجوان کی زبان نصف ہے اور باقی نصف کا دل ہے پس باقی فقط خون اور گوشت ہی تو ہے

٢۔ وَقَالَ أَبُوالطَّيِّبُ اَحْمَدُ الْمُتَنَبِّئُ:

ابوطیب احمد المتنبی:

١۔ إِذَاغَامَرْتَ فِىْ شَرَفٍ مَرُوْمٍ
فَلَا تَقْنَعْ بِمَا دُوْنَ النُّجُومِ

جب تو شرف مطلوب میں جان کی بازی لگادے تو ستاروں سے نیچے قناعت نہ کر۔

فَطَعْمُ الْمَوْتِ فِىْ اَمْرٍ حَقِيْرٍ
كَطَعْمِ الْمَوْتِ فِىْ اَمْرٍ عَظِيْمٍ

ایک ادنیٰ سے کام میں موت کا مزہ چکھنا کسی عظیم کام میں موت کا مزہ چکھنے کے برابر ہے۔

يَرَى الْجُبَنَاءُ أَنَّ الْعِجْزَ عَقْلٌ
وَتِلْكَ خَدِيْعَةُ الطَّبْعِ اللَّئِيْمِ

بزدل لوگ دشوار کاموں سے بچنا ہوشیاری سمجھتے ہیں حالانکہ یہ ان کمینہ طبیعت کا ایک دھوکا ہے۔

وَكُلُّ شَجَاعَةٍ فِى الْمَرْءِ تُغْنِىْ
وَلَا مِثْلَ الشَّجَاعَةِ فِى الْحَكِيْمِ

انسان میں ہر قسم کی شجاعت مفید ہے۔ مگر ایسی مفید نہیں جیسے حکیم و دانا کی شجاعت ہے۔

وَكَمْ مِّنْ غَائِبٍ قَوْلًا صَحِيْحًا
وَآفَتُهُ مِنَ الْفَهْمِ السَّقِيْمِ

اور قول صحیح کے عیب گیر بہت ہیں مگر خرابی عیب گیر کی اس کا فہم بیمار ہے۔

٣۔ وَقَالَ أَبُوْ تَمَّامٍ حَبِيْبُ الطَّائِيُّ:

ابوتمام حبیب الطائی:

إِذَا جَارَيْتَ فِيْ خُلُقٍ دَنِيْأً
فَأَنْتَ وَمَنْ تُجَارِيْهِ سَوَاءٌ

اگر تو گھٹیا اخلاق آدمی کے ساتھ ہمسائیگی رکھے گا تو تو اور وہ برابر ہوں گے؟

رَأَيْتُ الْحُرَّ يَجْتَنِبُ الْمَخَازِيْ
وَيَحْمِيْهِ عَنِ الْغَدْرِ الْوَفَاءُ

میں نے شریف آدمی کو دیکھا کہ ذلت اور رسوائی سے کنارہ کرتا ہے۔ اسے دھوکہ دہی سے وفا بچاتی ہے۔

وَمَا مِنْ شِدَّةٍ إِلَّا سَيَاتِيْ
لَهَا مِنْ بَعْدِ شِدَّتِهَا رَخَاءٌ

جو کوئی سختی بھی آتی ہے جلد ہی اس کے بعد آسانی آجاتی ہے۔

يَعِيْشُ الْمَرْءُ مَا اسْتَحْيَا بِخَيْرٍ
وَيَبْقَى الْعُوْدُ مَا بَقِيَ اللِّحَاءُ

جب تک حیاء ہے آدمی کی زندگی بھی بھلی ہے

فَلَا وَاللّٰهِ مَا فِي الْعَيْشِ خَيْرٌ
وَلَا الدُّنْيَا إِذَا ذَهَبَ الْحَيَاءُ

اللہ کی قسم جب حیاء جاتی ہے تو زندگی، اور دنیا میں کوئی خوبی باقی نہیں رہتی۔

٤۔ وَقَالَ أَبُو الْأَسْوَدِ الدُّؤَلِيُّ:

ابوالاسود الدولی:

حَسَدُوا الْفَتٰى إِذْ لَمْ يَنَالُوْا سَعْيَهُ
فَالْقَوْمُ أَعْدَاءٌ لَهُ وَخُصُوْمٌ

لوگ نوجوان کا حسد کرنے لگتے ہیں جب اس کی جدوجہد کو نہیں پا سکتے تو اس

کا پیچھا کرتے ہیں اور دشمنی کرنے لگتے ہیں۔

وَتَرَى اللَّبِيبَ مُحَسَّدًا لَّمْ يَجْتَرِمْ

شَتْمَ الرِّجَالِ وَعِرْضُه' مَشْتُوْمٌ

تو عقلمند کو دیکھتا ہے کہ اس پر حسد کیا جاتا ہے حالانکہ اس نے کوئی جرم نہیں کیا

لوگ اسے گالی دیتے ہیں اور اس کی بے عزتی کرتے ہیں۔

وَكَذَاكَ مَنْ عَظُمَتْ عَلَيْهِ نِعْمَةٌ

حُسَّادُه' سَيْفٌ عَلَيْهِ صَرُوْمٌ

اسی طرح وہ جس پر نعمت کی فراوانی ہوتی ہے اس کے حاسد ایک ایسی تلوار

ہیں جس پر آگ بڑکائی ہوئی ہو۔

لَاتَنْهَ عَنْ خُلُقٍ وَّتَأْتِيَ مِثْلَه'

عَارٌ عَلَيْكَ إِذَا فَعَلْتَ عَظِيْمٌ

لوگوں کو ایسے کام سے کیوں روکتا ہے جو تو خود کرتا ہے اگر تو ایسا کرے گا تو

تیرے لیے بڑی شرم کی بات ہے۔

مختلف اشعار کی تشریح وترجمہ

شاعر کا تعارف:

زہیر بن ابی سلمٰی کا شمار شعراء جاہلیت میں ہوتا ہے۔ اسکی کنیت ''ابو سلمٰی'' تھی زہیر بن ابی سلمٰی نے طویل عمر پائی زہیر بن ابی سلمٰی عظیم النفس سخی شخص تھا وہ اللہ اور بعثت نبوی پر یقین رکھتا تھا عرب میں زہیر اپنے اعلیٰ اخلاق اور حکیمانہ اشعار کی وجہ سے مشہور ہوا اسکے اشعار کا پورا دیوان موجود ہے

وَمَنْ يَّجْعَلِ الْمَعْرُوْفَ دُوْنَ عِرْضِهٖ

يَفِرْهُ وَمَنْ لَا يَتَّقِي الشَّتْمَ يُشْتَمِ

ترجمہ:

جو اپنی عزت کیلئے خرچ کرتا ہے وہ اسکو بچالیتا ہے اور جو گالی سے نہیں بچتا اسے گالی دی جاتی ہے۔

تشریح:

یہ شعر حکمت سے بھرا ہوا ہے شاعر زہیر بن ابی سلمٰی عزت و معیار کے بڑھانے کے بارے میں بتایا ہے کہا اگر کوئی شخص اپنی عزت کو بڑھانا چاہتا ہے تو اسکو چاہیے کہ لوگوں پر زیادہ سے زیادہ خرچ کرے انکی ضروریات کا خیال رکھے اور جہاں تک ہو سکے اس کو پورا کرنے کی کوشش کرے حضور ﷺ نے اپنے بھائیوں کا خیال رکھنے کو کہا حضور ﷺ نے فرمایا

''جو کوئی اپنے بھائی کی ضرورتوں کا خیال رکھے تو اللہ اسکے لیے جنت میں دروازہ کھول دیتا ہے'' ایسا کرنے سے لوگوں میں انسان کی عزت بڑھتی ہے لیکن اگر انسان ایسا نہ کرے اور لوگوں سے اچھا سلوک نہ کرے تو لوگ اسے گالی دیں گے یعنی بُرا بھلا کہیں گے۔

وَمَنْ يَجْعَلِ الْمَعْرُوْفَ فِيْ غَيْرِ أَهْلِهِ
يَكُنْ حَمْدُهُ ذَمًّا عَلَيْهِ وَ يَنْدَمِ

ترجمہ:

جو نا اہل کے ساتھ نیکی کرتا ہے تو تعریف کی بجائے اس کی مذمت کی جاتی ہے اور وہ نادم ہو جاتا ہے۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر نے اپنے حکیمانہ تجربات میں سے ایک اور تجربے کے بارے میں بتایا ہے کہ نیکی کرنا بہت اچھی بات ہے۔ نیکی کا اجر بہت زیادہ ملتا ہے مگر شاعر یہ کہنا چاہتا ہے کہ نیکی صرف اسی کے ساتھ کرنی چاہیے جو اس کا اہل ہو جس کو نیکی کی ضرورت ہو مگر جب ایک اچھا انسان جسے سب کے ساتھ نیکی کرنے کی عادت ہوتی ہے، کسی غیر اہل، بے عقل کے ساتھ نیکی کرتا ہے تو اس کی تعریف کی بجائے، مذمت (برائی) کی جاتی ہے لوگ اس کی تعریف کی بجائے اسے برا بھلا کہتے ہیں کیونکہ جس کے ساتھ نیکی کی گئی تھی وہ اس کا متحمل نہیں تھا۔

وَكَائِنْ تَرٰى مِنْ صَامِتٍ لَّكَ مُعْجِبٍ
زِيَادَتُهُ أَوْنَقْصُهُ فِي التَّكَلُّمِ

ترجمہ:

بہت سے خاموش لوگ تو دیکھے گا جو تجھے پسند آئیں گے ان کا اچھا یا برا ہونے کا معیار انکی گفتگو پر موقوف ہے۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر کسی انسان کے اچھا اور برا ہونے کا معیار اس کی گفتگو کو قرار دیتا ہے کسی بھی شخص کو جو دیکھنے میں بہت بھلا خوبصورت دکھائی دیتا ہے مگر ہو سکتا ہے کہ اندر سے کھوکھلا اور برا ہو شاعر کے مطابق ان کو جانچنے اور پرکھنے کا واحد طریقہ اس سے بول چال اور لین دین ہے شاعر کہتا ہے کہ بظاہر خاموشی اچھی چیز ہے کیونکہ خاموش انسان میں غور وفکر کا مادہ زیادہ ہوتا ہے مگر یہ درست نہیں ہے کہ ظاہری خوبصوتی کو اچھا ہونے کا معیار قرار دیا جائے خوبصورتی کردار میں ہوتی ہے۔

لِسَانُ الْفَتٰی نِصْفٌ وَ نِصْفٌ فُؤَادُهٗ

فَلَمْ یَبْقَ اِلَّا صُوْرَ ةُ اللَّحْمِ وَ الدَّمِ

ترجمہ:

ایک نوجوان کا نصف اس کی زبان ہے اور نصف اس کا دل ہے پس باقی تو سوائے گوشت اور خون کے کچھ بھی نہیں بچتا۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر بڑے پتے کی بات بتاتا ہے کہ انسان کا اصل اسکا دل اور زبان ہے جس کا دل اور زبان قابو میں ہے وہ انسان کامل کے معیار کے مطابق ہے صرف زبان اور دل دونوں انسان کو اچھائی اور برائی کی طرف دھکیلتے ہیں۔ دنیا میں دو چیزیں ایسی ہے جو انسان کو جنت کی طرف بھی لے جاسکتی ہیں اور دوزخ کی طرف بھی وہ ''دل اور زبان'' ہیں حدیث رسول ہے ''بہترین انسان وہ ہے جس کے ہاتھ اور زبان سے دوسرے لوگ محفوظ رہیں''۔

ابو طیب احمد متنبّی

شاعر کا تعارف:

ابو طیب احمد متنبی کوفہ میں پیدا ہوا اور یہیں پروان چڑھا اور ملک شام میں اس نے علم حاصل کیا اور اس کے علاوہ حصول علم کی خاطر یہ مختلف شہروں میں گیا۔ وہ علم کا پیاسا تھا بلند ارادہ شخص تھا۔ نہ صرف بہت بڑا شاعر تھا بلکہ اس نے سرداری بھی طلب کی یہ ان اشخاص میں سے تھا جنھوں نے جھوٹا نبی ہونے کا دعوی کیا تھا اور اس نے اپنے اوپر آیات کے نازل ہونے کا دعوی کیا تھا اسے قید بھی کیا گیا اور اس نے کافی عرصہ قید میں گزارا یہ شاعروں کی مجلس میں بیٹھا رہتا تھا۔ اسکے اشعار فلسفے، حکمت سے بھرے ہوئے ہیں اور لوگوں کی زبانوں پر ضرب الامثال کی طرح جاری ہیں۔

إِذَا غَامَرْتَ فِي شَرَفٍ مَرُوْمٍ
فَلَا تَقْنَعْ بِمَا دُوْنَ النُّجُوْمِ

ترجمہ:

جب تو کسی عظیم کام کا ادارہ کرنے کے لیے خطرہ مول لے تو ستاروں سے ادھر قناعت مت کر۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر متنبی نے لوگوں کو بہادری کیطرف مائل کیا ہے متنبی کے اشعار بہادری وشجاعت سے بھرے ہوئے ہیں موجود شعر میں شاعر عظیم کام کی تعریف بیان کر رہا ہے اور عظیم کام وہ ہوتا ہے جو اتنا بلند ہو کہ ستارے جو کہ انتہائی بلندی پر ہیں وہ بھی اس کام سے پیچھے رہ جائیں شاعر نے ستاروں سے بلندی کا استعارہ استعمال کیا ہے حالانکہ ستاروں سے بلند جانا ممکن نہیں مگر شاعر نے بلند کام کے لیے ستاروں کا استعارہ استعمال کیا ہے عظیم کام میں جان کا خطرہ ہوتا ہے لیکن جب انسان خطرہ مول لے ہی لیتا ہے تو پھر چاہیے کہ انسان کسی انتہائی ناممکن کام کو ممکن کرے۔

فَطَعْمُ الْمَوْتِ فِي أَمْرٍ حَقِيْرٍ
كَطَعْمِ الْمَوْتِ فِي أَمْرٍ عَظِيْمٍ

ترجمہ:

حقیر کام میں موت کا ذائقہ عظیم کام میں موت کے ذائقہ کے برابر ہے۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر کہتا ہے کہ جب انسان عظیم کام کا خطرہ مول لیتا ہے تو اسے ڈرنا نہیں چاہیے موت تو برحق ہے اسے آ کر ہی رہنا ہے ہر ایک کا وقت مقرر ہے موت سے کوئی فرار نہیں ہوسکتا ۔شاعر موت کی حقیقت سے آگاہ کرتے ہوئے کہتا ہے کہ موت کا آنا برحق ہے موت کی سختی ہر ایک پر آنی ہوتی ہے۔موت کا فرشتہ عزرائیل جب کسی کی جان لینے حاضر ہوتا ہے تو اسکا روح قبض کرنے کا طریقہ اچھے برے دونوں اشخاص کیلئے ایک جیسا ہوتا ہے اس لیے شاعر کہتا ہے کہ جب مرنا ہی ہے اور موت کا ذائقہ اچھے اور برے کام میں ایک جیسا ہے تو پھر عظیم کام ہی کیوں نہ کیا جائے۔

يَرَى الْجُبَنَاءُ أَنَّ الْعِجْزَ عَقْلٌ
وَتِلْكَ خَدِيْعَةُ الطَّبْعِ اللَّئِيْمِ

ترجمہ:

بزدل عاجزی کو عقل مندی خیال کرتے ہیں حالانکہ یہ کمینی طبیعت کا ایک دھوکہ ہے۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر بزدل کے بارے میں بتاتا ہے اور کہتا ہے کہ جولوگ ترقی کرنا نہیں جانتے وہ کنوئیں کے مینڈک بنے رہنے کو ترجیح دیتے ہیں آگے بڑھنا نہیں چاہتے۔ ایسے لوگ عاجزی کے ڈھونگ میں عظیم کام کرنے کا حوصلہ نہیں رکھتے۔ شاعر متنبی نے ایسے لوگوں کو کمینے کا خطاب دیا ہے یہ ان بزدل لوگوں کی کمینی طبیعت کا دھوکہ ہے جو اپنے آپ کو عاجز ثابت کرتے ہوئے عظیم کام کا خطرہ مول نہیں لیتے۔

وَكُلُّ شَجَاعَةٍ فِي الْمَرْءِ تُغْنِي
وَلَا مِثْلَ الشَّجَاعَةِ فِي الْحَكِيمِ

ترجمہ:

ہر شجاعت (بہادری) انسان کو بے نیاز کر دیتی ہے جبکہ دانا شخص کی بہادری کو کوئی مثال نہیں

تشریح:

اس شعر میں متنبی بہادری کی خوبیاں بیان کر رہا ہے اور کہتا ہے کہ بہادر ہر شخص کے خوف سے بے نیاز ہو جاتا ہے کسی کے رعب و دبدبے میں نہیں آتا شاعر کہتا ہے کہ بہادر شخص کی ہر طرف واہ واہ ہوتی ہے مگر ایک شخص بہادر بھی ہو اور ساتھ ساتھ عقل مند بھی ہو تو وہ شخص بے مثال، بے نظیر ہو جاتا ہے کیونکہ عقل اور شجاعت خدا کی دو بڑی بڑی نعمتیں ہیں۔

وَكَمْ مِنْ عَائِبٍ قَوْلًا صَحِيحًا
وَآفَتُهُ مِنَ الْفَهْمِ السَّقِيمِ

ترجمہ:

کتنے ہی لوگ ہیں جو صحیح بات پر عیب نکالتے ہیں اور اسکی وجہ انکی ناقص عقل ہے۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر بزدل لوگوں کے بارے میں بتاتا ہے جو خود تو عظیم کام کرنے کا حوصلہ نہیں رکھتے بلکہ عاجزی کی آڑ میں بزدل بنے بیٹھے رہتے ہیں بجائے عظیم کام کرنے کے دوسروں پر عیب نکالتے ہیں۔ انہیں برا بھلا کہتے ہیں ان لوگوں کی عقل ٹھیک نہیں ہوتی ناقص عقل کے باعث وہ دوسروں کی عیب جوئی کرتے ہیں یہ لوگ حسد کے جذبے سے بھرے ہوتے ہیں ان کی کوشش یہ ہوتی ہے کہ جو کام وہ خود نہ کر پائیں دوسرے بھی اس تک نہ پہنچیں اگر وہ عظیم لوگ ایسا کام کر گزریں تو وہ

اس میں عیب نکالتے رہتے ہیں۔

ابو تمام جیب الطائی

شاعر کا تعارف:

ابو تمام کا پورا نام جیب بن اوس الطائی ہے ابو تمام گندمی رنگت ،طویل القامت تھا رومی عیسائی تھا شام میں پیدا ہوا۔ دمشق میں جوان ہوا اور دمشق ہی میں اسلام قبول کیا عمرو بن العاص کی مسجد میں سقہ پانی پلانے کا کام کرتا رہا اس نے مدح (تعریف ،قصیدہ) گوئی سے اپنی شاعری شروع کی پھر اس نے ہجو یہ شاعری (کسی کی بُرائی میں اشعار بیان کرنا) بھی کی ان کا کلام بہت شیریں اور فصیح تھا اسکو اپنے 14000 ہزار اشعار زبانی یاد تھے اسکے اشعار عربی شاعری کی مشہور کتاب ''حماسہ'' میں لکھے گئے ہیں یہ دور عباسی کا عظیم شاعر تھا ابو تمام حبیب الطائی نے کہا ہے۔

اِذَا جَارَيْتَ فِیْ خُلُقٍ دَنِيْئًا
فَأَنْتَ وَمَنْ تُجَارِيْهِ سَوَاءٌ

ترجمہ:

جب تو اخلاق میں کسی گھٹیا شخص سے معاملہ کرے پس تو اور وہ شخص جس کے ساتھ تو ہے دونوں برابر ہیں۔

تشریح:

مشہور قول ہے کہ ''انسان اپنی صحبت سے پہچانا جاتا ہے''

اس شعر مین اسی قول کی وضاحت کی گئی ہے اور کہتا ہے کہ جب انسان کسی گھٹیا، حقیر النفس انسان سے دوستی کا تعلق استوار کرتا ہے اور اس سے مزید تعلقات بڑھاتا ہے اور لین دین کرتا ہے تو لوگ اس شخص کی وجہ سے اچھے انسان کو بھی برا ہی سمجھنے لگتے ہیں اس لیے شاعر ابو تمام نے موجودہ شعر میں انسانوں کو نصیحت کی ہے کہ برے لوگوں کی صحبت سے بچیں۔

رَأَيْتُ الْحُرَّ يَجْتَنِبُ الْمَخَازِیْ
وَيَحْمِيْهِ عَنِ الْغَدْرِ الْوَفَاءُ

ترجمہ:

میں نے آزاد آدمی کو دیکھا ہے کہ وہ ذلت سے بچتا ہے اور وفا دھوکہ دہی سے اس کی حفاظت کرتی ہے۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر خود لوگوں سے مخاطب ہوتے ہوئے انہیں اپنے ذاتی تجربے سے آگاہ کرتا ہے شاعر کا مخاطب کرنے کا مقصد لوگوں کو اس شعر کی اہمیت کی طرف توجہ دلانا ہے شاعر ابو تمام کہتا ہے کہ میں نے خود آزاد آدمی کو دیکھا ہے کہ وہ جھوٹی بندشوں میں جکڑا نہیں ہوتا اور اس کو دیکھ کر میں (شاعر) اس نتیجے پر پہنچا ہوں کہ ذلت سے صرف وہی بچ سکتا ہے جو وفادار ہے اور وفاداری میں اسے ذلت سے بچاتی ہے اور اس کی حفاظت کرتی ہے۔

وَمَا مِنْ شِدَّةٍ اِلَّا سَيَأْتِيْ
لَهَا مِنْ بَعْدِ شِدَّتِهَا رَخَاءُ

ترجمہ:

اور جو کوئی سختی آتی ہے تو جلد ہی اس کی شدت کے بعد نرمی بھی آجاتی ہے۔

تشریح:

آیت قرآنی ہے "میں ہر نفس کو اس کی برداشت کے مطابق تکلیف دیتا ہوں" اللہ تعالیٰ جانتا ہے کہ کس انسان کو تکلیف میں مبتلا کرنا ہے اور کسے مصروف عمل رکھنا ہے اللہ کا ہر کام مصلحت سے بھرا ہوتا ہے اللہ غیب کا علم جانتا ہے اللہ کا یہ قانون ہے کہ جسے بھی ایک وقت میں تکلیف دیتا ہے تو دوسرے وقت میں سکون بھی دیتا ہوں یہ اللہ کی مصلحت ہے کہ وہ خود جانتا ہے کہ کس وقت میں کس انسان کے ساتھ کیسا سلوک کرنا ہے مگر یہاں شاعر آسانی کی امید دلاتا ہے اور لوگوں کو مایوسی سے بچاتے ہوئے کہتا ہے کہ تکلیف کے بعد آسانی آتی ہے بالکل ایسے ہی جیسے ہر رات کے بعد دن کو طلوع ہونا ہوتا ہے۔

يَعِيْشُ الْمَرْءُ مَا اسْتَحْيَا بِخَيْرٍ
وَيَبْقَى الْعُوْدُ مَا بَقِيَ اللِّحَاءُ

ترجمہ:

آدمی زندہ رہتا ہے جب تک حیا کے ساتھ رہے اور عود کی لکڑی باقی رہتی ہے جب تک اس کی چھال باقی رہتی ہے۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر حیا کی تعریف بیان کرتے ہوئے کہتا ہے کہ انسان اس وقت تک زندہ رہتا ہے اور زندگی گذارتا ہے جب تک اس میں حیا باقی رہتی ہے حیا ایک اخلاقی صفت ہے اور جس

چیز میں نہ ہو اسے بدصورت بنا دیتی ہے حیا ایک صفت ہے جس کے ذریعے انسان بہت سی برائیوں سے بچا رہتا ہے اگر انسان میں حیا نہ رہے تو وہ برائیوں کا ارتکاب کرتا ہے اخلاقی برائیاں کرتا ہے جھوٹ اور بہتان تراشی جیسی برائیوں میں مبتلا ہو جاتا ہے بے شرم انسان کسی بھی جرم کا ارتکاب کر سکتا ہے حتیٰ کہ بے حیا انسان قتل جیسے بڑے جرم کا بھی ارتکاب کر لیتا ہے، لیکن جس شخص میں ذرہ برابر بھی حیا ہو وہ نہ تو اپنے مسلمان بھائی سے جھوٹ بولتا ہے اور نہ اس کی غیبت کرتا ہے اور نہ اس کو قتل کرتا ہے اور جس شخص کو خدا سے حیا ہو وہ بندوں کے ساتھ نہ تو نا انصافی کرتا ہے اور نہ ہی انہیں دھوکہ دیتا ہے حیا کو اسلامی اخلاقیات میں بھی نمایاں مقام حاصل ہے حضور ﷺ کا ارشاد ہے

اَلْحَيَاءُ مِنَ الْإِيْمَانِ

"حیا ایمان سے ہے" اور حیا ایمان کا جزو ہے اگر کوئی شخص اپنے ایمان کا اقرار کرتا ہے تو مومن کہلاتا ہے اس میں دوسری خوبیوں کے ساتھ ساتھ حیا کا ہونا بھی ضروری ہے پھر ایک جگہ ارشاد ہوتا ہے۔

"ایمان کی ستر سے اوپر شاخیں ہیں حیا ان میں سے ایک ہے"

فَلَا وَ اللّٰهِ مَا فِي الْعَيْشِ خَيْرٌ
وَلَا الدُّنْيَا اِذَا ذَهَبَ الْحَيَاءُ

ترجمہ:

پس خدا کی قسم زندگی اور دنیا میں کوئی بھلائی نہیں جب حیا جاتی رہے۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر حیا کے فقدان سے پیدا ہونے والی برائیوں کا ذکر کرتا ہے اور کہتا ہے اگر انسان میں سے حیا کم ہو جائے اس شخص کے لیے نہ تو دنیا میں کوئی بھلائی ہے اور نہ ہی زندگی میں کوئی نفع ہے یعنی جب انسان بے حیا بن جاتا ہے تو وہ ہر کام اور ہر بے حیائی کا آزادانہ ارتکاب کرتا چلا جاتا ہے پھر نہ تو وہ اخلاقی حدود کا خیال رکھتا ہے اور نہ ہی سماجی قیود کا حضور ﷺ کا فرمان ہے۔

اِذْ فَاتَكَ الْحَيَاءَ فَافْعَلْ مَاشِئْتَ

"جب تجھ میں حیا ختم ہو جائے تو جو جی چاہے وہ کر"

یعنی جب انسان میں سے حیا ختم ہو جائے تو وہ ہر برا کام کرتا چلا جاتا ہے اور بے حیائی کے تمام کام جھوٹ، غیبت، بہتان، کفر، شرک کے گناہ کرتا ہے اور نہ صرف یہ برے کام کرتا ہے بلکہ نہایت بے باکانہ انداز میں ان کا اقرار بھی کرتا ہے جبکہ حیادار شخص لوگوں سے بھی حیا کرتا ہے اور اللہ

سے بھی حیا کرتا ہے اس طرح وہ بندے کے حقوق بھی ادا کرتا ہے اور اللہ کے حقوق بھی ادا کرتا ہے اس کے ساتھ حیا انسان کا زیور بھی ہے جو شخص حیا سے متصف ہوتا ہے دین اور دنیا میں سرفراز ہوتا ہے لوگوں میں بلند مقام اور مرتبہ پاتا ہے اور آخرت میں بھی سرخرو ہوتا ہے۔

ابوالاسود الدولی

شاعر کا تعارف:

ابوالاسود الدولی کو علم نحو (گرائمر) کا بانی تصور کیا جاتا ہے اس نے علم النحو (گرائمر) کے اصول وضع کیے اس نے بہت سے اشعار کہے اسکی شاعری حکمت سے بھرپور ہے فی البدیع (فوراً) اشعار کہتا تھا لوگ اسکی شاعری پر رشک کرتے ہیں

حَسَدُوا الْفَتٰى اِذْلَمْ يَنَالُوْ اسَعْيَهٗ
فَالْقَوْمُ أَضْدَاءٌ لَهٗ وَخُصُوْمُ

ترجمہ:

لوگ نوجوان سے حسد کرتے ہیں جب اسکی جدوجہد کو نہیں پہنچ سکتے پس لوگ اس کے مخالف اور دشمن بن جاتے ہیں۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر بیان کرتا ہے کہ لوگ کسی باصلاحیت نوجوان سے حسد کرتے ہیں۔ وہ شخص جو معاشرے میں ترقی کرتا ہے اور علم وحکمت کے موتی پاتا ہے اور بلند مرتبہ حاصل کر لیتا ہے تو لوگ اس سے حسد کرنا شروع ہو جاتے ہیں اور اسکے دشمن بن جاتے ہیں اور بھرپور کوشش کرتے ہیں کہ یہ مقام اور مرتبہ اس سے چھن جائے اور وہ معاشرے میں ذلیل ورسوا ہو جائے حاسد لوگ ان کے خلاف سازشیں کرتے ہیں اور انکو مقام ومرتبہ سے گرانے کی کوشش کرتے ہیں جب کوئی شخص یا کوئی نوجوان اپنی ہمت وکوشش سے نمایاں مقام حاصل کرتا ہے تو اسکے قریب لوگ بھی اس سے حسد کرنے لگتے ہیں جب وہ لوگ اس بلند مقام کو حاصل کرنے میں ناکام رہتے ہیں تو وہ اس کی تعریف یا حوصلہ افزائی کے خلاف اس کے دشمن بن جاتے ہیں اور بھرپور کوشش کرتے ہیں یہ بلند مقام ومرتبہ یہ اونچی شان اور یہ عزت ناموس اور فخر اس سے چھن جاتے ان لوگوں کے اس رویے کو شاعر نے تیز دھار والی تلوار سے تشبیہ دی ہے جو کہ کاٹ دار ہوتی ہے اور ہر چیز کو کاٹ ڈالتی ہے اور پھر جلا دیتی ہے۔ حاسد اسی طرح بلند مقام ومرتبہ پانے والے شخص سے حسد کرتے ہیں اور ہر ممکن

طریقے سے آگے بڑھنے اور ترقی کرنے سے روکتے ہیں

وَتَرَى اللَّبِيبَ مُحَسَّدًا لَمْ يَجْتَرِمْ
شَتْمَ الرِّجَالِ وَعِرْضُهُ مَشْتُومُ

ترجمہ:

پس تو دیکھے گا کہ عقل مند آدمی پر حسد کیا جاتا ہے حالانکہ اس نے جرم نہیں کیا ہوتا لوگ اس کو گالی دیتے ہیں اور اسکی عزت داغدار کی جاتی ہے۔

تشریح:

اس شعر میں شاعر بیان کرتا ہے کہ عقلمند آدمی سے بغیر کسی جرم سے حسد کیا جاتا ہے حالانکہ اس نے جرم نہیں کیا ہوتا اور اس کا جرم صرف یہی ہوتا ہے کہ وہ عقلمند اور ذہین ہوتا ہے اور اپنی ذہانت کے بل بوتے پر بلند مقام و مرتبہ اور عزت اور شہرت حاصل کرتا ہے مگر یہ عزت و شہرت اور مقام و مرتبہ سر بلندی اس کیلئے عذاب بن جاتی ہے معاشرے کے وہ افراد جو یہ بلند مقام و مرتبہ حاصل نہیں کر پاتے وہ اس سے حسد کرتے ہیں اس کے لیے سازشوں کا جال بچھاتے ہیں اور ہر ممکن طریقے سے اسے اس کے مقام سے گرانے کی کوشش کرتے ہیں تا کہ وہ لوگوں کی نظروں سے گر جائے بدنام ہو جائے اور جب وہ اپنی ان کوششوں میں کامیاب ہو جاتے ہیں تو وہ عقلمند و بلند مرتبہ شخص معاشرے میں اپنا وقار کھو بیٹھتا ہے اور تمام لوگ اسے برا سمجھتے ہیں اس کا مقام معاشرے میں گر جاتا ہے اور وہ بلا قصور و بلا وجہ لوگوں کی نظروں میں ذلیل ورسوا بن جاتا ہے۔

وَكَذَاكَ مَنْ عَظُمَتْ عَلَيْهِ نِعْمَةٌ
حُسَّادُهُ سَيْفٌ عَلَيْهِ صَرُومُ

ترجمہ:

اس طرح جس پر نعمت کثرت سے ہو اس کے حاسد اس کے لیے دہکتی ہوئی تلوار بن جاتے ہیں۔

تشریح:

حسد کا جذبہ انسان کی فطرت میں موجود ہوتا ہے زیادہ تر تو یہ جذبہ انسان میں دبا ہی رہتا ہے مگر جب حسد کا جذبہ سر پکڑنے لگتا ہے تو بہت برے اثرات پڑتے ہیں جب اللہ کسی پر اپنا فضل و کرم کرتا ہے لوگ اس سے حسد کرنے لگتے ہیں شاعر نے بُرے لوگوں کے حسد کی شدت کو ظاہر کرنے کے لیے دہکتی ہوئی تلوار کی مثال کا سہارا لیا ہے تلوار تو ویسے ہی کسی شخص کو ختم کرنے لیے کافی ہے

مگر جب یہ تیز دھار ہونے کے ساتھ دہکتی بھی ہو تو اس وقت اس کا وار بہت شدت سے لگے گا اس طرح حاسد اپنے دشمن (نیک انسان) کے لیے اس تلوار کی طرح بن جاتے ہیں جو نہ صرف کاٹتی ہے بلکہ جلا بھی دیتی ہے۔

لَاتَنْهَ عَنْ خُلُقٍ وَّ تَأْتِیَ مِثْلَهٗ
عَارٌ عَلَیْكَ اِذَا فَعَلْتَ عَظِیْمُ

ترجمہ:

لوگوں کو ایسے کام سے کیوں روکتا ہے جو تو خود کرتا ہے ایسا کرے گا تو تیرے لیے بڑی شرم کی بات ہے

تشریح:

دنیا میں اگر کسی انسان کو نیکی کی طرف مائل کرنا ہو تو اس کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ اسکے سامنے نیکی کا عملی نمونہ پیش کیا جائے انسانی فطرت کسی کے سمجھانے سے زیادہ عملی طور پر زیادہ سمجھتی ہے اس لیے لوگوں کو ایسے کام کرنے کو کہنا چاہیے جو وہ خود کر سکتا ہے اللہ تعالیٰ خود اپنے بندوں پر ان کی طاقت کے مطابق بوجھ ڈالتا ہے۔

ارشاد نبوی ہے "لوگوں کے لیے وہی پسند کرو جو اپنے لیے کرتے ہو اور دوسروں کو وہی کھلا دو جو تم خود کھانا پسند کرو گے۔"

انسان کے ظاہر اور باطن کا ایک ہونا ضروری ہے ورنہ انسان کے اندر تضاد پیدا ہو جائے گا۔ اس لیے دوسروں کو بھی وہی کام کہنا چاہیے جو انسان خود کر سکتا ہو۔ لیکن اگر ایسا ہو کہ "دوسروں کو نصیحت اور خود میاں فصیحت" تو خرابی پیدا ہو گی اور ایسا کرنے والے کے لیے بہت شرم کی بات ہو گی۔

اَلتَّمَارِیْنُ

س 1۔ اِقْرَأْ أَبْیَاتَ زُهَیْرٍ مِنَ الدَّرْسِ ثُمَّ أَجِبْ عَنِ الْأَسْئِلَةِ التَّالِیَةِ

سبق سے زہیر کے اشعار پڑھیں اور پھر درج ذیل سوالوں کے جواب دیں۔

1۔ مَاذَا یَسْتَفِیْدُ مَنْ یَّجْعَلُ الْمَالَ مِنْ دُوْنِ عِرْضِهٖ؟

جو شخص اپنی عزت کے لئے مال خرچ کرتا ہے اس کو کیا فائدہ ہوتا ہے؟

مَنْ یَّجْعَلُ الْمَالَ مِنْ دُوْنِ عِرْضِهٖ یَفِرُهٗ

۲۔ مَاذَا یَخْسَرُ الْاِنْسَانُ الَّذِیْ لَایَخَافُ الشَّتْمَ؟

جو شخص گالی سے نہیں بچتا اس کو کیا نقصان ہوتا ہے؟

هُوَ يُشْتَمُ

٣۔ مَنِ الَّذِيْ يَصِيرُ حَمْدُهُ ذَمًّا عَلَيْهِ فَيَنْدَمُ عَلٰى ذٰلِكَ؟
کسی شخص کی تعریف اسکی مذمت بن جاتی ہے اور کون اس پر نادم ہوتا ہے؟
مَنْ يَّجْعَلِ الْمَعْرُوْفَ فِيْ غَيْرِ أَهْلِه۔

س 2۔ اِقْرَأْ أَبْيَاتَ الْمُتَنَبِّيْ مِنَ الدَّرْسِ ثُمَّ أَجِبْ عَنِ الْأَسْئِلَةِ التَّالِيَةِ:
سبق سے متنبی کے اشعار پڑھیں پھر نیچے دیئے ہوئے سوالات کے جوابات دیں۔

١۔ مَنْ يَرٰى أَنَّ الْعِجْزَ عَقْلٌ؟
کس کے خیال میں عاجزی عقل ہے۔
يَرَى الْجُبَنَاءُ أَنَّ الْعِجْزَ عَقْلٌ

٢۔ كَيْفَ يَخْدَعُ الْإِنْسَانَ طَبْعُهُ اللَّئِيْمُ؟
گھٹیا طبیعت انسان کو کیسے دھوکا دیتی ہے؟
تَقُوْلُ الطَّبْعُ اللَّئِيْمُ اَنَّ الْعِجْزَ عَقْلٌ

٣۔ مَاهِيَ آفَةُ مَنْ يَّعِيْبُ الْقَوْلَ الصَّحِيْحَ؟
صحیح بات میں عیب نکالنے والے کی مصیبت کیا ہے؟
آفَتُهُ مِنَ الْفَهْمِ السَّقِيْمِ

س 3۔ اِقْرَأْ أَبْيَاتَ الطَّائِيِّ وَافْهَمْهَا فَهْمًا جَيِّدًا ثُمَّ أَجِبْ عَمَّا يَأْتِيْ
الطائی کے اشعار پڑھیں اور انھیں اچھی طرح سمجھیں اور پھر نیچے دیئے ہوئے سوالات کے جواب دیں۔

١۔ مَا الَّذِيْ يَجْتَنِبُ مِنْهُ الْإِنْسَانُ الْحُرُّ النَّبِيْلُ؟
شریف آدمی کس چیز سے بچتا ہے؟
هُوَ يَجْتَنِبُ الْمَخَازِيْ

٢۔ مَاذَا يَمْنَعُ الْحُرَّ مِنَ الْغَدْرِ؟
شریف آدمی کو بے وفائی سے کیا چیز روکتی ہے۔
يَحْمِيْهِ عَنِ الْغَدْرِ الْوَفَاءُ

٣۔ مَاذَا يَأْتِيْ بَعْدَ الشِّدَّةِ فِيْ حَيَاةِ الْإِنْسَانِ؟

انسان کی زندگی میں شدت کے بعد کیا آتا ہے؟

يَأْتِي بَعْدَ الشِّدَّةِ رَخَاءٌ

س4۔ اِقْرَأْ أَبْيَاتَ الدُّؤَلِيِّ ثُمَّ أَجِبْ عَمَّا يَأْتِي:

الدولی کے اشعار پڑھیں پھر نیچے دیئے ہوئے سوالوں کے جوابات دیں۔

۱۔ مَتٰى يَحْسُدُ النَّاسُ الْفَتٰى؟

نوجوان پر لوگ کب حسد کرتے ہیں؟

اِذْ لَمْ يَنَالُوْا سَعْيَهُ

۲۔ مَاذَا يَفْعَلُ الْحَاسِدُوْنَ بِالْاِنْسَانِ اللَّبِيْبِ؟

عقلمند انسان کے ساتھ حاسد کیا کرتے ہیں؟

يَشْتَمُوْنَ عِرْضَهُ

۳۔ هَلْ يَحْسُدُ النَّاسُ مَنْ يُنْعِمُ اللّٰهُ عَلَيْهِ؟

کیا جس پر اللہ کی نعمتیں ہوں لوگ اس سے حسد کرتے ہیں؟

نَعَمْ

س5۔ هَاتِ الْمَاضِيَ لِمَا يَأْتِي مِنَ الْأَفْعَالِ الْمُضَارِعَةِ:

نیچے دیئے ہوئے افعال مضارع کے ماضی بتائیں۔

مضارع	ماضی	مضارع	ماضی
يَشْتِمُ	شَتَمَ	يَنْدَمُ	نَدَمَ
يَقْنَعُ	قَنَعَ	يَرٰى	رَأٰى
يَتَّقِيْ	اِتَّقٰى	يُجَارِيْ	جَارٰى
يَحْمِيْ	حَمٰى	يَعِيْشُ	عَاشَ

س-6 اِسْتَخْدِمِ الْمُفْرَدَاتِ التَّالِيَةَ فِيْ جُمَلٍ مُفِيْدَةٍ:

نیچے دیئے ہوئے الفاظ کو مفید جملوں میں استعمال کریں۔

الفاظ	معنی	جملے
۱۔ مَعْرُوْف	نیکی	اِجْعَلُوْا الْمَعْرُوْفَ دُوْنَ عِرْضِكُمْ۔ اپنی عزت کی خاطر مال خرچ کرو۔

٢۔ مُعْجِبٌ	پسندیدہ	اَلصَّامِتُ مُعْجِبٌ خاموش آدمی اچھا لگتا ہے۔
٣۔ عِرْضٌ	عزت	اِجْعَلُوا الْمَعْرُوْفَ دُوْنَ عِرْضِكُمْ اپنی عزت کے لئے مال خرچ کرو۔
٤۔ كَاَئِنْ	کتنے ہیں	كَاَئِنْ تَرٰی مِنْ صَامِتٍ لَّكَ مُعْجِبٍ کتنے ہی خاموش لوگ تجھے پسند آئیں گے۔
٥۔ حَمْدٌ	تعریف	اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ تعریف اللہ کے لئے ہے۔
٦۔ ذَمٌّ	مذمت	اَلذَّمُّ مَمْنُوْعٌ مذمت سے منع کیا گیا ہے۔
٧۔ طَعْمٌ	ذائقہ	طَعْمُ الْمَوْتِ مَرِيْرٌ موت کا ذائقہ تلخ ہوتا ہے۔
٨۔ رَخَاءٌ	نرمی	سَيَأْتِي بَعْدَ الشِّدَّةِ رَخَاءٌ سختی کے بعد جلد ہی آسانی آجاتی ہے۔

س7۔ خُذْ خَمْسَةً مِنَ الْمُفْرَدَاتِ وَهَاتِ أَسْمَاءَ الْجَمْعِ لَهَا مِنَ الْقِطْعَةِ الشِّعْرِيَّةِ الْأُوْلٰى۔

پہلے بند سے پانچ مفرد لیں اور اس کی جمع بنائیں۔

واحد	جمع	واحد	جمع
عِرْضٌ	أَعْرَاضٌ	صَامِتٌ	صَامِتُوْنَ
فُؤَادٌ	إِفْئِدَةٌ	غَيْرٌ	اَغْيَارٌ
مُعْجَبٌ	مُعْجَبُوْنَ		

س8۔ هٰذِهِ أَسْمَاءٌ مُفْرَدَةٌ اِبْحَثْ عَنِ الْجُمُوْعِ لَهَا فِي الْقِطْعَتَيْنِ الثَّانِيَةِ وَالثَّالِثَةِ:

یہ اسم مفرد ہیں۔ دوسرے اور تیسرے بند سے ان کی جمع تلاش کرو۔

مفرد	جمع
نَجْمٌ	نُجُوْمٌ
جُبَانٌ	جُبَنَاءُ
مَخْزَاةٌ	مَخَازِیْ

س9۔ تَرْجِمْ اِلَی الْعَرَبِیَّۃِ:

عربی ترجمہ کرو۔

۱۔ عزت کی خاطر دولت خرچ کرو۔

اِجْعَلُوا الْمَعْرُوْفَ دُوْنَ عِرْضِکُمْ۔

۲۔ نااہل سے نیکی مت کرو۔

لَا تَجْعَلِ الْمَعْرُوْفَ فِیْ غَیْرِ اَھْلِہٖ۔

۳۔ خاموش آدمی اچھا لگتا ہے۔

اَلصَّامِتُ مُعْجَبٌ

۴۔ کسی معزز مقصد کے لئے خطرہ مول لو۔

غَامِرُوْا فِیْ شَرَفٍ مَرُوْمٍ۔

۵۔ بہادری ہر آدمی کو فائدہ دیتی ہے۔

اَلشَّجَاعَۃُ تُغْنِیْ کُلَّ الْمَرْءِ۔

۶۔ گھٹیا آدمی کی قربت مت اختیار کرو۔

لَا تَقْرَبُوا الدَّنِیْءَ۔

......☆......

اَلدَّرْسُ الثَّانِيْ وَالثَّلَاثُوْنَ: (بتیسواں سبق)

ہماراوطن (۵)

اَلْمُجْتَمَعُ الْبَاكِسْتَانِيُّ

پاکستانی معاشرہ

حل لغات:

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
۱۔ عَالِمٌ	عالم، سائنسدان	۲۔ يُحِبُّ	وہ محبت کرتا ہے
۳۔ خِلَالَ	آمد۔ دوران	۳۔ زِيَارَةٌ	سیر
۵۔ نَزَلَ	وہ ٹھہرا	٦۔ صَدِيْقٌ	دوست
۷۔ جَلَسَا	وہ دونوں بیٹھے	۸۔ يَتَحَدَّثَانِ	وہ دونوں باتیں کرتے ہیں
۹۔ يَشْرَبَانِ	وہ دونوں پیتے ہیں	۱۰۔ اَلشَّايَ	چائے
۱۱۔ مَسَاءَ	شام	۱۲۔ يُخَاطِبُ	وہ مخاطب ہوتا ہے
۱۳۔ أُرِيْدُ	میں چاہتا ہوں	۱٤۔ أَسَالُكَ	میں تجھ سے سوال کروں
۱۵۔ تَقَالِيْدُ	رواج	۱٦۔ مُجْتَمِعٌ	معاشرہ
۱۷۔ تَفَضَّلُ	تشریف رکھیے	۱۸۔ سَلْ	پوچھو
۱۹۔ بَدَالَ	وہ چاہے	۲۰۔ اَتَمٌّ	مکمل
۲۱۔ اِسْتِعْدَادٌ	تیاری	۲۲۔ أُرُدُّ	میں جواب دوں گا
۲۳۔ عَدَدٌ	تعداد	۲٤۔ سُكَّانٌ	باشندے
۲۵۔ اَلْوَقْتُ الْحَاضِرُ	موجودہ وقت	۲٦۔ اَلْاِحْصَاءُ	مردم شماری، شماریات
۲۷۔ أُجْرِيَ	جاری کی گئی	۲۸۔ تَجَاوُزٌ	تجاوز کرنا۔ بڑھنا

لفظ	معنی	لفظ	معنی
٢٩۔ مُسْتَمِرٌ	مسلسل۔لگاتار	٣٠۔ سَرِيْعٌ	تیز رفتاری
٣١۔ يَهْتَمُّوْنَ	اہمیت دیتے ہیں	٣٢۔ بِدِيْنِهِمْ	ان کا دین
٣٣۔ يَتَحَمَّسُوْنَ	جوش رکھتے ہیں	٣٤۔ يُطَبِّقُوْنَ	وہ مطابقت کرتے ہیں
٣٥۔ أَقَامُوْا	انھوں نے قائم کیا	٣٦۔ مُسْتَقِلَّةٌ	آزاد
٣٧۔ يَعِيْشُوْا	وہ زندگی گزاریں	٣٨۔ ظِلٌّ	سایہ
٣٩۔ اَلتَّقَارِيْرُ	رپورٹیں	٤٠۔ أَهْمَلُوْا	انھوں نے بھلا دیا
٤١۔ تَخَلَّفُوْا	وہ پیچھے رہ گئے ہیں	٤٢۔ كَافَّةٌ	تمام
٤٣۔ مَجَالَاتٌ	میدان	٤٤۔ يَهْتَمُّوْنَ	وہ اہمیت دیتے ہیں
٤٥۔ قَرَابَةٌ	رشتے داری	٤٦۔ دَمَوِيَّةٌ	خونی
٤٧۔ خِطْبَةٌ	منگنی	٤٨۔ اَلْمُتَثَقِّفُوْنَ	تہذیب یافتہ
٤٩۔ مُتَخَلِّفِيْنَ	پسماندہ (جمع)	٥٠۔ اَلْقُرَوِيِيْنَ	دیہاتی لوگ (جمع)
٥١۔ اَلإِجْرَاتُ	کاروائیاں	٥٢۔ اَلتَّقْلِيْدِيَّةُ	روایتی
٥٣۔ اَلْعَرِيْسُ	دولہا	٥٤۔ اَلْعُرُوْسَ	دلہن
٥٥۔ أُسْرَةٌ	خاندان	٥٦۔ عَقْدُ الزَّوَاجِ	شادی کی گرہ، نکاح
٥٧۔ لَازِمَةٌ	ضروری	٥٨۔ يُهْدِيْنَ	وہ دے دیتی ہیں
٥٩۔ لِتَخْضِبَ	تاکہ رنگ لے	٦٠۔ كَفَّيْ	ہتھیلیاں

اردو ترجمہ

عَبْدُ اللّٰهِ يَحْيٰ عَالِمٌ سَعُوْدِيٌّ يُحِبُّ بَاكِسْتَانَ وَيُكْثِرُ مِنْ زِيَارَتِهَا وَخِلَالَ زِيَارَةِ الْأَخِيْرَةِ نَزَلَ ضَيْفًا عِنْدَ صَدِيْقِهِ الْبَاكِسْتَانِيِّ خَالِدٍ فَجَلَسَا يَتَحَدَّثَانِ وَيَشْرَبَانِ الشَّايَ مَسَاءَ يَوْمٍ فِيْ مَنْزِلِ خَالِدٍ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ وَهُوَ يُخَاطِبُ صَدِيْقَهُ خَالِدًا۔

عبداللہ یحییٰ ایک سعودی عالم ہیں۔ جو پاکستان سے محبت رکھتے ہیں۔ اور اکثر اس کی سیر کو آتے ہیں۔ اپنی تازہ ترین سیر کے دوران وہ اپنے ایک پاکستانی دوست خالد کے پاس مہمان کے طور

پر ٹھہرا۔ پس وہ دونوں ایک دن خالد کے گھر شام کے وقت بیٹھے باتیں کر رہے تھے اور چائے پی رہے تھے۔ پس عبداللہ نے اپنے دوست خالد سے مخاطب ہوتے ہوئے کہا۔

عَبْدُاللّٰهِ: أُرِيْدُ أَنْ أَسْأَلَكَ أَشْيَاءَ عَنْ تَقَالِيْدِ الْمُجْتَمَعِ الْبَاكِسْتَانِيِّ وَعَادَاتِهٖ يَاخَالِدُ، إِذَا سَمَحْتَ؟

عبداللہ: میں آپ سے پاکستانی معاشرے کے رسم ورواج کے بارے میں پوچھنا چاہتا ہوں۔ اگر آپ اجازت دیں؟

خَالِدُ: تَفَضَّلْ يَا صَدِيْقِيَ الْكَرِيْمَ! وَسَلْ مَابَدَالَكَ فَأَنَا عَلٰى أَتَمِّ اسْتِعْدَادٍ أَرُدَّ عَلٰى أَسْئِلَتِكَ إِذَ اسْتَطَعْتُ

خالد: اے میرے محترم دوست تشریف رکھیے اور جو چاہیں پوچھیں پس میں آپکے سوال کے جواب کے لئے حسب استطاعت مکمل تیار ہوں۔

عَبْدُاللّٰهِ: طَيِّبٌ، مَاهُوَ عَدَدُسُكَّانِ بَاكِسْتَانِ فِي الْوَقْتِ الْحَاضِرِ

عبداللہ: خوب! پاکستان کے باشندوں کی اس وقت کیا تعداد ہے؟

خَالِدُ: يَقُوْلُ الْإِحْصَاءُ الْأَخِيْرُ الَّذِيْ أُجْرِيَ قَبْلَ سَنَوَاتٍ بِأَنَّ عَدَدَسُكَّانِهَا قَدْ تَجَاوَزَ ثَمَانِيْنَ مِلْيُوْنِ نَسَمَةٍ وَيَرٰى خُبَرَاءُ الْإِحْصَاءِ الْآنَ بِأَنَّ الْعَدَدَ قَدْ تَجَاوَزَ مِائَةَ مِلْيُوْنَ نَسَمَةٍ۔

خالد: تازہ ترین مردم شماری کے مطابق جو چند سال پہلے ہوئی اس کے باشندوں کی تعداد تقریباً 80 ملین سے تجاوز کر گئی ہے۔ شماریات کے ماہرین کی رائے کے مطابق اب تعداد تقریباً 100 ملین سے بڑھ چکی ہے۔

عَبْدُاللّٰهِ: وَيَعْنِيْ، ذٰلِكَ أَنَّ عَدَدَ السُّكَانِ فِي ازْدِيَادٍ مُسْتَمِرٍ سَرِيْعٍ۔

عبداللہ: اس کا مطلب ہے کہ باشندوں کی تعداد مسلسل تیزی سے بڑھ رہی ہے۔

خَالِدُ: نَعَمْ، وَهٰذَا مِمَّالَا شَكَّ فِيْهِ۔

خالد: جی ہاں اور اس میں کوئی شک نہیں

عَبْدُاللّٰهِ: وَهَلِ الْمُسْلِمُوْنَ يَهْتَمُّوْنَ بِدِيْنِهِمْ وَيَتَحَمَّسُوْنَ لَهٗ، وَيُطَبِّقُوْنَهٗ، فِيْ حَيَاتِهِمِ الْعَمَلِيَّةِ؟

عبداللہ: کیا مسلمان اپنے دین کو اہمیت دیتے ہیں اور اس کے لئے جوش وخروش دکھاتے ہیں اور اپنی عملی زندگیوں میں اس کی پیروی کرتے ہیں۔

خَالِدُ: نَعَمْ، وَلِمَ لَا، فَقَدْ أَقَامُوا دَوْلَةً إِسْلَامِيَّةً مُسْتَقِلَّةً لَهُمْ لِيَعِيشُوا فِي ظِلِّهَا أَحْرَارًا فِي عَقِيدَتِهِمْ وَعِبَادَتِهِمْ وَثَقَافَتِهِمْ وَيُطَبِّقُوا الشَّرِيعَةَ الْإِسْلَامِيَّةَ السَّمْحَاءَ تَطْبِيقًا صَحِيحًا۔

خالد: جی ہاں کیوں نہیں۔ مسلمانوں نے اپنے لئے ایک آزاد اسلامی ملک اس لیے قائم کیا تاکہ اس کے سایے میں اپنے عقیدے، عبادت اور ثقافت کے مطابق آزادانہ زندگی گزار سکیں اور شریعت اسلامیہ کی ٹھیک ٹھیک مکمل پیروی کر سکیں۔

عَبْدُ اللهِ: مَا نِسْبَةُ مَعْرِفَةِ الْقِرَاءَةِ وَالْكِتَابَةِ فِي بَاكِسْتَانَ؟

عبداللہ: پاکستان میں پڑھنے لکھنے کی شرح کیا ہے؟

خَالِدُ: بَاكِسْتَانُ لَا تَزَالُ تُعْتَبَرُ مِنَ الدُّوَلِ الْمُتَخَلِّفَةِ فِي هٰذَا الْمَجَالِ فَإِنَّ التَّقَارِيرَ الْأَخِيرَةَ تَقُولُ بِأَنَّ نِسْبَةَ الْمَعْرِفَةِ لَا تَزِيدُ مِنَ الثَّلَاثِينَ فِي الْمِائَةِ مَعَ الْأَسَفِ الشَّدِيدِ۔

خالد: پاکستان مسلسل اس میدان میں پسماندہ شمار کیا جاتا رہا ہے۔ پس تازہ ترین رپورٹوں کے مطابق پڑھنے لکھنے کی شرح افسوس کے ساتھ 30% سے زیادہ نہیں ہے۔

عَبْدُ اللّٰهِ: هٰذَا قَلِيلٌ جِدًّا! وَالْإِسْلَامُ دِينُ الْعِلْمِ وَالْحَضَارَةِ وَالتَّقَدُّمِ......

عبداللہ: یہ تو بہت کم ہے۔ اسلام تو علم، تہذیب وتمدن اور آگے بڑھنے کا دین ہے۔

خَالِدُ: نَعَمْ يَا أَخِي! وَلٰكِنَّ الْمُسْلِمِينَ قَدْ أَهْمَلُوا تَعَالِيمَ نَبِيِّهِمْ فَتَخَلَّفُوا فِي كَافَّةِ الْمَجَالَاتِ مِنَ الْحَيَاةِ۔

خالد: جی ہاں اے میرے بھائی! لیکن مسلمانوں نے اپنے نبی کی تعلیمات کو بھلا دیا ہے۔ پس وہ زندگی کے تمام میدانوں میں پیچھے رہ گئے ہیں۔

عَبْدُ اللّٰهِ: وَأَخِيرًا۔ لَا آخِرًا۔ كَلِمَةٌ عَنْ تَقَالِيدِ الزَّوَاجِ فِي بَاكِسْتَانَ، هَلِ النَّاسُ يَهْتَمُّونَ كَثِيرًا بِالْقَرَابَةِ الدَّمَوِيَّةِ أَوِ الْعَصَبِيَّةِ الْقَبَلِيَّةِ فِي أَمْرِ الْخِطْبَةِ وَالزَّوَاجِ؟

عبداللہ: آخر میں نہ کہ آخری بات پاکستان میں شادی کے رسم ورواج کے بارے میں کیا لوگ منگنی اور نکاح کے معاملے میں اپنے خونی رشتوں کو اہمیت دیتے ہیں یا قبائلی عصبیت کو۔

خَالِدُ: أَمَّا الْمُثَقَّفُونَ فَلَمْ يَعُودُوا يَهْتَمُّونَ كَثِيرًا م بِذٰلِكَ إِلَّا أَنَّ

الْمُتَخَلِّفِيْنَ وَالْقَرَوِيِّيْنَ مِنَّا لَايَزَالُوْنَ التَّقَالِيْدَ الْقَدِيْمَةَ۔

خالد: جہاں تک تہذیب یافتہ لوگوں کا تعلق ہے تو وہ اس بات کو زیادہ اہمیت نہیں دیتے ہیں۔ مگر ہم میں سے پسماندہ اور دیہاتی لوگ مسلسل ان قدیم رواجوں کی پیروی کررہے ہیں۔

عَبْدُاللّٰهِ: وَمَا هِيَ الْإِجْرَاءَاتُ التَّقْلِيْدِيَّةُ الَّتِيْ تَتِمُّ عِنْدَ الزَّوَاجِ فِيْ بَيْتِ الْعَرِيْسِ وَالْعَرُوْسِ؟

عبداللہ: وہ کونسی رسمی کاروائیاں ہیں جو دلہا اور دلہن کے گھر شادی کے موقع پر پوری ہوتی ہیں۔

خَالِدُ: مِنْ تَقَالِيْدِ الزَّوَاجِ عِنْدَنَا أَنَّ النِّسْوَةَ مِنْ أُسْرَةِ الْعَرِيْسِ يَزُرْنَ بَيْتَ الْعَرُوْسِ فِي اللَّيْلَةِ الَّتِيْ قَبْلَ لَيْلَةِ عَقْدِ الزَّوَاجِ وَمَعَهُنَّ مِقْدَارٌ مِنَ الْحِنَّاءِ وَالْأَشْيَاءِ اللَّازِمَةِ الْأُخْرٰى فَيُهْدِيْنَهَا إِلَى الْعَرُوْسِ لِتَخْضِبَ بِهَا كَفَّيْهَا وَأَنَامِلَهَا ثُمَّ يَخْرُجُ الْعَرِيْسُ فِيْ مُوْكِبٍ مِنْ أَقَارِبِهٖ وَأَصْدِقَاءِ رِجَالًا وَنِسَاءً أَوْهُوَ عَلٰى ظَهْرِ الْفَرَسِ أَوْفِي السَّيَّارَةِ إِلٰى بَيْتِ الْعَرُوْسِ حَيْثُ يَسْتَقْبِلُهُمْ أَهْلُهَا فَيَتِمُّ عَقْدُ الزَّوَاجِ ثُمَّ يُقَدِّمُوْنَ لَهُمُ الطَّعَامَ ثُمَّ يُوَدِّعُوْنَ الْعَرُوْسَ وَيَكُوْنُ مَوْقِفًا حَزِيْنًا حَيْثُ يَبْكِيْ أَهْلُهَا وَصَدِيْقَاتُهَا عَلٰى فِرَاقِهَا۔

خالد: ہمارے ہاں شادی کے رسم ورواج میں سے ہے کہ نکاح کی رات سے ایک رات قبل دلہا کے گھر کی عورتیں دلہن کے گھر جاتی ہیں اور انکے پاس مہندی کی کچھ مقدار اور دوسری ضروری اشیاء ہوتی ہیں۔ پس وہ اسے دلہن کو دے دیتی ہیں۔ تاکہ اس کے ذریعے اپنی ہتھیلیوں اور انگلیوں کو رنگ لے پھر دلہا عورتوں اور مردوں پر مشتمل جلوس میں گھوڑے کی پشت پر بیٹھ کر یا کار میں سوار ہو کر دلہن کے گھر جاتا ہے۔ جہاں دلہن کے گھر والے اس کا استقبال کرتے ہیں۔ پھر نکاح کی رسم ہوتی ہے پھر انھیں کھانا پیش کیا جاتا ہے۔ پھر دلہن کو الوداع کیا جاتا ہے اور یہ موقع پر بڑا غمناک ہوتا ہے۔ جبکہ دلہن کے گھر والے اور اس کی سہیلیاں اس کی جدائی پر روتی ہیں۔

عَبْدُاللّٰهِ: غَرِيْبٌ جِدًّا! مَالِلْحُزْنِ وَمُنَاسَبَةِ الْفَرَحِ وَالسُّرُوْرِ؟

عبداللہ: بہت عجیب بات ہے۔ خوشی ومسرت کے موقع پر غم کی کیا بات؟

خَالِدٌ: هٰكَذَا التَّقَالِيدُ عِنْدَنَا وَأَرَاهَا نَتِيجَةَ التَّأْثِيرِ الْهِنْدُوكِيِّ فِي الْمُجْتَمَعِ الْبَاكِسْتَانِيِّ مُنْذُ الْقَدِيمِ۔

خالد: ہمارے ہاں کے رسم و رواج اسی طرح کے ہیں۔ اور میرا خیال ہے کہ یہ پاکستانی معاشرے پر ہندوؤں کے قدیم زمانے سے موجود اثر کا نتیجہ ہے۔

عَبْدُ اللّٰهِ: شُكْرًا يَا خَالِدُ! وَقَدْ حَانَ وَقْتُ أَذَانِ الْمَغْرِبِ

عبداللہ: شکریہ اے خالد! مغرب کی اذان کا وقت ہو گیا ہے۔

خَالِدٌ: هَيَّا بِنَا إِلَى الْمَسْجِدِ لِنُصَلِّيَ مَعَ الْجَمَاعَةِ۔

خالد: میرے ساتھ آؤ مسجد کی طرف چلیں اور باجماعت نماز ادا کریں۔

اَلتَّمَارِينُ

س 1۔ أَجِبْ عَنِ الْأَسْئِلَةِ التَّالِيَةِ:

نیچے دیئے ہوئے سوالات کے جوابات دیجیے۔

۱۔ أَيْنَ جَلَسَ الصَّدِيقَانِ لِلْحَدِيثِ وَالشَّايِ؟

دونوں دوست باتوں اور چائے کے لئے کہاں بیٹھے تھے؟

جَلَسَ الصَّدِيقَانِ فِي مَنْزِلِ خَالِدٍ

۲۔ مَاذَا يَرَى الْخُبَرَاءُ عَنْ عَدَدِ سُكَّانِ بَاكِسْتَانَ الْآنَ؟

اس وقت پاکستان کی آبادی ماہرین کی رائے کے مطابق کیا ہے؟

قَدْ تَجَاوَزَ مِائَةَ مِلْيُونِ نَسَمَةٍ۔

۳۔ لِمَاذَا أَنْشَأَ الْمُسْلِمُونَ دَوْلَةً مُسْتَقِلَّةً لَهُمْ؟

مسلمانوں نے اپنے لیے ایک آزاد ملک کیوں قائم کیا تھا؟

لِيَعِيشُوا فِي ظِلِّهَا أَحْرَارًا فِي عَقِيدَتِهِمْ وَعِبَادَتِهِمْ وَثَقَافَتِهِمْ وَيُطَبِّقُوا الشَّرِيعَةَ الْإِسْلَامِيَّةَ۔

س 2۔ شَكِّلِ الْجُمَلَ الْآتِيَةَ۔

نیچے دیئے ہوئے جملوں کے اعراب لگائیں۔

۱۔ مَنْ يُرَافِقُ الْعَرِيسَ فِي الْمَوْكِبِ يَوْمَ الزَّوَاجِ؟

۲۔ مَا الَّذِي اسْتَغْرَبَهُ عَبْدُ اللّٰهِ يَحْيَى مِنْ تَصَرُّفِ أَهْلِ الْعَرِيسِ؟

۳۔ إِنَّ بَاكِسْتَانَ تُعْتَبَرُ دَوْلَةً مُتَخَلِّفَةً فِي مَجَالِ الْمَعْرِفَةِ

س3۔ صَحِّحْ مَا يَأْتِي مِنَ الْجُمَلِ:

نیچے دیئے ہوئے جملوں کو درست کریں۔

۱۔ مَاهُوَ الْعَدَدُ السُّكَّانِ بَاكِسْتَانَ الْآنَ؟

مَاهُوَ عَدَدُ سُكَّانِ بَاكِسْتَانَ الْآنَ۔

۲۔ إِنَّ عَدَدُ السُّكَّانِ قَدْ تَجَاوَزَتْ ثَمَانُونَ مِلْيُونَ نَسَمَةً۔

إِنَّ الْعَدَدَ سُكَّانِ قَدْ تَجَاوَزَ ثَمَانِيْنَ مِلْيُونَ نَسَمَةٍ۔

۳۔ اَلْعَرِيْسُ تَخْرُجُ فِي مَوْكِبٍ مِنَ الْبَيْتِهِ۔

اَلْعَرِيْسُ يَخْرُجُ فِي مَوْكِبٍ مِن بَيْتِهِ۔

س4۔ رَتِّبِ الْجُمَلَ مِنَ الْكَلِمَاتِ فِي كُلِّ سَطْرٍ مِمَّا يَلِي۔

نیچے دیئے ہوئے الفاظ کو ترتیب دے کر جملے بنائیں۔

۱۔ وَقْتُ ، حَانَ ، اَلْمَغْرِبِ ، آذَانِ ، وَقَدْ

وَقَدْ حَانَ وَقْتُ أَذَانِ الْمَغْرِبِ۔

۲۔ اَلْأَعْظَمُ ، بَاكِسْتَانَ ، اَلْقَائِدُ ، مُؤَسِّسُ ، دَوْلَةِ ، هُوَ

اَلْقَائِدُ الْأَعْظَمُ هُوَ مُؤَسِّسُ دَوْلَةِ بَاكِسْتَانَ۔

۳۔ لَهُمْ ، مُسْتَقِلَّةً ، اَلْمُسْلِمُوْنَ ، إِسْلَامِيَّةً ، أَقَامَ ، دَوْلَةً

أَقَامَ الْمُسْلِمُوْنَ دَوْلَةً إِسْلَامِيَّةً مُسْتَقِلَّةً لَهُمْ۔

س5۔ اِسْتَخْرِجْ خَمْسَةً مِنَ التَّرَاكِيْبِ الْإِضَافِيَّةِ وَخَمْسَةً مِنَ التَّرَاكِيْبِ التَّوْصِيْفِيَّةِ وَاسْتَخْدِمْهَا فِي جُمَلٍ مُفِيْدَةٍ۔

5 مرکب اضافی اور 5 مرکب توصیفی نکالیں اور ان کو مفید جملوں میں استعمال کریں۔

مرکب اضافی	جملے
۱۔ نِسْبَةُ الْمَعْرِفَةِ	هَلْ تَعْلَمُ نِسْبَةُ الْمَعْرِفَةِ؟ کیا تو خواندگی کی شرح کا علم رکھتا ہے۔
۲۔ بَيْتُ الْعَرُوْسِ	زُرْتُ بَيْتَ الْعُرُوْسِ میں نے دلہن کا گھر دیکھا۔

٣۔ ظَهْرُ الْفَرَسِ	هُوَرَكِبَ عَلٰى ظَهْرِ الْفَرَسِ۔ وہ گھوڑے کی پشت پر سوار ہوا۔
٤۔ مُنَاسَبَةِ الْفَرَحِ	مَالِلْحُزْنِ وَمُنَاسَبَةِ الْفَرَحِ؟ خوشی کے موقع پر غم کی کیابات؟
٥۔ اَذَانُ الْمَغْرِبِ	وَقَدْ حَانَ وَقْتُ أَذَانِ الْمَغْرِبِ۔ مغرب کی اذان کا وقت ہوگیا ہے۔
مرکب توصیفی	جملے
١۔ عَالِمٌ سَعُوْدِيٌّ	عَبْدُ اللّٰهِ يَحْيٰ عَالِمٌ سَعُوْدِيٌّ عبداللہ یحییٰ ایک سعودی عالم ہے۔
٢۔ وَقْتُ حَاضِرٌ	مَاهُوَ عَدَدُ سُكَّانِ بَاكِسْتَانَ فِي الْوَقْتِ الْحَاضِرِ؟ اس وقت پاکستان کی آبادی کیا ہے؟
٣۔ اَلْاِحْصَاءُ الْاَخِيْرُ	مَاذَا يَقُوْلُ الْإِحْصَاءُ الْأَخِيْرُ؟ مردم شماری کی تازہ ترین رپورٹیں کیا کہتی ہیں؟
٤۔ دَوْلَةٌ اِسْلَامِيَّةٌ	بَاكِسْتَانُ دَوْلَةٌ اِسْلَامِيَّةٌ پاکستان ایک اسلامی ملک ہے۔
٥۔ اَلشَّرِيْعَةُ الْإِسْلَامِيَّةُ	طَبِّقُوا الشَّرِيْعَةَ الْإِسْلَامِيَّةَ شریعت اسلامیہ کی پیروی کرو۔

س٥ خُذْ عَشَرَةَ أَسْمَاءِ الْجَمْعِ وَهَاتِ الْمُفْرَدَاتِ لَهَا۔

سبق سے 10 اسم جمع نکالیں اور انکے مفرد بنائیں۔

جمع	واحد	جمع	واحد
١۔ أَشْيَاءُ	شَيْءٌ	٢۔ أَسْئِلَةٌ	سُؤَالٌ
٣۔ سَنَوَاتٌ	سَنَةٌ	٤۔ تَقَارِيْرُ	تَقْرِيْرٌ
٥۔ مَجَالَاتٌ	مَجَالٌ	٦۔ دُوَلٌ	دَوْلَةٌ
٧۔ سُكَّانٌ	سَاكِنٌ	٨۔ عَادَاتٌ	عَادَةٌ

س2۔ اِحْفَظِ الْبَیْتَیْنِ الْأَوَّلَ وَالْأَخِیْرَ مِنَ الْقِطْعَۃِ الشِّعْرِیَّۃِ وَاکْتُبْھُمَا بِخَطٍّ جَمِیْلٍ

پہلے اور آخری دو اشعار نظم میں سے یاد کریں اور انھیں خوشخطی سے تحریر کریں۔

طلبہ خود یاد کریں۔

س3۔ اِحْفَظْ ثَلَاثَۃَ أَبْیَاتٍ مِنَ الْقِطْعَۃِ الشِّعْرِیَّۃِ وَاکْتُبْھَا بِخَطٍّ جَیِّدٍ فِیْ مُذَکِّرَتِكَ۔

تین اشعار یاد کریں اور انھیں خوشخطی سے تحریر کریں۔

طلبہ خود یاد کریں۔

س4۔ أَجِبْ عَنِ الْأَسْئِلَۃِ التَّالِیَۃَ۔

درج ذیل سوالات کے جوابات دیں۔

۱۔ مَنِ الَّذِیْ یَبْنِیْ وَیُنْشِئُ الْأَنْفُسَ وَالْعَقُوْلَ الْبَشَرِیَّۃَ۔

کون عقلوں کی تعمیر اور نشوونما کرتا ہے؟

اَللّٰہُ یَبْنِیْ وَیُنْشِئُ الْأُنْفُسَ وَالْعُقُوْلَ الْبَشَرِیَّۃَ۔

۲۔ مَنِ الَّذِیْ یُخْرِجُ الْعَقْلَ الْبَشَرِیَّ مِنَ الظُّلُمَاتِ وَیَھْدِیْہِ اِلَی النُّوْرِ؟

کون عقل انسانی کو تاریکیوں سے نکال کر ہدایت کی طرف رہنمائی کرتا ہے؟

اَللّٰہُ یخْرُجُ الْعَقْلَ الْبَشَرِیَّ

۳۔ مَنْ ھُوَ ابْنُ الْبَتُوْلِ وَمَاذَا کَانَ یُعَلِّمُ النَّاسَ؟

ابن بتول کون تھے اور انھوں نے انسانوں کو کیا سکھایا؟

اِبْنُ الْبَتُوْلُ ھُوَ عِیْسٰی ابْنَ مَرْیَمْ وَ کَانَ یُعَلِّمُ الْإِنْجِیْلَا النَّاس

٤۔ مَاذَا تَکُوْنُ النَّتِیْجَۃُ اِذَا نَشَأَتِ النِّسَاءُ فِیْ اُمِّیَّۃٍ

اگر عورتیں جہالت میں پروان چڑھیں گی تو اس کا کیا نتیجہ ہوگا؟

تَكُوْنُ الْاُمَّةُ خَامِلَةً

س5۔ خُذْ عَشَرَةً مِّنْ اَسْمَاءِ الْجَمْعِ مِنَ الدَّرْسِ وَحَوِّلْهَا إِلَى الْمُفْرَدِ

سبق سے دس اسم جمع لیں اور ان کو مفرد میں بدلیں۔

جمع	واحد	جمع	واحد
١۔ عُيُوْنٌ	عَيْنٌ	٢۔ أَنْفُسٌ	نَفْسٌ
٣۔ ظُلُمَاتٌ	ظُلْمَةٌ	٤۔ قُرُوْنٌ	قَرْنٌ
٥۔ بَصَائِرٌ	بَصِيْرَةٌ	٦۔ اَخْلَاقٌ	خُلُقٌ
٧۔ حَوَلٌ	اَحْوَلٌ	٨۔ عُقُوْلٌ	عَقْلٌ
٩۔ نِسَآءٌ	اِمْرَاَةٌ	١٠۔ شَبَابٌ	شَابٌّ

س 6۔ هَاتِ الْمَاضِيْ لِمَايَأْتِيْ مِنَ الْأَفْعَالِ الْمُضَارِعَةِ

درج ذیل مضارع افعال کی ماضی بناؤ۔

مضارع	ماضی	مضارع	ماضی
يَبْنِيْ	بَنٰى	يُنْشِئُ	اَنْشَأَ
يَرْثِيْ	رَثَتْ	يَسْتَغِيْثُ	اِسْتِغَاثَ
يَهْتَزُّ	اِهْتَزَّ	يَذُوْبُ	ذَابَ
يَغُرُّ	غَرَّ		

س 7۔ اِسْتَخْدِمِ الْمُفْرَدَاتِ التَّالِيَةَ فِيْ جُمَلٍ مُّفِيْدَةٍ

درج ذیل مفردات کو جملوں میں استعمال کریں۔

مفردات	جملے
١۔ اَلتَّبْجِيْلُ	قُمْ لِلْمُعَلِّمِ وَفِّهِ التَّبْجِيْلَا مسلم کے لئے کھڑے ہو جاؤ اور اس کو پوری پوری عزت دو۔

٢۔ وَفِّ	قُمْ لِلْمُعَلِّمِ وَفِّهِ التَّبْجِيْلَا مسلم کے لئے کھڑے ہو جاؤ اور اس کو پوری پوری عزت دو۔
٣۔ كَادَ	كَادَ الْمُعَلِّمِ أَنْ يَّكُوْنَ رَسُوْلَا ہوسکتا ہے کہ معلم کا پیغمبرانہ کام ہو۔
٤۔ ضَئِيْلٌ	فِى الْفَصلِكَ نُوْرٌ ضَئِيلٌ کمرے میں کم روشنی ہے۔
٥۔ لَحْظٌ	حَامِدٌ ذَاسُوءُ اللَّحْظِ حامد بُری نظر والا ہے۔
٦۔ عَوِيْلٌ	أَقِمْ عَلَيهِمْ مَأْتَمًا وَّعَوِيْلًا قوم پر ماتم اور واویلا کرنے کے لئے کھڑے ہو جاؤ۔
٧۔ خُمُوْلٌ	هُوَ يَعِيْشُ فِى الْخُمُوْلِ۔ وہ گمنامی میں زندگی گزار رہا ہے۔
٨۔ أُمِيَّةٌ	اَلاُمِيَّةُ مُشْكَلَةٌ كَبِيْرَةٌ بِوَطَنِى جہالت ہمارے ملک کا بڑا مسئلہ ہے۔

س8۔ غَيِّرِ الْجُمَلَ الْاٰتِيَةَ حَسْبَ التَّعْلِيْمَاتِ بَيْنَ الْقَوْسَيْنِ فِى اٰخِرِ كُلِّ جُمْلَةٍ۔

ہر جملے کے آخر میں قوسین کے مطابق جملے کو بدلیں۔

١۔ اَلطَّالِبُ يَقُوْمُ لِمُعَلِّمِهِ وَيُوَفِّيْهِ التَبْجِيْلَ (استَخْدِم لِمَ وَلَمْ)
لِمَ لَمْ يَقُمْ الطَّالِبُ لِمُعَلِّمَتِهِ وَيُوَفِيْهِ التَّبْجِيْلَ

٢۔ اَللّٰهُ خَيْرُ مُعَلِّمٍ وَّ عَلَّمَ الإِنْسَانَ بِالْقَلَمِ (حَوِّلِ الْجُمْلَةَ مِنَ الْغَائِبِ إِلٰى الْمُخَاطَبِ)
أَللّٰهُمَّ خَيْرَ مُعَلِّمٍ وَّعَلَّمْتَ الإِنْسَانَ بِالْقَلَمِ۔

٣۔ إِذَا كَانَ الْمُعَلِّمُ سَيِّئُ الْبَصِيْرَةِ يَجْعَلُ بَصَائِرَ تَلَامِيْذِهٖ حَوْلَا (حَوِّلِ الْفِعْلَ اِلَى النَّفِىْ)
إِذَا مَا كَانَ الْمُعَلِّمُ سَيِّئُ الْبَصِيْرَةِ يَجْعَلُ بَصَائِرَ تَلَامِيْذِهٖ حَوْلَا

س9۔ تَرْجِمْ اِلَی الْعَرَبِیَّۃِ۔
عربی ترجمہ کریں۔

ا۔ استاد کی عزت کرو۔
اَکْرِمُوا الْمُعَلِّمَ

۲۔ اللہ نے انسان کو قلم سے سکھایا۔
عَلَّمَ اللّٰہُ الْاِنْسَانَ بِالْقَلَمِ۔

۳۔ اللہ نے واضح راستہ دکھایا۔
اَھْدِی اللّٰہُ اِلٰی دِیْنٍ مُّبِیْنٍ

۴۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام پر تورات نازل ہوئی۔
نَزَلَ التَّوْرَاۃَ عَلٰی مُوْسٰی

۵۔ تم سب اللہ کے بندے اور بھائی بھائی ہو۔
کُلُّکُمْ عِبَادُ اللّٰہِ وَاِخْوَانٌ بَیْنَکُمْ

......☆......

اَلدَّرْسُ الْأَرْبَعُوْنَ: (چالیسواں سبق)

مکالمہ (۱۰)

دُنْيَانَا هٰذِهٖ!

ہماری یہ دنیا

حل لغات:

الفاظ	معنی	الفاظ	معنی
۱۔ تَقُوْلُ	تم کہتے ہو۔ تمہاری رائے	۲۔ نَعِيْشُ	ہم رہتے ہیں
۳۔ لَا تُحْصٰى	شمار نہیں کیے جاسکتے	٤۔ تُعَدُّ	گنا جاسکتا ہے
٥۔ أَبْتَدِرُ	میں ابتدا کرتا ہوں	٦۔ غَرَائِبُ	عجائبات
۷۔ بَنِي آدَمُ	انسان	۸۔ اَلْبِحَارُ	سمندر
۹۔ لَايَزَالُ	مسلسل	۱۰۔ اَلْمِلْحُ	نمک
۱۱۔ زَمَنٌ	زمانہ	۱۲۔ يَصْنَعُوْنَ	وہ تیار کرتے ہیں
۱۳۔ أَعْمَاقٌ	گہرائی	١٤۔ اِحْصَاءٌ	گننا
۱٥۔ اِحَاطَةٌ	گھیراؤ کرنا	١٦۔ اَلدُّهُوْرُ	زمانے
۱۷۔ أَسْمَاكٌ	مچھلیاں	۱۸۔ اَلثُّلُوْجُ	برف
۱۹۔ مَسَاحَةٌ	رقبہ	۲۰۔ مَلَايِيْنَ	ملین (جمع)
۲۱۔ اَللَّالِئُ	موتی	۲۲۔ بَشَرٌ	انسان
۲۳۔ اَنْوَاعٌ	اقسام	٢٤۔ اِكْتِشَافٌ	دریافت
۲٥۔ تَرْزَحُ	دبا ہوا	٢٦۔ اَلْكُتَلُ	بلاک
۲۷۔ اَلضَّخْمَةُ	بھاری	۲۸۔ تُغَطِّي	ڈھکا ہوا ہے
۲۹۔ يَجْرِي	جاری کرتا ہے	۳۰۔ بُحُوْثٌ	تحقیقات
۳۱۔ بَرَاكِيْنُ	آتش فشاں	۳۲۔ اَلثَّائِرَةُ	بھڑکتے ہوئے

اردو ترجمہ

عِمْرَانُ: مَاذَا تَقُوْلُ يَا أُسْتَاذَنَا الْكَرِيْمَ فِيْ دُنْيَانَا هٰذِهِ الَّتِيْ نَعِيْشُ فِيْهَا۔

عمران: استادِ محترم! آپ اس دنیا کے بارے میں کیا کہتے ہیں جس میں ہم رہتے ہیں۔

اَلْأُسْتَاذُ: إِنَّ دُنْيَا كُمْ هٰذِهٖ لَاتُحْصٰى عَجَائِبُهَا وَلَا تُعَدُّ غَرَائِبُهَا۔

استاد: تمہاری اس دنیا کے عجائب کو شمار نہیں کیا جاسکتا اور نہ ہی اس کے غرائب کو گنا جاسکتا ہے۔

أَحْمَدُ: يَا أُسْتَاذَنَا ! أَبْتَدِرُ بِالسُّؤَالِ عَنِ الْبِحَارِ وَعَجَائِبِهَا وَمَا تُوْجَدُ فِيْهَا مِنَ الْمَنَافِعِ لِبَنِيْ آدَمَ۔

احمد: استادِ محترم! میں سمندر اور اس کے عجائبات اور ابن آدم کے لئے اس میں جو منافع پائے جاتے ہیں کے متعلق سوال سے ابتداء کرتا ہوں۔

اَلْأُسْتَاذُ: إِنَّ الْبِحَارَ فِيْهَا مَنَافِعُ كَثِيْرَةٌ فَالنَّاسُ كَانُوْا وَلَا يَزَالُوْنَ يَتَّخِذُوْنَ الْمِلْحَ مِنَ الْمِيَاهِ الْبَحْرِيَّةِ مُنْذُ زَمَنٍ بَعِيْدٍ كَمَا أَنَّهُمْ يَصْنَعُوْنَ أَشْيَاءَ كَثِيْرَةً مِّنَ الْأَسْفَنْجِ وَفِيْ أَعْمَاقِ الْبِحَارِ عَجَائِبُ لَايُمْكِنُ إِحْصَاؤُهَا وَالْإِحَاطَةُ بِهَا وَمِنْهَا اللَّآلِيُ الَّتِيْ ظَلَّتْ مَوْضِعَ الْإِعْجَابِ عِنْدَ الْبَشَرِ طِوَالَ الدُّهُوْرِ وَمِنْهَا الْأَسْمَاكُ بِأَنْوَاعِهَا۔

استاد: بے شک سمندروں میں انسانوں کے لیے بہت سے منافع ہیں۔ لوگ پرانے زمانے سے سمندری پانیوں سے نمک حاصل کرتے رہے ہیں۔ جیسا کہ وہ اسفنج سے بہت سی چیزیں بناتے ہیں۔ سمندر کی گہرائیوں میں ایسے ایسے عجائبات ہیں کہ ان کا شمار ناممکن ہے، ان میں موتی ہیں جو زمانوں تک انسانوں کے نزدیک دلچسپی کا باعث بنے ہوئے ہیں اور قسم قسم کی مچھلیاں ہیں۔

عَلِيٌّ: وَأَغْرَبُ مِنْ هٰذَا هُوَ اكْتِشَافُ قَارَةِ أَنْتَارْ كَتِيْكَا يَا أُسْتَاذَنَا الْمُحْتَرَمَ۔

علی: استادِ محترم! اس سے بھی زیادہ عجیب براعظم انٹارکٹکا کی دریافت ہے۔

اَلْأُسْتَاذُ: نَعَمْ وَهِيَ قَارَةٌ تَرْزَحُ تَحْتَ الْكُتَلِ الضَّخْمَةِ مِنَ الْجَلِيْدِ وَالثُّلُوْجِ وَمَسَاحَتُهَا تُقَدَّرُ بِحَوَالِيْ خَمْسَةِ مَلَايِيْنَ مِيْلٍ مُرَبَّعٍ

تُغَطِّي الثُّلُوجُ خَمْسَةً وَّتِسْعِينَ فِي الْمِائَةِ مِنْهَا وَيَجْرِي عَلَيْهَا الْآنَ بُحُوثٌ عِلْمِيَّةٌ۔

استاد: ہاں اور یہ ایسا براعظم ہے جو برف۔کے بڑے بڑے بلاکوں کے نیچے دبا ہوا ہے۔اس کا رقبہ پانچ ملین مربع میل ہے۔95 فیصد رقبہ برف سے ڈھکا ہوا ہے۔اب اس پر سائنسی تحقیقات ہو رہی ہیں۔

عِمْرَانُ: وَمَا رَأْيُكُمْ فِي الْحَدِيثِ عَنِ الْبَرَاكِينِ الثَّائِرَةِ الَّتِي تُعَدُّ مِنْ أَقْوَى الظَّوَاهِرِ الطَّبِيعِيَّةِ وَأَشَدِّهَا خَطَرًا عَلٰى حَيَاةِ الْإِنْسَانِ وَمُمْتَلِكَاتِهٖ۔

عمران: بھڑکتے ہوئے آتش فشاں پہاڑوں کے سلسلے میں بات کرنے میں آپ کی کیا رائے ہے جو فطرت کے قوی ترین مملکہ مظاہر فطرت میں شمار ہوتے ہیں اور جن کا انسان کی زندگی اور اس کی جائیداد کے بڑا خطرہ ہے۔

اَلْأُسْتَاذُ: إِنَّ بَاطِنَ الْأَرْضِ شَدِيدُ الْحَرَارَةِ الَّتِي تَصْهَرُ الْمَوَادَّ الْمَعْدِنِيَّةَ وَالصُّخُورَ الْكَامِنَةَ فِي بَاطِنِ الْأَرْضِ فَتَنْبَعِثُ مِنْهَا غَازَاتٌ وَأَبْخِرَةٌ تَبْحَثُ لَهَا عَنْ مُّتَنَفَّسٍ تَخْرُجُ مِنْهُ بِضَغْطٍ شَدِيدٍ عَلٰى هَيْئَةِ بَرَاكِينَ ثَائِرَةٍ فَتُحْدِثُ الزِّلْزَالَ۔

استاد: بے شک زمین کے اندر شدید گرمی ہے جو معدنی مواد اور زمین کے اندر چھپی ہوئی چٹانوں کو پگھلاتی ہے۔پس اس سے گیسیں اور بخارات نکلتے ہیں جو اپنے لیے باہر نکلنے کی جگہ تلاش کرتے ہیں۔پس وہ آتش فشاں کی صورت میں شدید دباؤ سے باہر نکلتے ہیں تو زلزلہ آ جاتا ہے۔

عِمْرَانُ: أَشْكُرُكُمْ يَا أُسْتَاذَنَا الْجَلِيلَ عَلٰى هٰذَا التَّكَرُّمِ وَالْحَدِيثِ الْمُمْتِعِ الْمُفِيدِ۔

عمران: اس مہربانی اور مفید دلچسپ گفتگو پر آپ کا شکر گزار ہوں۔

اَلْأُسْتَاذُ: لَاشُكْرَ عَلَى الْوَاجِبِ يَا عِمْرَانُ ...... وَإِلَى اللِّقَاءِ۔

استاد: عمران شکریے کی ضرورت نہیں۔پھر ملاقات ہوگی۔

اَلتَّمَارِيْنُ

س 1۔ أَجِبْ عَنِ الْأَسْئِلَةِ التَّالِيَةِ:

درج ذیل سوالات کے جوابات دیں۔

۱۔ مَاذَا يَتَّخِذُ النَّاسُ مِنَ الْمِيَاهِ الْبَحْرِيَّةِ؟
لوگ سمندری پانیوں سے کیا حاصل کرتے رہے ہیں۔
يَتَّخِذُ النَّاسُ مِنَ الْمِيَاهِ الْبَحْرِيَّةِ الْمِلْحَ

۲۔ مَاذَا ظَلَّ مَوْضِعَ الْإِعْجَابِ عِنْدَ الْبَشَرِ طِوَالَ الدُّهُوْرِ؟
طویل زمانوں تک کیا چیز انسان کی دلچسپی کا باعث رہی ہے۔
اَللَّآلِئُ الَّتِیْ ظَلَّتْ مَوْضِعَ الْإِعْجَابِ۔

۳۔ مَا رَأْيُكُمْ عَنِ الْبَرَاكِيْنَ؟
آتش فشانوں کے بارے میں آپکی کیا رائے ہے۔
هٰذِهٖ خَطَرَةٌ عَلٰى حَيَاةِ الْإِنْسَانِ وَمُمْتَلَكَاتِهٖ۔

س2۔ إِمْلَأِ الْفَرَاغَ بِكَلِمَةٍ مُنَاسَبَةٍ۔
مناسب الفاظ سے خالی جگہ پر کریں۔

۱۔ وَأَغْرَبُ مِنْ هٰذَا هُوَ اكْتِشَافُ قَارَّةِ اَنْتَارْ كَتِيْكَا۔
۲۔ وتُغَطِّی الثُّلُوْجُ خَمْسَةً وَّتِسْعِيْنَ فِی الْمِائَةِ مِنْهَا
۳۔ وَيَجْرِیْ عَلَيْهَا الْآنَ بُحُوْثٌ عِلْمِيَّةٌ

س3۔ رَتِّبِ الْجُمَلَ مِنَ الْكَلِمَاتِ فِیْ كُلِّ سَطْرٍ۔
ہر سطر میں دیئے ہوئے الفاظ سے جملے بنائیں۔

۱۔ اَلْحَرَارَةِ ، اِنَّ ، شَدِيْدُ ، بَاطِنَ ، اَلْأَرْضِ
اِنَّ بَاطِنَ الْأَرْضِ شَدِيْدُ الْحَرَارَةِ

۲۔ اَلزِّلْزَالَ ، تُحْدِثُ ، الثَّائِرَةُ ، الْبَرَاكِيْنُ
اَلْبَرَاكِيْنُ الثَّائِرَةُ تُحْدِثُ الزِّلْزَالَ

۳۔ وَ ، الْغَازَاتُ ، تَنْبَعِثُ ، الْأَبْخِرَةُ ، بَاطِنِ ، مِنْ ، اَلْأَرْضِ
اَلْغَازَاتُ وَالْأَبْخِرَةُ تَنْبَعِثُ مِنْ بَاطِنِ الْأَرْضِ

س4۔ خُذْ عَشَرَةَ أَسْمَاءِ الْجَمْعِ وَهَاتِ بِالْمُفْرَدَاتِ لَهَا
دس اسم جمع لیں اور انھیں مفرد بنائیں۔

جمع	واحد	جمع	واحد
۱۔ صُخُوْرٌ	صَخْرَةٌ	۲۔ غَازَاتٌ	غَازٌ

٣۔ بَرَاكِينَ	بُرْكَانٌ	٤۔ ثُلُوجٌ	ثَلْجٌ
٥۔ دُهُورٌ	دَهْرٌ	٦۔ بِحَارٌ	بَحْرٌ
٧۔ غَرَائِبُ	غَرِيبٌ	٨۔ أَبْخِرَةٌ	بُخَارٌ
٩۔ كُتَلٌ	كُتْلَةٌ	١٠۔ مِيَاهٌ	مَاءٌ

س5۔ اِسْتَخْرِجْ خَمْسَةً مِنَ الْأَفْعَالِ الْمَاضِيَةِ وَصَرِّفْهَا تَصْرِيفَ الْمُضَارِعِ وَالْأَمْرِ وَالنَّهْيِ

پانچ افعال ماضیہ لیں اوران کی مضارع، امراورنہی کی گردانیں کریں۔

مضارع کی گردانیں

يَتَّخِذُ	يَصْنَعُ	يَرْزَحُ	يَنْبَعِثُ	يَصْهَرُ
يَتَّخِذَانِ	يَصْنَعَانِ	يَرْزَحَانِ	يَنْبَعِثَانِ	يَصْهَرَانِ
يَتَّخِذُونَ	يَصْنَعُونَ	يَرْزَحُونَ	يَنْبَعِثُونَ	يَصْهَرُونَ
تَتَّخِذُ	تَصْنَعُ	تَرْزَحُ	تَنْبَعِثُ	تَصْهَرُ
تَتَّخِذَانِ	تَصْنَعَانِ	تَرْزَحَانِ	تَنْبَعِثَانِ	تَصْهَرَانِ
يَتَّخِذْنَ	يَصْنَعْنَ	يَرْزَحْنَ	يَنْبَعِثْنَ	يَصْهَرْنَ
تَتَّخِذُ	تَصْنَعُ	تَرْزَحُ	تَنْبَعِثُ	تَصْهَرُ
تَتَّخِذَانِ	تَصْنَعَانِ	تَرْزَحَانِ	تَنْبَعِثَانِ	تَصْهَرَانِ
تَتَّخِذُونَ	تَصْنَعُونَ	تَرْزَحُونَ	تَنْبَعِثُونَ	تَصْهَرُونَ
تَتَّخِذِينَ	تَصْنَعِينَ	تَرْزَحِينَ	تَنْبَعِثِينَ	تَصْهَرِينَ
تَتَّخِذَانِ	تَصْنَعَانِ	تَرْزَحَانِ	تَنْبَعِثَانِ	تَصْهَرَانِ
تَتَّخِذْنَ	تَصْنَعْنَ	تَرْزَحْنَ	تَنْبَعِثْنَ	تَصْهَرْنَ
اَتَّخِذُ	اَصْنَعُ	اَرْزَحُ	اَنْبَعِثُ	اَصْهَرُ
نَتَّخِذُ	نَصْنَعُ	نَرْزَحُ	نَنْبَعِثُ	نَصْهَرُ

فعل امر کی گردانیں

اِتَّخِذْ	اِصْنَعْ	اِرْزَحْ	اِنْبَعِثْ	تَصْهَرْ

اِتَّخِذَا	اِصْنَعَا	اِرْزَحَا	اِنْبَعَثَا	تَصْهَرَا
اِتَّخِذُوْا	اِصْنَعُوْا	اِرْزَحُوْا	اِنْبَعِثُوْا	تَصْهَرُوا
اِتَّخِذِیْ	اِصْنَعِیْ	اِرْزَحِیْ	اِنْبَعِثِیْ	تَصْهَرِی
اِتَّخِذَا	اِصْنَعَا	اِرْزَحَا	اِنْبَعِثَا	تَصْهَرَا
اِتَّخِذْنَ	اِصْنَعْنَ	اِرْزَحْنَ	اِنْبَعِثْنَ	تَصْهَرْنَ

فعل نہی کی گردانیں

لَاتَتَّخِذْ	لَاتَصْنَعْ	لَاتَرْزَحْ	لَاتَنْبَعِثْ	لَاتَصْهَرْ
لَاتَتَّخِذَا	لَاتَصْنَعَا	لَاتَرْزَحَا	لَاتَنْبَعِثَا	لَاتَصْهَرَا
لَاتَتَّخِذُوْا	لَاتَصْنَعُوْا	لَاتَرْزَحُوْا	لَاتَنْبَعِثُوْا	لَاتَصْهَرُوْا
لَاتَتَّخِذِیْ	لَاتَصْنَعِیْ	لَاتَرْزَحِیْ	لَاتَنْبَعِثِیْ	لَاتَصْهَرِیْ
لَاتَتَّخِذَا	لَاتَصْنَعَا	لَاتَرْزَحَا	لَاتَنْبَعِثَا	لَاتَصْهَرَا
لَاتَتَّخِذْنَ	لَاتَصْنَعْنَ	لَاتَرْزَحْنَ	لَاتَنْبَعِثْنَ	لَاتَصْهَرْنَ

س6۔ خُذْ عَشَرَةً مِنَ التَّرَاكِيْبِ التَّوْصِيْفِيَّةِ مِنَ الدَّرْسِ وَاسْتَخْدِمْهَا فِیْ جُمَلٍ مُفِيْدَةٍ۔

سبق سے دس مرکبات توصیفی لیں اور انھیں جملوں میں استعمال کریں۔

مرکبات توصیفی	جملے
١۔ أُسْتَاذَ نَاالْكَرِيْمَ	مَاذَا تَقُوْلُ يَا أُسْتَاذَ نَاالْكَرِيْمَ فِیْ دُنْيَانَا؟ اے استادمحترم ہماری اس دنیا کے بارے میں آپکی کیا رائے ہے؟
٢۔ مَنَافِعُ كَثِيْرَةٌ	اِنَّ الْبِحَارَ فِيْهَا مَنَافِعُ كَثِيْرَةٌ بے شک سمندروں میں بہت سے منافع ہیں۔
٣۔ مِيَاهُ الْبَحْرِيَّةُ	اَلنَّاسُ يَتَّخِذُوْنَ الْمِلْحَ مِنَ الْمِيَاهِ الْبَحْرِيَّةِ لوگ سمندری پانیوں سے نمک حاصل کرتے ہیں۔
٣۔ زَمَنٌ بَعِيْدٌ	اَلنَّاسُ يَتَّخِذُوْنَ الْمِلْحَ مِنَ الْمِيَاهِ الْبَحْرِيَّةِ مُنْذُزَمَنٍ بَعِيْدٍ لوگ قدیم زمانے سے سمندری پانیوں سے نمک حاصل کرتے ہیں۔

٤۔ أَشْيَاءُ كَثِيْرَةُ	اِنَّ النَّاسَ يَصْنَعُوْنَ أُشْيَاءَ كَثِيْرَةً مِّنَ الْأَسْفَنْجِ بے شک لوگ اسفنج سے بہت سی اشیاء تیار کرتے ہیں۔
٥۔ طِوَالُ الدُّهُوْرُ	اَللّآلِي ظَلَّتْ مَوْضِعَ الْإِعْجَابِ موتی پسندیدگی کا باعث بنے رہے ہیں۔
٦۔ كُتَلُ ضَخْمَةُ	قَارَّةِ اَنْتَارْ كَتِيْكَا تَرْزَحُ تَحْتَ الْكُتَلِ الضَّخْمَةِ براعظم انٹارکٹکا برف کے ایک بڑے بلاک تلے دبا ہوا ہے۔
٧۔ بُحُوْثُ عِلْمِيَّةُ	وَيَجْرِيْ عَلٰي اَنْتَارْ كَتِيْكَا اَلْآنَ بُحُوْثٌ عِلْمِيَّةٌ اب انٹارکٹکا پر سائنسی تحقیقات جاری ہیں۔
٨۔ اَلظَّوَاهِرُ الطِّبِيْعِيَّةُ	اَلْبَرَاكِيْنُ الثَّائِرَةُ تُعَدُّ مِنْ أَقْوَى الظَّوَاهِرِ الطَّبِيْعِيَّةِ بھڑکتے ہوئے آتش فشاں قوی ترین مظاہر فطرت شمار کیے جاتے ہیں۔
٩۔ اَلصُّخُوْرُ الْكَامِنَةُ	اِنَّ فِيْ بَاطِنِ الْأَرْضِ صُخُوْرٌ كَامِنَةٌ بے شک زمین کے اندر چھپی ہوئی چٹانیں ہیں۔

س 7۔ تَرْجِمْ إِلَى الْعَرَبِيَّةِ

عربی ترجمہ کریں۔

۱۔ مجھے اچھی طرح یاد ہے۔

قَدْ تَذَكَّرْتُ جَيِّدًا

۲۔ ہم نے سائنسی ایجادات کی باتیں کیں۔

تَحَدَّثْنَا عَنِ الْإِخْتِرَاعَاتِ الْعِلْمِيَّةِ۔

۳۔ میں سوال میں پہل کرتا ہوں۔

أَنَا اَبْتَدِرُ بِالسُّؤَالِ

۴۔ ابلتے ہوئے آتش فشاں خطرناک ہیں۔

اَلْبَرَاكِيْنُ الثَّائِرَةُ خَطِيْرَةٌ

......☆......

حصہ گرائمر

قواعد (برائے جماعت نہم و دہم)

فعل ماضی، مضارع، فعل معروف و مجہول، اقسام ماضی اور تغیرات مضارع (لفظی و معنی)، اسم فاعل، صفت، مشبہ بالفعل، حروف جارہ، حروف ناصبہ، حروف جازمہ، حروف ندا، اسماء موصولہ، اسماء عدد، اسماء ضمائر، مرکبات ناقصہ، اوزانِ جمع، فاعل، مفعول، مبتداء خبر، معرب و مبنی۔

سوال: علم الصرف کی تعریف کریں۔

جواب: علم الصرف گرائمر کا وہ حصہ ہے جس میں کلمات کو بنانے اور ان میں ردو بدل کرنے کے طریقے بتائے جاتے ہیں۔ اس علم کے ذریعہ انسان کلمات کو درست اور صحیح لکھ اور پڑھ سکتا ہے اور تلفظ میں غلطی نہیں ہو سکتی۔

سوال: کلمہ کی تعریف کریں نیز اس کی قسمیں بتائیں۔ شجرہ سے واضح کریں۔

جواب: مفرد اور با معنی لفظ کو کلمہ کہا جاتا ہے اس کی مشہور اقسام تین ہیں: اسم، فعل اور حرف جن کی وضاحت نقشہ ذیل میں کی گئی ہے:

سوال: اسم کی تعریف کریں نیز اس کی تمام اقسام کی تعریف مع امثلہ نوٹ کریں۔

جواب: اسم وہ با معنی کلمہ ہے جس میں کسی شخص، جگہ یا شے کا نام پایا جائے اور اس میں کوئی زمانہ

(ماضی، حال یا مستقبل) نہ پایا جائے جیسے رَجُلٌ (مرد)، قَلَمٌ (قلم)، هِرَّةٌ بلی جنس یعنی نر اور مادہ کے لحاظ سے اس کی دو قسمیں ہیں:

مذکر: مذکر نر کو کہتے ہیں مثلاً اِبْنٌ (بیٹا)، کَلْبٌ (کتا)۔

مونث: مونث مادہ کو کہتے ہیں مثلاً بِنْتٌ (لڑکی)، کَلْبَةٌ (کتیا)۔

واحد، تثنیہ، جمع

گنتی کے لحاظ سے عربی زبان میں اسم کی تین قسمیں ہیں۔ واحد، تثنیہ اور جمع۔

واحد: ایک کو کہتے ہیں مثلاً کِتَابٌ، کَلِمَةٌ، عَیْنٌ اور طَالِبٌ وغیرہ۔

تثنیہ: دو کو کہتے ہیں اور صیغہ واحد کے آخر میں (اَن زیادہ کرنے سے تثنیہ بن جاتا ہے مثلاً قَلَمٌ سے قَلَمَانِ۔ کِتَابٌ سے کِتَابَانِ۔

جمع: دو سے زیادہ مقدار کو جمع کہا جاتا ہے اسے طَالِبُون، مُسلِمُون، کُتُبٌ، کلماتٌ وغیرہ۔

بناوٹ کے لحاظ سے اسم کی تین قسمیں ہیں۔ جامد، مصدر اور مشتق، اسم مشتق کی مشہور قسمیں درج ذیل ہیں:

اسم فاعل، اسم مفعول، صفت مشبہ، اسم تفصیل، اسم ظرف، اسم آلہ۔

اسم فاعل:

وہ اسم مشتق ہے جو اس ذات کو بتائے جس سے فعل صادر ہو یا جس کے ساتھ فعل قائم ہو۔ جیسے ناصِرٌ۔

اسم فاعل بنانے کا طریقہ:

ثلاثی مجرد فعل سے فَاعِلٌ کے وزن پر آتا ہے اور غیر ثلاثی مجرد سے اسی فعل کے مضارع معروف کے وزن پر آتا ہے اس طرح کہ علامت مضارع کی جگہ میم مضموم اور آخر میں تنوین لگائی جاتی ہے جیسے یُشْرِفُ سے مُشْرِفٌ اور یُصَرِّفُ سے مُصَرِّفٌ وغیرہ۔

گردان اسم فاعل

جنس	واحد	تثنیہ	جمع
مذکر	ضَارِبٌ مارنے والا ایک (مذکر)	ضَارِبَانِ مارنے والے دو	ضَارِبُوْنَ بہت سے مارنے والے

مونث	ضَارِبَةٌ مارنے والی (مونث)	ضَارِبَتَانِ دو مارنے والیاں	ضَارِبَاتٌ بہت سی مارنے والیاں

نوٹ: جب فاعل میں مصدری معنی کی زیادتی پائی جائے تو اسے اسم مبالغہ کہتے ہیں جیسے رَحِيْمٌ (زیادہ رحم کرنے والا)، سَفَّاكٌ (بڑا خون ریز)، صِدِّيْقٌ (بہت سچا)، كَذَّابٌ (بہت جھوٹا)، اَكُوْلٌ (بہت کھانے والا) كُبَّارٌ (بہت بزرگ)۔

اسم مفعول:

اسم مفعول وہ اسم مشتق ہے جو اس ذات کو بتائے جس پر فعل واقع ہوا ہو جیسے مَقْتُوْلٌ (قتل کیا ہوا)، مَشْرُوْبٌ (پیا ہوا)۔

بنانے کا قاعدہ:

سہ حرفی فعل سے مَفْعُوْلٌ کے وزن پر آتا ہے اور غیر سہ حرفی فعل سے مضارع مجہول کے وزن پر آتا ہے۔ اس طرح کہ علامت مضارع کی جگہ میم مضموم اور آخر میں تنوین ہوتی ہے جیسے يُكْرَمُ سے مُكْرَمٌ، يُصَرَّفُ سے مُصَرَّفٌ وغیرہ۔

گردان اسم مفعول

جنس	واحد	تثنیہ	جمع
مذکر	مَنْصُوْرٌ	مَنْصُوْرَانِ	مَنْصُوْرُوْنَ
مونث	مَنْصُوْرَةٌ	مَنْصُوْرَتَانِ	مَنْصُوْرَاتٌ

نوٹ: اسم مفعول بھی فَعِيْلٌ جیسے جَرِيْحٌ (بمعنی مَجْرُوْحٌ) اور فُعَلَةٌ جیسے ضُحَكَةٌ (بمعنی ہنستا ہوا) کے وزن پر بھی آتا ہے۔

صفت مشبہ

وہ اسم مشتق ہے جو اس ذات کو بتائے جس میں مصدری معنی بطور پائیداری کے پائے جائیں یہ فعل لازم سے بنتا ہے جیسے جَمِيْلٌ (خوبصورت) اس کے مشہور اوزان یہ ہیں:

فَعِيْلٌ	كَرِيْمٌ	(کرم والا)	فِعْلٌ	صِفْرٌ	(خالی)
فَعَلٌ	حَسَنٌ	(نیک)	فُعُلٌ	جُنُبٌ	(ناپاک)
اَفْعَلُ	اَحْمَرُ	(سرخ)	فَعِيْلٌ	سَيِّدٌ	(سردار)

فُعَالٌ	شُجَاعٌ	(بہادر)	فُعْلَانٌ	عُرْيَانٌ	(برہنہ)
فَعْلَانٌ	عَطْشَانٌ	(پیاسا)			

اسم تفضیل:

اسم تفضیل وہ اسم ہے جو اس شخص یا چیز کو بتائے جس میں مصدری معنی کی اوروں کی نسبت زیادتی پائی جائے۔ جیسے اَللّٰهُ اَكْبَرُ (اللہ سب سے بڑا ہے)۔

گردان اسم تفضیل

جنس	واحد	تثنیہ	جمع
مذکر	اَضْرَبُ	اَضْرَبَانِ	اَضْرَبُوْنَ
مونث	ضُرْبٰى	ضُرْبَيَانِ	ضُرْبَيَاتٌ

نوٹ: جب کسی شخص پر تفضیل مقصود ہوتی ہے تو اسم تفضیل کے بعد مِنْ لاتے ہیں جیسے رَشِيْدٌ اَفْضَلُ مِنْ بَكْرٍ (رشید بکر سے افضل ہے) اور جب کل پر فضیلت جتلانی مقصود ہو تو پھر اسم تفضیل کو مضاف کر دیتے ہیں یا اس پر اَلْ لگاتے ہیں جیسے زَيْدٌ اَفْضَلُ الْقَوْمِ یا زَيْدُنِ الْاَفْضَلُ۔

اسم ظرف:

وہ اسم مشتق ہے جو اس زمان یا مکان پر دلالت کرے جس میں کام واقع ہو جیسے مَضْرِبٌ (وہ جگہ یا مقام جس میں ضرب واقع ہو) اس کا مَفْعَلٌ یا مَفْعِلٌ کے وزن پر آتا ہے۔

بنانے کا طریقہ:

اگر مضارع مضموم العین یا مفتوح العین ہو اسم ظرف مفتوح العین آتا ہے جیسے مَفْتَحٌ، مَنْصَرٌ اور مضارع اگر مسکور العین ہو تو ظرف بھی مسکور العین ہی آئے گی جیسے مَضْرِبٌ، مَوْعِدٌ۔

لیکن مندرجہ ذیل اسماء ظرف خلاف قیاس آتے ہیں جیسے مَسْجِدٌ، مَنْبِتٌ، مَشْرِقٌ، مَغْرِبٌ، مَسْقِطٌ، مَسْكِنٌ، مَطْلِعٌ وغیرہ۔

گردان اسم ظرف

مذکر مونث	واحد	تثنیہ	جمع
مشترک	مَفْعَلٌ	مَفْعَلَانِ	مَفَاعِلُ

نوٹ: اسم ظرف میں مذکر اور مونث کا امتیاز نہیں ہوتا بلکہ مشترک ہوتے ہیں۔ غیر ثلاثی مجرد سے اسم ظرف ان ابواب کے اسم مفعول کے وزن پر آتا ہے، جیسے مَعْسَکَرٌ (لشکر کی سکونت کی جگہ) مَخْرَجٌ (نکلنے کی جگہ)۔

اسم آلہ:

اسم آلہ وہ اسم مشتق ہے جو اس چیز کو بتائے جس سے کوئی کام لیا جائے مِخْيَطٌ (سوئی)، مِرْوَحَةٌ (پنکھا)، مِفْتَاحٌ (چابی) اس کے تین وزن ہیں جیسے کہ گردان کے نقشہ سے واضح ہو رہا ہے۔

گردان اسم آلہ

جمع	تثنیہ	واحد
مَفَاعِلُ	مِفْعَلَانِ	مِفْعَلٌ
مَفَاعِلُ	مِفْعَلَتَانِ	مِفْعَلَةٌ
مَفَاعِيْلُ	مِفْعَالَانِ	مِفْعَالٌ

نوٹ: اسم آلہ میں بھی مذکر و مونث کی کوئی تمیز نہیں ہوتی۔ اسم ظرف کی مثل اس کے صیغے بھی تذکیر و تانیث میں مشترک ہوتے ہیں۔

سوال: اسم نکرہ اور معرفہ کی تعریف کریں نیز ان کی قسمیں لکھیں۔

جواب: اسم نکرہ وہ اسم ہے جو غیر معین اور عام ہو مثلاً کِتَابٌ، قَلَمٌ۔

اسم معرفہ:

اسم معرفہ وہ اسم ہے جو معین اور خاص چیز کے لیے بولا جائے مثلاً اَلْكِتَابُ (خاص کتاب)، زَيْدٌ، لَاهُور۔

معرفہ کی مشہور اقسام

1۔ معرف باللام (یعنی وہ اسم جس پر لام تعریف داخل ہو)، 2۔ ضمائر، 3۔ اسم اشارہ، 4۔ اسم موصول۔

سوال: اسم ضمیر کی تعریف کریں۔ نیز اس کی اقسام مع گردان نوٹ کریں۔

جواب: اسم ضمیر وہ چھوٹا سا نام ہے جو اسم کی جگہ استعمال کیا جاتا ہے مثلاً زَيْدٌ کے بجائے هُوَ (وہ) یا اَنْتَ (تو) وغیرہ استعمال ہو۔

ضمیر کی دو قسمیں

ضمیر متصل اور ضمیر منفصل

ضمیر متصل: ضمیر متصل وہ ضمیر ہوتی ہے جو کسی کے ساتھ مل کر آئے جیسے **ضَرَبَهٗ** میں **هٗ** ضمیر فعل کے ساتھ لگی ہوئی ہے۔

ضمیر منفصل: ضمیر منفصل وہ ہے جو الگ استعمال ہو جیسے **جَاءَ هُوَ** میں **هُوَ جَاءَ** فعل استعمال سے الگ ہے اگر ضمیر فاعل کی جگہ پر استعمال ہو تو اسے ضمیر مرفوع اور اگر مفعول کی جگہ پر استعمال ہو تو ضمیر منصوب اور حرف جر یا مضاف کے بعد آئے اسے ضمیر مجرور کہتے ہیں۔

گردان ضمیر مرفوع منفصل

	مذکر			مونث		
غائب	هُوَ	هُمَا	هُمْ	هِيَ	هُمَا	هُنَّ
حاضر	اَنْتَ	اَنْتُمَا	اَنْتُمْ	اَنْتِ	اَنْتُمَا	اَنْتُنَّ
متکلم	اَنَا	نَحْنُ	نَحْنُ	اَنَا	نَحْنُ	نَحْنُ

گردان ضمیر منصوب منفصل

	مذکر			مونث		
غائب	اِيَّاهُ	اِيَّاهُمَا	اِيَّاهُمْ	اِيَّاهَا	اِيَّاهُمَا	اِيَّاهُنَّ
حاضر	اِيَّاكَ	اِيَّاكُمَا	اِيَّاكُمْ	اِيَّاكِ	اِيَّاكُمَا	اِيَّاكُنَّ
متکلم	اِيَّایَ	اِيَّانَا	اِيَّانَا	اِيَّایَ	اِيَّانَا	اِيَّانَا

گردان ضمیر منصوب و مجرور منفصل

	مذکر			مونث		
غائب	هٗ	هُمَا	هُمْ	هَا	هُمَا	هُنَّ
حاضر	كَ	كُمَا	كُمْ	كِ	كُمَا	كُنَّ
متکلم	ی	نا	نا	ی	نا	نَا

نوٹ: i- ضمیر متصل اگر فعل کے ساتھ بطور مفعول آئے تو اسے منصوب متصل کہتے ہیں۔ جیسے

ضَرَبَہٗ، ضَرَبَھُمَا وغیرہ اور اگر حروف جر کے بعد لائی جائے تو ضمیر مجرور متصل کہلائے گی جیسے کَلْبُہٗ، کَلْبُھُمَا، لَہٗ، لَھُمَا وغیرہ۔

ii- فعل ماضی کے ساتھ جو ضمیر آئے اسے ضمیر مرفوع متصل بازر (ظاہر) کہتے ہیں جیسے نَصَرَا نَصَرُوْا وغیرہ سوائے نَصَرَ اور نَصَرَتْ کے ان میں ضمیر پوشیدہ (مستتر) ہے اور فعل مضارع کی گردان میں یَفْعِلُ، تَفْعِلُ، اَفْعِلُ اور نَفْعِلُ کے صیغوں میں ضمیر مرفوع متصل مستتر (پوشیدہ) ہے اسی طرح فعل امر کے پہلے صیغہ میں بھی ضمیر مرفوع مستتر ہے۔

سوال: اسم اشارہ کی تعریف کریں اور اس کی گردان بھی سپرد قلم کریں۔

جواب: جس اسم سے کسی چیز کی طرف اشارہ کیا جائے اسے اسم اشارہ کہتے ہیں اور جس چیز کی طرف اشارہ کیا جائے اسے مشارٌ الیہ کہتے ہیں جیسے ھٰذَا کِتَابٌ میں ھٰذا کا لفظ اسم اشارہ اور کِتَابٌ کا لفظ مشارٌ الیہ کہلاتا ہے۔

اسم اشارہ کی دو قسمیں

اشارہ قریب، اشارہ بعید

گردان اسم اشارہ قریب

جنس	واحد	تثنیہ	جمع
مذکر	ھٰذَا (یہ)	ھٰذَانِ (یہ دو)	ھٰؤُلَآءِ (یہ سب)
مونث	ھٰذِہٖ (یہ)	ھَاتَانِ (یہ دو)	ھٰؤُلَآءِ (یہ سب)

گردان اسم اشارہ بعید

جنس	واحد	تثنیہ	جمع
مذکر	ذَالِکَ (وہ ایک)	ذَانِکَ (وہ دو)	اُولٰئِکَ (وہ سب)
مونث	تِلْکَ (وہ ایک)	تَانِکَ (وہ دو)	اُولٰئِکَ (وہ سب)

نوٹ: جمع کا اشارہ مذکر اور مونث دونوں کے لیے ایک جیسا ہے۔

ھُنَا، ھٰھُنَا، ھُنَالِکَ وغیرہ سے خاص مکان یا جگہ کی طرف اشارہ کیا جاتا ہے اس لیے انہیں اشارہ مکانی کہا جاتا ہے۔ یہ اشارہ کسی چیز کی موجودگی کو ظاہر کرتا ہے۔

سوال: اسم موصول کی تعریف کریں اور اسماء موصولہ کا تذکرہ بھی کریں۔

جواب: اسم موصول وہ ہے جس کے بعد ایک جملہ آ کر مقصود کو متعین کر دیتا ہے جس جملے سے

اس کے معنی کی تعین ہوتی ہے وہ اس کا صلہ کہلاتا ہے' جیسے اَکْرِمِ الَّذِیْ عَلَّمَكَ میں اَلَّذِیْ اسم موصول اور عَلَّمَكَ جملہ اس کا صلہ ہے۔

گردان اسم موصول

جنس	واحد	تثنیہ	جمع
مذکر	اَلَّذِیْ	اَللَّذَان	اَلَّذِیْنَ
مونث	اَلَّتِیْ	اَللَّتَانِ/اَللَّتَیْنِ	اَللَّوَاتِیْ

مَنْ اور مَا بھی اسم موصول ہیں۔ فرق یہ ہے کہ مَنْ ذی عقل (انسان) کے لیے اور مَا غیر ذی عقل اشیاء کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

سوال: عربی زبان کے اسماء اعداد نوٹ کریں۔ نیز ان کے چیدہ چیدہ قواعد بھی درج کریں۔

جواب: اسم عدد کی دو قسمیں ہیں۔ کچھ عدد وہ ہوتے ہیں جو کسی ذات کو شمار کریں۔ یہ اعداد ذاتی کہلاتے ہیں۔ دوسرے وہ اعداد ہوتے ہیں جو کسی کی صفت میں واقع ہوں ان کو اعداد صفاتی کہا جاتا ہے۔ عربی زبان میں اعداد ذاتی یہ ہیں۔

اسماء اعداد ذاتی

نمبر شمار	مذکر	مونث	نمبر شمار	مذکر	مونث
1-	وَاحِدٌ' اَحَدٌ	وَاحِدَۃٌ' اِحْدٰی	9-	تِسْعَۃٌ	تِسْعٌ
2-	اِثْنَانِ	اِثْنَتَانِ	10-	عَشَرَۃٌ	عَشَرٌ
3-	ثَلٰثَۃٌ	ثَلٰثٌ	11-	اَحَدَ عَشَرَ	اِحْدٰی عَشَرَۃَ
4-	اَرْبَعَۃٌ	اَرْبَعٌ	12-	اِثْنَا عَشَرَ	اِثْنَتَا عَشَرَۃَ
5-	خَمْسَۃٌ	خَمْسٌ	13-	ثَلٰثَۃَ عَشَرَ	ثَلٰثَ عَشَرَۃَ
6-	سِتَّۃٌ	سِتٌّ	14-	اَرْبَعَۃَ عَشَرَ	اَرْبَعَ عَشَرَۃَ
7-	سَبْعَۃٌ	سَبْعٌ	15-	خَمْسَۃَ عَشَرَ	خَمْسَ عَشَرَۃَ
8-	ثَمَانِیَۃٌ	ثَمَانٍ	16-	سِتَّۃَ عَشَرَ	سِتَّ عَشَرَۃَ
9-	سَبْعَۃَ عَشَرَ	سَبْعَ عَشَرَۃَ	18-	تِسْعَۃَ عَشَرَ	تِسْعَ عَشَرَۃَ
19-	ثَمَانِیَۃَ عَشَرَ	ثَمَانِی عَشَرَۃَ	20-	عِشْرُوْنَ	عِشْرُوْنَ

نوٹ:

i- 1، 2، 11، 12 ان اعداد کی تذکیر و تانیث قیاس کے مطابق ہوگی۔ 3 سے 10 تک اعداد کی تذکیر و تانیث خلاف قیاس ہوگی۔ معدود مذکر ہو تو عدد مونث اور اگر معدود مونث ہو تو عدد مذکر آئے گا۔ 21 سے 99 تک اعداد میں اکائی اور دہائی کے درمیان واؤ بڑھ جاتی ہے مثلاً اَحَدٌ وَّ عِشْرُوْنَ وغیرہ نیز 21 سے 99 تک اعداد کی تذکیر و تانیث حسب ذیل طریق پر ہوگی۔

ہر دہائی کے ساتھ 1، 2 اکائی کی صورت میں مطابق قیاس معدود مذکر ہو تو عدد مذکر اور اگر معدود مونث ہو تو عدد بھی مونث ہوگا۔ مثلاً اَحَدٌ وَّ عِشْرُوْنَ رَجُلاً، اِحْدٰی وَعِشْرُوْنَ امْرَأَةً اور ہر دہائی کے ساتھ 3 تا 9 اکائی کی صورت میں خلاف قیاس یعنی معدود مذکر ہو تو اکائی مذکر ہوگی جیسے ثَلٰثَةٌ وَّعِشْرُوْنَ رَجُلاً، ثَلٰثٌ وَّعِشْرُوْنَ اِمْرَأَةً۔ یاد رہے دہائی میں تذکیر و تانیث کی کوئی تمیز نہیں ہے۔

ii- دہائی کی عربی حسب ذیل آئے گی۔

عِشْرُوْنَ، ثَلٰثُوْنَ، اَرْبَعُوْنَ، خَمْسُوْنَ، سِتُّوْنَ، سَبْعُوْنَ، ثَمَانُوْنَ، تِسْعُوْنَ، مِأَةٌ (ایک سو) مِأَتَانِ (دو سو) اور اس کے آگے اُحاد کے آخر میں مَأَةٌ زیادہ کرتے جاؤ مثلاً ثَلٰثُ مِأَةٍ وغیرہ مِأَةٌ کی جمع مِأَاتٌ آئے گی۔ اَلْفٌ (ایک ہزار)، اَلْفَانِ (دو ہزار) اٰلَافٌ جمع آئے گی۔

اعداد صفائی:

اَوَّلٌ (پہلا) اور اُوْلٰی (پہلی) کے آگے اعداد صفتی قیاساً مذکر کے لیے فَاعِلٌ اور مونث کے لیے فَاعِلَةٌ کے وزن پر آتے ہیں۔ جیسے ثَانِی، ثَانِیَةٌ، ثَالِثٌ، ثَالِثَةٌ وغیرہ۔

کسور کے لیے نِصْفٌ کے سوا فُعْلٌ کے وزن پر $\frac{1}{3}$ سے $\frac{1}{10}$ تک عدد آتا ہے مثلاً ثُلُثٌ $\frac{1}{3}$، رُبُعٌ $\frac{1}{4}$، خُمُسٌ $\frac{1}{5}$، سُدُسٌ $\frac{1}{6}$، سُبُعٌ $\frac{1}{7}$، ثُمُنٌ $\frac{1}{8}$، تُسُعٌ $\frac{1}{9}$، عُشُرٌ $\frac{1}{10}$۔

سوال: جمع بنانے کے قاعدے لکھیے اور مشہور الفاظ کی جمع لکھیے۔

جواب: جمع کی دو قسمیں ہیں ایک جمع سالم اور دوسری جمع مکسر۔

جمع سالم بناتے وقت واحد کی بنا میں کوئی فرق نہیں آتا جیسے مُسْلِمٌ سے مُسْلِمُوْنَ اور مُسْلِمَةٌ سے مُسْلِمَاتٌ اور جمع مکسر بناتے وقت واحد کی بناء سالم نہیں رہتی ٹوٹ جاتی ہے جیسے

عَالِمٌ سے عُلَمَاء، رَجُلٌ سے رِجَالٌ وغیرہ۔ جمع سالم کی دو قسمیں ہیں ایک مذکر اور دوسری مونث۔

جمع مذکر سالم بنانے کا قاعدہ:

واحد کے آخر میں "ون" ماقبل مضموم یا "ین" ماقبل مکسور زیادہ کرنے سے جمع مذکر سالم بن جاتی ہے جیسے مُسْلِمٌ سے مُسْلِمُوْنَ، مُسْلِمِیْنَ۔

جمع مونث سالم بنانے کا قاعدہ:

واحد مذکر کے آخر میں "ات" زیادہ کرنے سے جمع مؤنث سالم بن جاتی ہے جیسے مُسْلِمٌ سے مُسْلِمَاتٌ۔

نوٹ: جمع مسکر بنانے کا کوئی قاعدہ نہیں صرف اوزان مقرر ہیں جن کے مطابق جمع آتی ہے جیسے عَالِمٌ سے عُلَمَاء، آیَۃٌ سے آیَاتٌ۔ اَخٌ سے اِخْوَانٌ، بَیْتٌ سے بُیُوْتٌ، عَمَلٌ سے اَعْمَالٌ، اَقْلِیْمٌ سے اَقَالِیْمٌ، حِصَّۃٌ سے حِصَصٌ وغیرہ۔

سوال: مونث کی کتنی قسمیں ہیں؟ مثالوں سے واضح کریں۔

جواب: مونث کی دو قسمیں ہیں: مونث حقیقی، مونث غیر حقیقی۔

جس مونث کے مقابلہ میں مذکر یعنی نر ہو اسے مونث حقیقی کہتے ہیں جیسے اِمْرَأَۃٌ کے مقابلہ میں رَجُلٌ اور اگر مونث کے مقابلہ میں نر نہ ہو تو وہ مونث غیر حقیقی کہلائے گا۔

علامات مونث:

علامات مونث تین ہیں:

1- ۃ اسم کے آخر میں ۃ بڑھانے سے لفظ مؤنث بن جاتا ہے جیسے حَسَنٌ سے حَسَنَۃٌ اور مَلِكٌ سے مَلِكَۃٌ، ضَارِبٌ سے ضَارِبَۃٌ اس قاعدہ کا استعمال زیادہ اسم جامد اور اسم صفت میں ہوتا ہے۔

2- الف مقصورہ جیسے صُغْرٰی، کُبْرٰی وغیرہ۔

3- الف ممدودہ (اء) بعض اسموں کے آخر میں الف مقصورہ الف ممدودہ تانیث کی علامت ہوتی ہے جیسے زَهْرَاءُ، خَضْرَاءُ وغیرہ۔

بعض اسماء بغیر کسی علامتِ تانیث کے مونث مانے جاتے ہیں ان کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے:

الف۔ جو اسم کسی مونث پر بولا جائے اُمٌّ (ماں)، عَرُوْسٌ (دلہن)، هِنْدٌ (نام عورت)۔

ب۔ ملکوں کے نام مثلاً مِصْرُ (ملک مصر)، اَلشَّامُ (ملک شام)، اَلرُّوْمُ (ملک روم)۔

ج۔ بدن کے اعضاء کے نام جو جفت ہوں جیسے یَدٌ (ہاتھ)'رِجْلٌ (پاؤں)'اُذُنٌ (کان)'عَیْنٌ (آنکھ)'سوائے حَاجِبٌ (ابرو)اور خَدٌّ(رخسار) کے۔

د۔ اسماء مذکورہ کے علاوہ بعض ایسے اسم ہیں جس کو اہل عرب مونث استعمال کرتے ہیں انہیں مؤنث سماعی کہا جاتا ہے مثلاً حَرْبٌ (لڑائی)'خَمْرٌ (شراب)'رِیْحٌ (ہوا)'سُوْقٌ (بازار)'شَمْسٌ (سورج)'نَارٌ (آگ)'نَفْسٌ (جان)۔

ہ۔ حروف تہجی تمام مونث ہیں۔

نوٹ: بعض اسماء کے آخر میں ۃ ہوتی ہے مگر ان کا استعمال مذکر جیسا ہوتا ہے کیونکہ وہ مردوں پر بولے جاتے ہیں مثلاً عَلَّامَۃٌ (بہت عالم)'خَلِیْفَۃٌ (بادشاہ)وغیرہ۔

سوال: فعل کی تعریف کریں۔نیز اس کی قسمیں بھی بیان کریں۔

جواب: فعل کلمہ کی وہ قسم ہے جس میں کسی کام کا کرنا' ہونا یا سہنا پایا جائے اور اس میں کوئی زمانہ بھی پایا جائے۔زمانے تین ہیں ماضی' حال' مستقبل' فعل کی زمانے کے لحاظ سے چار قسمیں ہیں۔

1-ماضی'2-مضارع'3-امر'4-نہی۔

ماضی:

وہ فعل ہے جس میں گزرا ہوا زمانہ پایا جائے جیسے ضَرَبَ زَیْدٌ (زید نے مارا)۔

مضارع:

وہ فعل ہے جس میں زمانہ حال اور زمانہ مستقبل پایا جائے جیسے یَنْصُرُ (وہ مدد کرتا ہے یا مدد کرے گا)۔

امر:

وہ فعل ہے جس میں حکم پایا جائے جیسے اِضْرِبْ (تو مار)'اُنْصُرْ (تو مدد کر)۔

نہی:

وہ فعل ہے جس میں کسی کام سے روکا جائے جیسے لَا تَضْرِبْ (مت مار)۔

سوال: فعل لازم اور فعل متعدی کی تعریف کریں اور مثالیں بھی دیں۔

جواب: فعل لازم وہ فعل ہے جو صرف اپنے فاعل پر ختم ہو جائے اور اس میں مفعول کی ضرورت نہ پڑے جیسے جَلَسَ زَیْدٌ (زید بیٹھا)'قَامَ رَشِیْدٌ (رشید کھڑا ہوا)۔

فعل متعدی وہ فعل ہے جو اپنے فاعل کے ساتھ مفعول کو بھی چاہے جیسے اَکَلَ زَیْدٌ خُبْزًا (زید نے روٹی کھائی) اس میں زَیْدٌ فاعل اور خُبْزًا مفعول ہے۔

سوال: فعل معروف اور فعل مجہول کی تعریف مع امثلہ درج کریں۔

جواب: فعل معروف وہ فعل ہے جس کے فاعل (کرنے والا) کا پتہ ہو کہ اس کام کے کرنے والا فلاں ہے مثلاً سَرَقَ رَجُلٌ (آدمی نے چوری کی) اس میں سَرَقَ فعل ہے جس کا فاعل رَجُلٌ موجود ہے۔

فعل مجہول وہ فعل ہے جس کے فاعل (کرنے والا) کا پتہ معلوم نہ ہو کہ کام کا کرنے والا کون ہے جیسے نُصِرَ رَشِیْدٌ (رشید کی مدد کی گئی) اس جملہ میں یہ معلوم نہیں کہ مدد کرنے والا کون ہے نُصِرَ کا لفظ فعل مجہول ہے۔

نوٹ: ہر فعل کی دو قسمیں ہیں فعل معروف اور فعل مجہول۔

سوال: فعل ماضی معروف کی گردان لکھیں۔

جواب: **گردان فعل ماضی معروف**

واحد	تثنیہ	جمع
فَعَلَ اس نے کیا (مذکر)	فَعَلَا ان دونے کیا	فَعَلُوْا ان سب نے کیا (مذکر)
فَعَلَتْ اس نے کیا (مونث)	فَعَلَتَا ان دونے کیا	فَعَلْنَ ان سب نے کیا (مونث)
فَعَلْتَ تو ایک (مذکر) نے کیا	فَعَلْتُمَا تم دونے (مذکر) کیا	فَعَلْتُمْ تم سب نے کیا (مذکر)
فَعَلْتِ تو ایک (مونث) نے کیا	فَعَلْتُمَا تم دونے (مونث) کیا	فَعَلْتُنَّ تم سب نے (مونث) کیا
فَعَلْتُ میں نے کیا	فَعَلْنَا ہم دونے کیا	فَعَلْنَا ہم سب نے کیا

نوٹ: عربی زبان میں فاعل کی تعداد تین ہیں (1) واحد (2) تثنیہ (3) جمع۔

اُردو اور فارسی میں تثنیہ کو جمع میں شمار کرتے ہیں۔ نیز عربی زبان میں فعل کی تذکیر و تانیث کا بھی فرق ہوتا ہے پھر فاعل یا غائب ہوگا یا مخاطب یا متکلم۔ اس لحاظ سے فعل ماضی اور فعل مضارع کے اٹھارہ صیغے ہوتے ہیں مگر عربوں کے استعمال میں بعض صیغے مشترک آتے ہیں۔ چنانچہ متکلم کے چھ صیغوں کے بجائے دو صیغے مستعمل ہیں یعنی واحد متکلم مذکر و مونث اور تثنیہ جمع متکلم مذکر

ومونث صیغوں کی تفصیل درج ذیل ہے:

تفصیل صیغہاء ماضی

مذکر غائب کے صیغے	3	مونث غائب کے صیغے	3
مذکر مخاطب کے صیغے	3	مونث مخاطب کے صیغے	3
مذکر متکلم کے صیغے	3	مونث متکلم کے صیغے	3

سوال: فعل ماضی مجہول کے بنانے کا قاعدہ اور گردان لکھیں۔

جواب: فعل ماضی مجہول میں فاعل کا پتہ نہیں ہوتا۔ جیسے کُتِبَ کِتَابٌ (کتاب لکھی گئی) قُرِأَ کِتَابٌ (کتاب پڑھی گئی)۔

فعل ماضی مجہول بنانے کا قاعدہ:

ماضی معروف کے پہلے حرف کو پیش اور آخر کے ماقبل کو زیر دینے سے ماضی مجہول بن جاتی ہے جیسے مَنَعَ سے مُنِعَ اور اگر ماقبل آخر کے پہلے کوئی حرف متحرک ہو تو وہ بھی مضموم ہوگا جیسے اِسْتَنْصَرَ سے اُسْتُنْصِرَ۔

		واحد	تثنیہ	جمع
غائب	مذکر	فُعِلَ	فُعِلَا	فُعِلُوْا
	مونث	فُعِلَتْ	فُعِلَتَا	فُعِلْنَ
حاضر	مذکر	فُعِلْتَ	فُعِلْتُمَا	فُعِلْتُمْ
	مونث	فُعِلْتِ	فُعِلْتُمَا	فُعِلْتُنَّ
متکلم		فُعِلْتُ	فُعِلْنَا	فُعِلْنَا

نوٹ: i- ما اور لا کے آنے سے ماضی میں منفی کے معنی پیدا ہوتے ہیں لفظوں میں کوئی تبدیلی نہیں ہوتی۔ دونوں لفظوں کے استعمال میں یہ فرق ہے کہ ما تنہا آتا ہے جیسے مَا فَعَلَ (اس نے نہیں مارا) اور لا کے واسطے [illegible] لا اور ماضی کا آنا ضروری ہوتا ہے جیسے لَا صَدَّقَ وَلَا صَلّٰی (نہ اس نے تصدیق کی اور نہ نماز پڑھی)۔

ii- ماضی کے شروع میں قَدْ داخل ہونے سے ماضی قریب کے معنی پیدا ہو جاتے ہیں جیسے قَدْ ذَهَبَ (وہ چلا گیا ہے) لفظوں میں کوئی تبدیلی نہیں ہوتی۔

iii- کان ماضی پر زیادہ کرنے سے ماضی بعید کا صیغہ بن جاتا ہے جیسے کَانَ قَتَلَ (اس

نے قتل کیا تھا) ماضی بعید میں ماضی کے الفاظ کے ساتھ لفظ کَانَ میں بھی برابر تبدیلی ہوتی رہتی ہے۔

سوال: کان کی گردان نوٹ کریں۔

جواب: کَانَ، کَانَا، کَانُوا، کَانَتْ، کَانَتَا، کُنَّ، کُنْتَ، کُنْتُمَا، کُنْتُمْ، کُنْتِ، کُنْتُمَا، کُنْتُنَّ، کُنْتُ، کُنَّا۔

سوال: مضارع معروف کے بنانے کا قاعدہ اور گردان تحریر کریں۔

جواب: مضارع وہ فعل ہے جس میں کام زمانہ حال اور مستقبل میں پایا جائے مثلاً یَکْتُبُ زَیْدٌ (زید لکھتا ہے یا لکھے گا)

بنانے کا قاعدہ:

مضارع معروف ماضی معروف سے یوں تیار کیا جاتا ہے کہ علامت مضارع حروف ''اتین'' (ا ت ی ن) میں سے ''ی'' چار صیغوں کے شروع میں بڑھایا جائے اور ''ت'' آٹھ صیغوں کے شروع میں اور ''ا'' اور ''ن'' ایک ایک صیغہ کے شروع میں بڑھایا جائے اور فاء کلمہ کو ساکن کر کے آخر میں پیش یا نون اعرابی لگایا جائے۔

نوٹ: علامت مضارع سب جگہ مفتوح ہوتی ہے مگر ماضی چار حرفی کے مضارع میں مضموم ہوتی ہے جیسے دَحْرَجَ سے یُدَحْرِجُ۔

گردان مضارع معروف

		واحد	تثنیہ	جمع
غائب	مذکر	یَضْرِبُ	یَضْرِبَانِ	یَضْرِبُوْنَ
	مونث	تَضْرِبُ	تَضْرِبَانِ	یَضْرِبْنَ
حاضر	مذکر	یَضْرِبُ	یَضْرِبَانِ	یَضْرِبُوْنَ
	مونث	تَضْرِبِیْنَ	تَضْرِبَانِ	تَضْرِبْنَ
متکلم		اَضْرِبُ	نَضْرِبُ	نَضْرِبُ

نوٹ: مضارع کے ماقبل آخر کی حرکت مختلف ہوتی ہے یعنی مکسور، مفتوح اور مضموم تینوں حرکتیں استعمال ہوتی ہیں جیسا کہ ثلاثی مجرد کے ابواب سے واضح ہوگا۔

سوال: مضارع مجہول کی تعریف کریں نیز گردان بھی لکھیں۔

جواب: مضارع مجہول وہ فعل ہے جس کے فاعل کا پتہ نہ ہو مثلاً یُنْصَرُ (مدد کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا) اس کے بنانے کا قاعدہ درج ذیل ہے:

بنانے کا قاعدہ:

مضارع مجہول کے مضارع معروف سے تیار کیا جاتا ہے علامت مضارع کو مضموم اور ماقبل آخر کو مفتوح کرنے سے مضارع مجہول بنتا ہے۔

گردان مضارع مجہول

		واحد	تثنیہ	جمع
غائب	مذکر	يُضْرَبُ	يُضْرَبَانِ	يُضْرَبُوْنَ
	مونث	تُضْرَبُ	تُضْرَبَانِ	يُضْرَبْنَ
حاضر	مذکر	تُضْرَبُ	تُضْرَبَانِ	تُضْرَبُوْنَ
	مونث	تُضْرَبِيْنَ	تُضْرَبَانِ	تُضْرَبْنَ
متکلم		أُضْرَبُ	نُضْرَبُ	نُضْرَبُ

نوٹ: i- س اور سوف مضارع کے پہلے زیادہ کرنے سے خاص مستقبل کا صیغہ بن جاتا ہے فرق صرف یہ ہے س مستقبل قریب کے لیے اور سوف مستقبل بعید کے لیے آتا ہے مثلاً سَيَضْرِبُ (وہ جلدی مارے گا) سَوْفَ يَضْرِبُ (عنقریب مارے گا)۔

ii- اگر مضارع کو زمانہ حال کے ساتھ مخصوص کرنا ہو تو اس سے پہلے "ل" بڑھا دیتے ہیں جیسے لَيَضْرِبُ (وہ مارتا ہے)۔

iii- كَانَ مضارع سے پہلے زیادہ کرنے سے ماضی استمراری کا صیغہ بن جاتا ہے جیسے كَانَ يَضْرِبُ (وہ مارتا تھا/ وہ مار رہا تھا) مضارع کے صیغوں کی تبدیلی کے ساتھ ساتھ كَانَ کے لفظ بھی بدلتے رہیں گے۔

iv- مضارع ہر حرف نفی لَا یا مَا زیادہ کیا جائے تو مثبت سے نفی بن جاتا ہے لیکن الفاظ میں کوئی تبدیلی نہیں ہوتی جیسے لَا يَضْرِبُ (وہ نہیں مارتا یا نہیں مارے گا)۔

سوال: فعل نفی حجد بہ لم کی تعریف کریں نیز گردان بھی تحریر کریں۔

جواب: فعل مضارع کے پہلے حرف لَمْ لگانے سے ماضی منفی کے معنی پیدا ہو جاتے ہیں۔ اس وقت مضارع کے آخر میں پیش اور نون اعرابی اور حرف علت (اگر ہوں) سب گر جاتے ہیں سوائے

چھٹے اور بارہویں صیغے کے کہ ان کا نون نہیں گرتا۔

گردان نفی جحد بہ لم

		واحد	تثنیہ	جمع
غائب	مذکر	لَمْ یَضْرِبْ	لَمْ یَضْرِبَا	لَمْ یَضْرِبُوْا
	مونث	لَمْ یَضْرِبْ	لَمْ یَضْرِبَا	لَمْ یَضْرِبْنَ
حاضر	مذکر	لَمْ تَضْرِبْ	لَمْ تَضْرِبَا	لَمْ تَضْرِبُوْا
	مونث	لَمْ تَضْرِبِیْ	لَمْ تَضْرِبَا	لَمْ تَضْرِبْنَ
متکلم		لَمْ اَضْرِبْ	لَمْ نَضْرِبْ	لَمْ نَضْرِبْ

سوال: مضارع تاکید نفی بہ حرف لن ناصبہ کی تعریف کریں اور گردان لکھیں۔

جواب: مضارع پر حرف لَنْ داخل کرنے سے تاکید نفی مستقبل کے معنی پیدا ہو جاتے ہیں لَنْ ناصبہ جہاں معنوں میں تبدیلی کرتا ہے وہاں لفظی تبدیلی بھی ہوتی ہے۔ واحد کے صیغوں میں آخری حرف پر زبر دیتا ہے اور سوائے چھٹے اور بارہویں صیغے کے تمام نون اعرابی گر جاتے ہیں۔

مضارع تاکید نفی بہ لن

		واحد	تثنیہ	جمع
غائب	مذکر	لَنْ یَضْرِبَ	لَنْ یَّضْرِبَا	لَنْ یَّضْرِبُوْا
	مونث	لَنْ تَضْرِبَ	لَنْ یَضْرِبَا	لَنْ یَّضْرِبْنَ
حاضر	مذکر	لَنْ تَضْرِبَ	لَنْ تَضْرِبَا	لَنْ تَضْرِبُوْا
	مونث	لَنْ تَضْرِبِیْ	لَنْ تَضْرِبَا	لَنْ تَضْرِبْنَ
متکلم		لَنْ اَضْرِبَ	لَنْ نَضْرِبَ	لَنْ نَضْرِبَ

سوال: فعل امر کی تعریف کریں اور ساتھ ہی گردان بھی لکھیں۔

جواب: فعل امر وہ فعل ہے جس میں حکم پایا جائے فعل امر حاضر مضارع حاضر سے بنایا جاتا ہے۔ مضارع معروف کے واحد مذکر مخاطب کی علامت مضارع ت کو دور کر کے آخری حرف کو جزم دی جاتی ہے اگر مضارع کے آخر میں حرف علت ہو تو وہ گر جاتا ہے جیسے تَدْعُوْ سے اُدْعُ علامت

مضارع دور کرنے کے بعد جو حرف باقی رہ جاتا ہے اگر وہ ساکن ہو تو پہلے الف یعنی ہمزہ وصل زیادہ کر کے الف پر ضمہ لگایا جاتا ہے جب مضارع کا عین کلمہ مضموم ہوگا اور فتحہ یا کسرہ ہونے کی صورت پر الف پر کسرہ لگائیں گے جیسے **تَنْصُرُ** سے **اُنْصُرْ** اور **تَسْمَعُ** سے **اِسْمَعْ** اور **تَضْرِبُ** سے **اِضْرِبْ** فعل امر بن جائے گا۔

گردان فعل امر

جنس		واحد	تثنیہ	جمع
مخاطب	مذکر	اِضْرِبْ	اِضْرِبَا	اِضْرِبُوْا
	مونث	اِضْرِبِیْ	اِضْرِبَا	اِضْرِبْنَ

نوٹ: فعل امر میں حکم پایا جاتا ہے چونکہ حکم صرف حاضر ہی کو دیا جاتا ہے اسی بنا پر فعل امر اور نہی میں صرف چھ صیغے ہوتے ہیں۔

سوال: فعل نہی کی تعریف کریں اور گردان لکھیں۔

جواب: فعل نہی میں کسی کام سے روکا جاتا ہے اور فعل امر کی طرح اس کے بھی چھ صیغے ہوتے ہیں۔

بنانے کا قاعدہ:

مضارع مخاطب معروف کے شروع میں لا زیادہ کر کے آخر کو جزم دی جائے تثنیہ اور جمع کے صیغوں میں نون اعرابی گر جاتا ہے لیکن جمع مونث کا نون باقی رہتا ہے کیونکہ وہ نون ضمیری ہے اگر مضارع کے آخر میں حرف علت ہو تو گر جاتا ہے جیسے **تَدْعُوْ** سے **لَاتَدْعُ**۔

گردان فعل نہی

جنس		واحد	تثنیہ	جمع
مخاطب	مذکر	لَاتَضْرِبْ تو نہ مار	لَاتَضْرِبَا تم دو نہ مارو	لَاتَضْرِبُوْا تم سب نہ مارو
	مونث	لَاتَضْرِبِیْ تو نہ مار	لَاتَضْرِبَا تم دو نہ مارو	لَاتَضْرِبْنَ تم سب نہ مارو

سوال: ثلاثی مجرد اور ثلاثی مزید کی تعریف کریں نیز ثلاثی مجرد کے ابواب درج کریں۔

جواب: عربی گرائمر میں ف، ع، ل کو میزان یعنی ترازو قرار دیا گیا ہے۔ کسی لفظ کو جانچنے کے لیے کہ وہ مجرد (اصلی) ہے یا مزید۔ اسی ترازو پر تولا جاتا ہے اگر کوئی لفظ ف ع ل کے مقابلہ میں پورا اترتا ہے تو وہ مجرد یا اصلی کہلائے گا اور اگر ان حروف کے علاوہ کچھ زائد ہیں تو وہ مزید کہلائے گا جس کلمہ میں تین حرف اصلی ہوں اسے ثلاثی اور جس میں چار ہوں اسے رباعی کہتے ہیں۔

اس لحاظ سے فعل کی چار اقسام ہیں:

1- ثلاثی مجرد جیسے ضَرَبَ بروزن فَعَلَ
2- ثلاثی مجرد مزید فیہ جیسے اَکْرَمَ بروزن اَفْعَلَ
3- رباعی مجرد جیسے دَحْرَجَ بروزن فَعْلَلَ
4- رباعی مزید فیہ جیسے تَدَحْرَجَ بروزن تَفَعْلَلَ

(اس میں ت زیادہ ہے)

ثلاثی مجرد کے چھ ابواب ہیں

1- فَعَلَ یَفْعِلُ ماضی مفتوح العین اور مضارع مکسور العین جیسے ضَرَبَ یَضْرِبُ
2- فَعَلَ یَفْعُلُ ماضی مفتوح العین اور مضارع مضموم العین جیسے نَصَرَ یَنْصُرُ
3- فَعِلَ یَفْعَلُ ماضی مکسور العین مضارع مفتوح العین جیسے سَمِعَ یَسْمَعُ
4- فَعَلَ یَفْعَلُ ماضی اور مضارع دونوں مفتوح العین جیسے فَتَحَ یَفْتَحُ
5- فَعِلَ یَفْعِلُ ماضی اور مضارع دونوں مکسور العین جیسے حَسِبَ یَحْسِبُ
6- فَعُلَ یَفْعُلُ ماضی اور مضارع دونوں مضموم العین جیسے کَرُمَ یَکْرُمُ۔

نوٹ:

i- سَمِعَ یَسْمَعُ باب کا اسم فاعل فَعِیْلٌ کے وزن پر بھی آتا ہے جیسے عَلِیْمٌ، سَمِیْعٌ وغیرہ۔

ii- کَرُمَ یَکْرُمُ باب کا اسم فاعل ہمیشہ فَعِیْلٌ کے وزن پر آتا ہے جیسے کَرِیْمٌ، شَرِیْفٌ اور حَسِیْنٌ وغیرہ۔

iii- آسانی کے لیے ان ابواب کو امثلہ کے نام سے پکارا جاتا ہے مثلاً باب ضَرَبَ یَضْرِبُ باب مَنَعَ یَمْنَعُ وغیرہ۔

سوال: مشہور ابواب ثلاثی مزید کتنے ہیں؟ مع نام تحریر کریں۔

جواب: ثلاثی مزید فیہ کے مشہور ابواب درج ذیل ہیں:

		مصدر	ماضی	مضارع
اِفْعَالٌ	جیسے	اِکْرَمٌ	اَکْرَمَ	یُکْرِمُ
تَفْعِیْلٌ	جیسے	تَصْرِیْفٌ	صَرَّفَ	یُصَرِّفُ
مُفَاعَلَةٌ	جیسے	مُقَابَلَةٌ	قَابَلَ	یُقَابِلُ
تَفَعُّلٌ	جیسے	تَقَبُّلٌ	تَقَبَّلَ	یَتَقَبَّلُ
تَفَاعُلٌ	جیسے	تَقَابُلٌ	تَقَابَلَ	مضارع یَتَقَابَلُ
اِفْتِعَالٌ	جیسے	اِکْتِسَابٌ	اِکْتَسَبَ	یَکْتَسِبُ
اِنْفِعَالٌ	جیسے	اِنْصِرَافٌ	اِنْصَرَفَ	یَنْصَرِفُ
اِسْتِفْعَالٌ	جیسے	اِسْتِغْفَارٌ	اِسْتَغْفَرَ	یَسْتَغْفِرُ

نوٹ: باب مفاعلہ اور تَفَاعُل کی ماضی مجہول کا الف واؤ سے بدل جاتا ہے جیسے قَابَلَ سے قُوْبِلَ اور تَقَابَلَ سے تُقُوْبِلَ۔

سوال: ہفت اقسام کیا ہیں؟ تعریف کریں اور مثالوں سے واضح کریں۔

جواب: ہفت اقسام:

شعر صحیح است و مثال است و مضاعف: لَفِیف و ناقص و مہموز و اجوف۔

1- صحیح:

صحیح وہ کلمہ ہے جس کے حروف اصلی میں ہمزہ، حرف علت اور دو حروف ہم جنس نہ ہوں۔ جیسے ضَرَبَ، دَحْرَجَ، رَجُلٌ، اِجْتَنَبَ وغیرہ۔

2- مہموز:

مہموز وہ کلمہ ہے جس کے حروف اصلی میں ہمزہ ہو۔ جیسے أَمَرَ، سَأَلَ، قَرَأَ وغیرہ۔

3- معتل:

معتل وہ کلمہ ہے جس کے حروف اصلی میں حرف علت (واؤ، یاء) ہو اس کی تین قسمیں ہیں:

1- معتل الفاء: اس کا دوسرا نام مثال ہے جس کا فاء کلمہ حرف علت ہو جیسے وَعَدَ، یُسْرٌ۔

2- معتل العین: اس کا دوسرا نام اجوف ہے جس کا عین کلمہ حرف علت ہو جیسے قَوْلٌ، بَیْعٌ۔

3- معتل اللام: اس کا دوسرا نام ناقص ہے جس کا لام کلمہ حرف علت ہو جیسے دَعْـــوٌ' رَضِیَ وغیرہ۔

4- لفیف:

لفیف جس میں دو حرف علت ہوں۔ اگر دونوں حرف علت میں ایک اور حرف آ گیا ہے تو اسے لفیف مفروق کہتے ہیں جیسے وَلِیٌّ' وحیٌ اور اگر دونوں حرف علت ملے ہوئے ہوں تو اسے لفیف مقرون کہتے ہیں جیسے طَوٰی' یَوْمٌ وغیرہ۔

5- مضاعف:

مضاعف وہ ہے جس میں دو حرف اصلی ایک ہی جنس کے ہوں جیسے مَدٌّ' مَرٌّ وغیرہ۔

6- مثال

اس میں حسب ذیل تغیرات واقع ہوتے ہیں:

1- ثلاثی مجرد کے مکسور العین مضارع سے حرف واؤ گر جاتا ہے۔ جیسے وَعَــدَ کا مضارع یَعِدُ سے جو اصل میں یَوْعِدُ تھا۔ اس کے امر سے بھی واؤ اور الف دونوں گر جاتے ہیں جیسے عِدْ' زِنْ' صِفْ جو اصل میں اِوْعِدْ' اِوْزِنْ اور اِوْصِفْ تھے نیز اس کے مصدر سے واؤ گرا کر آخر میں ۃ لاحق کرنا جائز ہے۔ جیسے وَعْدٌ' وَصْفٌ' وَزْنٌ' وَصْلٌ سے عِدَۃٌ صِفَۃٌ' زِنَۃٌ اور صِلَۃٌ بنا لیتے ہیں۔

2- باب افتعال کے فاء کلمے میں جو واؤ یا یا واقع ہو وہ ت سے بدل کر ت میں ادغام ہو کرتی ہے۔ جیسے اِتَّقَدَ' اتَّعَظَ' اِتَّسَرَ کہ اصل میں اِوْتَقَدَ' اِوْتَعَظَ اور اِیْتَسَرَ تھے۔

3- باب افعال کے مضارع' اسم فاعل اور اسم مفعول کے فاء کلمے کی یاء بسبب واقع ہونے کے بعد ضَمَّہ کے واؤ سے بدل جاتی ہے جیسے یُوسِرُ مُوسَرٌ کہ اصل میں یُیْسِرُ' مُیْسَرٌ اور مُیْسَرٌ تھے۔

4- اِفْعَال اور استفعال کا واو کسرہ کے بعد واقع ہونے کے سبب ی سے بدل جاتا ہے۔ جیسے اِیقَادُ' اِسْتِیقَادُ جو کہ اصل میں اِوْقَادُ اور اِسْتِوْقَادُ تھے۔

7- اجوف

اجوف واوی (باب نَصَرَ یَنْصُرُ ماضی مفتوح العین اور مضارع مضموم العین)

گردان ماضی معروف

	جنس	واحد	تثنیہ	جمع
غائب	مذکر	قَالَ	قَالَا	قَالُوْا
	مونث	قَالَتْ	قَالَتَا	قُلْنَ
مخاطب	مذکر	قُلْتَ	قُلْتُمَا	قُلْتُمْ
	مونث	قُلْتِ	قُلْتُمَا	قُلْتُنَّ
متکلم	مذکر مونث	قُلْتُ	قُلْنَا	قُلْنَا

قَالَ اصل میں قَوَلَ تھا واؤ متحرک ماقبل مفتوح' الف سے بدل گئی۔ قُلْنَ اصل میں قَوَلْنَ تھا واؤ الف ہو کر بسبب اجتماع ساکنین گر گئی اور فاء کلمہ پر ضمہ دیا گیا ایسا ہی قُلْتَ سے قُلْنَا تک۔

گردان ماضی مجہول

	جنس	واحد	تثنیہ	جمع
غائب	مذکر	قِيْلَ	قِيْلَا	قِيْلُوْا
	مونث	قِيْلَتْ	قِيْلَتَا	قُلْنَ
مخاطب	مذکر	قُلْتَ	قُلْتُمَا	قُلْتُمْ
	مونث	قُلْتِ	قُلْتُمَا	قُلْتُنَّ
متکلم	مذکر مونث	قُلْتُ	قُلْنَا	

قِيْلَ اصل میں قُوِلَ تھا۔ کسرہ واوی سے بدل گئی۔ قُلْنَ اصل میں قُوِلْنَ تھا واؤ گر گئی ایسا ہی اخیر تک۔

گردان مضارع معروف

	جنس	واحد	تثنیہ	جمع
غائب	مذکر	یَقُوْلُ	یَقُوْلَانِ	یَقُوْلُوْنَ
	مونث	تَقُوْلُ	تَقُوْلَانِ	یَقُلْنَ
مخاطب	مذکر	تَقُوْلُ	تَقُوْلَانِ	تَقُوْلُوْنَ
	مونث	تَقُوْلِیْنَ	تَقُوْلَانِ	تَقُلْنَ
متکلم	مذکر مونث	اَقُوْلُ	نَقُوْلُ	

یَقُوْلُ اصل میں یَقْوُلُ تھا۔ واؤ کا ضمہ ماقبل کو دیا گیا۔

یَقُلْنَ اصل میں یَقْوُلْنَ تھا۔ واؤ کا ضمہ ماقبل کو دیا اور واؤ گر گئی ایسا ہی تَقُلْنَ ہے۔

گردان مضارع مجہول

	جنس	واحد	تثنیہ	جمع
غائب	مذکر	یُقَالُ	یُقَالَانِ	یُقَالُوْنَ
	مونث	تُقَالُ	تُقَالَانِ	یُقَلْنَ
مخاطب	مذکر	تُقَالُ	تُقَالَانِ	تُقَالُوْنَ
	مونث	تُقَالِیْنَ	تُقَالَانِ	تُقَلْنَ
متکلم	مذکر مونث	اُقَالُ	نُقَالُ	

یُقَالُ اصل میں یُقْوَلُ تھا۔ واؤ کا فتحہ ماقبل کو دیا اور واؤ الف سے بدل گئی۔

یُقَلْنَ اصل میں یُقْوَلْنَ تھا۔ فتحہ واؤ سے ماقبل کو ملا اور واؤ اجتماع ساکنین کے باعث جو باعث ثقل ہے گر گئی۔

گردان امر حاضر

	جنس	واحد	تثنیہ	جمع
مخاطب	مذکر	قُلْ	قُوْلَا	قُوْلُوْا
	مونث	قُوْلِیْ	قُوْلَا	قُلْنَ

قُلْ دراصل اُقْوُلْ تھا۔ واؤ کا ضمہ ماقبل پر آیا اور واؤ بسبب اجتماع ساکنین کے گر گئی اور پھر بسبب متحرک ہونے فاکلمہ یعنی قاف کے ہمزہ وصل کی بھی ضرورت نہ رہی قُلْ ہو گیا۔

قُـوْلَا اصل میں اُقْـوُلَا تھا۔ واؤ کا ضمہ ماقبل پر آیا اور پھر بسبب متحرک ہونے فاکلمہ کے ہمزہ وصل کی ضرورت نہ رہی۔ قُوْلَا ہو گیا۔ اس طرح قُوْلُوْا قُوْلِیْ اور قُوْلَا بن گئے۔

گردان اسم فاعل

قَائِلٌ اصل میں قَاوِلٌ تھا۔ واؤ الف فاعل ہونے کے باعث ہمزہ سے بدل گئی۔ ایسا ہی اگلے صیغوں پر عمل کیا گیا۔

گردان اسم مفعول

جنس	واحد	تثنیہ	جمع
مذکر	مَقُوْلٌ	مَقُوْلَانِ	مَقُوْلُوْنَ
مونث	مَقُوْلَةٌ	مَقُوْلَتَانِ	مَقُوْلَاتٌ

مَقُوْلٌ اصل میں مَقْوُوْلٌ تھا۔ واؤ کا ضمہ ماقبل پر آیا اور واؤ بسبب اجتماع ساکنین گر گئی مَقُوْلٌ ہو گیا۔

اجوف واوی (باب سَمِعَ يَسْمَعُ)

گردان ماضی معروف

	جنس	واحد	تثنیہ	جمع
غائب	مذکر	خَافَ	خَافَا	خَافُوْا
	مونث	خَافَتْ	خَافَتَا	خِفْنَ

مخاطب	مذکر	خِفْتَ	خِفْتُمَا	خِفْتُمْ
	مونث	خِفْتِ	خِفْتُمَا	خِفْتُنَّ.
متکلم	مذکر مونث	خِفْتُ	خِفْنَا	

خَافَ اصل میں خَوِفَ تھا۔ واؤ متحرک ماقبل مفتوح الف سے بدل گئی۔

خِفْنَ دراصل خَوِفْنَ تھا۔ واؤ کا کسرہ ماقبل پر آیا اور واؤ بسبب اجتماع ساکنین گر گئی خِفْنَ ہوگیا۔

گردان ماضی مجہول

	جنس	واحد	تثنیہ	جمع
غائب	مذکر	خِيْفَ	خِيْفَا	خِيْفُوْا
	مونث	خِيْفَتْ	خِيْفَتَا	خِفْنَ
مخاطب	مذکر	خِفْتَ	خِفْتُمَا	خِفْتُمْ
	مونث	خِفْتِ	خِفْتُمَا	خِفْتُنَّ
متکلم	مذکر مونث	خِفْتُ	خِفْنَا	

خِيْفَ دراصل خُوِفَ تھا۔ واؤ کا کسرہ اس کے ماقبل پر آیا اور واؤ ی سے بدل گئی۔

خِفْنَ دراصل خُوِفْنَ تھا۔ واؤ کا کسرہ ماقبل کو ملا اور واؤ بسبب اجتماع ساکنین گر گئی۔ خِفْنَ بن گیا۔

گردان مضارع معروف

	جنس	واحد	تثنیہ	جمع
غائب	مذکر	يَخَافُ	يَخَافَانِ	يَخَافُوْنَ
	مونث	تَخَافُ	تَخَافَانِ	يَخَفْنَ
مخاطب	مذکر	تَخَافُ	تَخَافَانِ	تَخَافُوْنَ
	مونث	تَخَافِيْنَ	تَخَافَانِ	تَخَفْنَ

متکلم	مذکر	اَخَافُ	نَخَافُ
	مونث		

يَخَافُ دراصل يَخْوَفُ تھا واؤ کا فتحہ ماقبل کو دیا گیا اور واؤ الف سے بدل گئی۔

يَخَفْنَ اصل میں يَخْوَفْنَ تھا۔ واؤ کی حرکت اس کے ماقبل کو دینے کے بعد واؤ الف ہو کر گر گئی۔

نوٹ: مضارع مجہول کی گردان مضارع معروف کی طرح ہے صرف حرف اتین پر ضمہ آئے گا جیسے يُخَافُ، يُخَافَانِ وغیرہ۔

گردان امر حاضر

جنس	واحد	تثنیہ	جمع
مذکر	خَفْ	خَافَا	خَافُوْا
مونث	خَافِیْ	خَافَا	خَفْنَ

خَفْ دراصل اِخْوَفْ تھا۔ واؤ کا فتحہ ماقبل کو دیا اور واؤ الف ہو کر اجتماع ساکنین کے باعث گر گئی اور اِخَفْ ہوا پھر ہمزہ وصل کی بھی ضرورت نہ رہی کیونکہ فاء کلمہ متحرک ہے وہ گر گیا خَفْ رہ گیا۔

اجوف یائی

ماضی معروف:

اس کی گردان بعینہٖ خَافَ کی گردان کی طرح ہوتی ہے جیسے بَاعَ بَاعَا بَاعُوْا وغیرہ۔

تعلیل:

بَاعَ دراصل بَيَعَ تھا۔ یاء متحرک ماقبل مفتوح الف سے بدل گئی۔

بِعْنَ دراصل بَيَعْنَ تھا۔ یاء الف سے بدل کر گر گئی اور ب کو کسرہ دیا گیا بِعْنَ ہو گیا۔
اسی طرح بِعْتُ سے بِعْنَا تک ہوگا۔

ماضی مجہول:

خِيْفَ کی گردان کی طرح بِيْعَ کی گردان ہے۔

تعلیل:

بِيْعَ اصل میں بُيِعَ تھا۔ یاء کا کسرہ فاء کلمے پر بجائے ضمہ کے آیا بِيْعَ ہو گیا۔

بِعْنَ دراصل بُیِعْنَ تھا۔ یاء گرگئی اور فاء کلمے کو اس کا کسرہ دیا گیا۔

گردان مضارع معروف

	جنس	واحد	تثنیہ	جمع
غائب	مذکر	یَبِیْعُ	یَبِیْعَانِ	یَبِیْعُوْنَ
	مونث	تَبِیْعُ	تَبِیْعَانِ	یَبِعْنَ
مخاطب	مذکر	تَبِیْعُ	تَبِیْعَانِ	تَبِیْعُوْنَ
	مونث	تَبِیْعِیْنَ	تَبِیْعَانِ	تَبِعْنَ
متکلم	مذکر مونث	اَبِیْعُ	نَبِیْعُ	

تعلیل:

یَبِیْعُ اصل میں یَبْیِعُ کسرہ یاء سے نقل ہو کر حرف ماقبل پر آیا۔

یَبِعْنَ دراصل یَبْیِعْنَ تھا۔ کسرہ یاء سے نقل ہو کر ماقبل پر آیا اور یاء حذف ہوئی۔

گردان مضارع مجہول

	جنس	واحد	تثنیہ	جمع
غائب	مذکر	یُبَاعُ	یُبَاعَانِ	یُبَاعُوْنَ
	مونث	تُبَاعُ	تُبَاعَانِ	یُبَعْنَ
مخاطب	مذکر	تُبَاعُ	تُبَاعَانِ	تُبَاعُوْنَ
	مونث	تُبَاعِیْنَ	تُبَاعَانِ	تُبَعْنَ
متکلم	مذکر مونث	اُبَاعُ	نُبَاعُ	

تعلیل:

یُبَاعُ اصل میں یُبْیَعُ تھا۔ یاء کا فتحہ ماقبل کو ملا اور یاء الف سے بدل گئی۔

یُبَعْنَ اصل میں یُبْیَعْنَ تھا۔ فتحہ یاء ماقبل پر آیا اور یاء گر گئی۔

گردان امر حاضر

جمع	تثنیہ	واحد	جنس
بِيْعُوْا	بِيْعَا	بِعْ	مذکر
